exponovels

اے جامِ عشق صدقے تیری تاثیر کے

ابریش نور

ڈریس چینج کر کے باہر آئی۔

بے ساختہ سب نے ماشااللہ کہا۔

بلڈ ریڈ سکن کلر کا لہنگا پہنے وہ بنا کسی میک اپ کے ہی اتنی پیاری لگ رہی تھی۔

"آج تو میر بھائی کی خیر نہیں"

۔زویا جو کہ دونوں کی کزن تھی اس نے بے ساختہ کہا تھا

۔اس کا دل اس کے نام پر بے ساختہ سکڑ کر پھیلا تھا۔

وہ زویا کے ساتھ پالر آئی ہوئی تھی اس نے نیچرل میک اپ کروایا تھا۔

ہلکی سی جیولری پہنی تھی۔

وہ کنفیوژ سی زویا کے ساتھ چل رہی تھی۔

نکاح کا ارینج منٹ لان میں ہی کیا گیا تھا

نکاح کے بعد زویا اسکو تھامے سٹیج کی طرف بڑھ رہی تھی

"آج اپنی خیر منالو۔میر بھائی نے ابھی رخصتی کروالینی ہے"

زویا نے سرگوشی کی

اس نے گھبرا کر اسکی طرف دیکھا تھا۔

اس کو میر کے پہلو میں لا کر بٹھایا گیا۔

وہ سفید شلوار قمیض پہنے شاندار لگ رہا تھا۔وہ بہت پر سکون لگ رہا تھا۔

exponovels

پر اس کی آنکھیں عجیب سا تاثر دے رہی تھی میر نے اک بار بھی نظر اٹھا کر اسکی طرف نہیں دیکھا تھا۔

سارا ٹائم وہ فون پر ہی مصروف رہا۔

سب ان کی جوڑی کو سراہ رہے تھے۔

کچھ دیر کے بعد اسکو اٹھا کر اندر لے گے۔

مما اور پاپا اک ساتھ کمرے میں آے تھے۔

بیٹا ہم پر بھروسہ ہے نہ؟" پاپا نے اسے ساتھ لگاے پوچھا تھا۔"

اس نے انکی طرف دیکھا۔"بیٹا ہم جو بھی کرے گے تمہارے لیے بہتر ہی کرے گے"۔

ک۔۔۔کیا۔۔۔؟"اس نے اٹکتے پوچھا۔"

بیٹا ہم آپ کو میر کے ساتھ ابھی رخصت کر رہے ہیں وہ فق چہرا لیے ان سے دو قدم پیچھے ہوئی"۔گردن نہ میں ہلا رہی" تھی۔

عریشے بیٹا یہ ہی وقت کا تقاضہ ہے۔ہم نے تمہاری رخصتی طے کی ہے۔لیکن تم کو بتاے بنا۔جیسے حالات تھے۔ان کو"

"مدِ نظر رکھتے ہوے ہمیں یہ قدم اٹھانا پڑا

مما نے نم آواز میں کہا۔

ن۔نن۔۔۔نہیں۔۔۔۔آپ۔۔میرے ساتھ۔۔۔ایسے کیسے کر سکتے ہیں۔۔۔۔یہ چیٹنگ ہے۔۔۔۔اس نے"

"روتے ہوے کہا تھا۔۔۔۔

وہ دونوں اس کو سمجھا رہے تھے

وہ سر جھکاے آنسو بہہ رہی تھی

رحصت ہوتے وقت وہ دھاڑیں مار مار کر روی تھی۔

دونوں کا ویلکم شاندار طریقے سے کیا گیا۔

کچھ رسموں کے بعد اسے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔

باقی سب بھی باہر نکل گے۔

exponovels

مہمانوں سے فارغ ہو کر کمرے میں آیا۔

نائٹ لائٹ آن تھی۔ کمرے کا خواب ناک ماحول اور سامنے وہ پور پور سجی ہوش و خرد سے بے گانہ سوئی اس کے صبر کو آزمار ہی تھی۔

اس پر جھکا اس کی پیشانی جومی تیزی سے دور ہٹا۔

فریش ہونے چلا گیا۔

فریش ہونے کے بعد آرام دہ لباس میں ملبوس جا کر صوفے پر بیٹھ گیا۔

عریشے کی آنکھ کھلی تو وہ اٹھ کر بیٹھ گی۔ اٹھنے سے اسکی چوڑیوں نے شور مچایا۔ میر جو آنکھیں موند چکا تھا۔ اس نے بھی آنکھیں کھول کر بیڈ کی طرف دیکھا۔ عریشہ کو کچھ دیر لگی تھی ماحول سے مانوس ہوتے یک دم بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

میر آرام سے بیٹھا رہا۔ ٹیبل سے سیگرٹ اٹھا کر سلگا کر اک کش لگایا

اس کا پر سکون انداز عریشہ کو آگ ہی تو لگا گیا تھا۔

کسی کی زندگی میں زہر گھول کر کوئی اتنا پر سکون کیسے ہو سکتا ہے؟" وہ پھنکاری تھی۔"

میر اٹھ کر اسکی طرف بڑھا۔ سرخ آنکھیں لیے اس کا ہاتھ اٹھ تھا

کمرے میں چٹاخ کی آواز گھونجی۔ وہ منہ پر ہاتھ رکھے ششدر رہ گی۔

اک طیش سے اس کا بازو دبوچا تھا۔ اسنے اس سے دور ہونے کی کوشش کی۔

لیکن کامیاب نہیں ہو سکی تھی۔

اس کی گرفت ہمیشہ کی طرح بہت مضبوط تھی۔

اس کا لمس اتنے سال بعد بھی اسکو بھولا نہیں تھی۔

چھچھ۔۔۔ چھوڑے مجھے"۔ وہ روتے ہوے چلائی تھی"

اس کے آنسو دیکھ کر وہ نرم پڑا تھا

میر نے اسکے سرخ رخسار پر پر لب رکھے تھے

exponovels

اس کو لگا کسی انگارے نے اس کو چھو لیا ہو۔

اپنی اوقات میں رہے"۔وہ اسکی گستاخی پر چلائی تھی۔"

جبکہ چہرا سرخ ہو گیا تھا۔

اگر میں اپنی اوقات دکھانے پر آگیا تو تم سہہ نہیں پاو گی"۔"

اس نے شریر مسکراہٹ لیے کہا تھا۔

اس نے بھیگی خمدار پلکیں اٹھا کر میر کی طرف دیکھا تھا۔

اس کے جزبات لوٹاتی آنکھوں میں وہ زیادہ دیر تک دیکھ نہیں پائی تھی۔

اگر اجازت ہو تو ابھی سے شروعات کروں۔اس نے اسکی طرف جھکتے کہا تھا۔

اس کے ایسے دیکھنے سے اسے کیا کچھ نہیں یاد آیا تھا۔

وہ اسکی دیوانگی سے بہت حد تک واقف تھی۔اس نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔

یک دم اس کا وجود ٹھنڈا پر گیا

وہ لڑکھڑا کر اس کے سینے سے جا لگی۔

اس نے آرام سے اسے بیڈ پر لٹایا۔

سٹڈی روم سے میڈیسن بکس لے کر آیا۔

اس کا بی پی چیک کیا جو کہ کافی حد تک ڈاون ہو چکا تھا۔

اس نے انجکشن لگایا۔

جیولری آہستہ آہستہ کر کے ساری نکال دی۔ صبح اسکی آنکھ کھلی تو میر فریش ہو کر نکل رہا تھا

بلیک سوٹ پہن رکھا تھا

بالوں میں تولیہ رگڑ رہا تھا۔

اس کی نظر بیڈ سائیڈ پر پڑی تو جیولری بکھری نظر آئی۔

خود پر نظر پڑتے ہی بجلی کی سی تیزی سے بیڈ سے نیچے اتری۔

exponovels

میر اسکو ایسے دیکھ کر اس کی طرف بڑھا۔

آ۔۔۔۔۔آپ۔۔۔۔۔نے۔۔۔میرے ساتھ ک۔۔۔ک۔۔۔۔کیا۔۔۔۔۔ہے"۔"

اس نے بہتے اشکوں کے ساتھ پوچھا۔

میر نے نا سمجھی سے اس کی طرف دیکھا۔

میری۔۔۔۔۔مرضی۔۔۔۔۔کے بنا آپ۔۔۔۔۔نے میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔"اتنا بول کر وہ سسک پڑی تھی۔۔۔۔۔

دیکھو میری بات سنو۔جیسا تم سمجھ رہی ہو ویسا کچھ نہیں ہے"۔"

اس نے اسکا بازو پکڑ کر کہا تھا۔

ہاتھ مت لگائیں۔مجھے۔۔۔۔۔نفرت ہو رہی ہے۔آپ جھوٹ۔۔۔۔۔بول رہے ہیں۔۔۔۔میری خوشی"
"۔۔۔۔میری رضامندی کچھ معانی نہیں رکھتی۔۔۔آپ ہوس کے پوجاری ہی نکلے۔۔۔۔

اس نے ہاتھ جھٹکتے کہا۔

"انف"

وہ چلایا تھا۔

ہاں کی ہے میں نے اپنی مرضی۔جاو جو کر سکتی ہو کر لو"۔"

اس کا فون بجا تھا۔

وہ اسے گھورتا ہوا فون کی طرف آیا۔

سلام کا جواب دینے کے بعد اس نے اگلے کی بات سنی۔

او کے میں جلدی پہنچتا ہوں"۔"

اتنا کہہ کر اس نے کال ڈسکنگٹ کی۔

اس کی طرف دیکھا جو آنسو بہاتے لب کاٹ رہی تھی۔

وہ الماری کی طرف گیا۔

exponovels

ادھر سے ایک ڈریس نکال کر اسکو تھمایا۔

جا کر فریش ہو جاو"۔"

وہ ڈریس پکڑتی چلی گی۔

کچھ دیر کے بعد فریش ہو کر باہر آئی۔

بھیگی کالی زلفیں دیکھ کر اس کی ڈھرکن تھمی تھی۔

وہ اس سے پہلے کہ بے خود ہوتا خود کو ڈپٹتے ہوے الماری کی طرف آیا

اس نے دو کیس الماری سے نکال کر سامنے پھینکنے کے انداز میں رکھے۔

یہ اٹھاو۔اور پہن لو۔اس نے ادھر سے ہٹنا چاہا۔اس نے بازو سے دبوچا۔تو وہ دل و جان سے کانپ اٹھی۔اس نے کانپتے ہاتھ ڈبوں کی طرف بڑھاے

اک میں ڈائمنڈ سیٹ تھا۔اور اک میں کنگن تھے۔

اس نے آنکھیں بند کی تو کچھ عرصے پہلے کا واقع آنکھوں کے سامنے آیا۔کوئی نرمی سے اسکی گلائی تھامے اس پر جگمگ کرتا بریسلیٹ پہنا رہا تھا۔اور اسکے الفاظ کانوں میں گونجے۔

میری زندگی میں آنے کا شکریہ اس نے جزبات سے پور لہجے میں کہا"۔"

اس کا دل ڈوب کر ابھرا تھا۔

اس نے آنکھیں کھولی تو وہ اسے گھور رہا تھا اس نے کانپتے ہاتھوں سے کنگن پہنے۔پھر اس نے آنکھوں کے اشارے سے اس کو سیٹ پہنے کا بولا جو وہ بناچوں چرا کیے پہننے لگی

دروازے پر دستک ہوئی تو وہ اسکو چھوڑتا دروازے کی طرف آیا۔

کزنز کا سیلاب اسکے کچھ بولنے سے پہلے اندر آیا تھا۔

وہ بلیک ڈریس پہنے اوپر واسکٹ پہنے کہیں جانے کی تیاری میں لگ رہا تھا۔

exponovels

بی جان نے اس کا ماتھا چوما۔

کہاں کی تیاری ہے؟"۔بی جان نے دریافت کیا۔"

اک ایمرجنسی کیس آگیا ہے میں جلدی آنے کی کوشش کروں گا"۔"

بی جان کو کہتے اس نے سامنے نظر ڈالی۔

تو وہ کسی بات پر سرخ چہرا لیے نظریں جھکائے شرما رہی تھی۔

اس نے بھی نظریں اٹھا کر سامنے دیکھا۔

دونوں کی نظریں ملی تھیں عریشہ کا دل تیزی سے ڈھڑکا تھا۔

وہ تیزی سے نظریں جھکا گی۔

میر سر جھٹکتا چلا گیا۔

بی جان آگے آئیں اسے ساتھ لگائے اس کی پیشانی چومی۔

وہ شرما گی۔

بی جان باہر نکل گی۔

سب لڑکیوں نے اسے پکڑ کر گھیر لیا اس سے گفٹ کا پوچھا۔

گفٹ دیکھ کر سب کی نظروں میں ستائش اتری۔

اسے اچھا سا تیار کیا۔

جب اسکی کزنز اسے ساتھ لے کر باہر آئیں اسکے پاپا اور کزنز اسی کا انتظار کر رہے تھے۔

وہ جھجھکتے ہوے لاونج میں داخل ہوئی۔سب سے ملنے کے بعد پاپا سے ملی۔

وہ شدت سے رودی تھی۔

انہوں نے بہت مشکل سے چپ کروایا۔

کسی نے اسکا ڈوبٹہ کھینچا تو اس نے چونک کر پیچھے دیکھا۔

میری مارننگ کو گڈ نہیں کرے گی؟"۔"

exponovels

تین سال کی بچی نے پھولے گالوں کے ساتھ کہا تھا۔

وہ اس کے سامنے گھٹنے کے بل بیٹھی۔

اس کو خود میں سمالیا۔

پھر اس کے پھولے گالوں پر بوسہ دیا۔

یہ منظر میر نے دیکھا۔

وہ جو دم بخود اسے دیکھ رہا تھا۔

میر کے بھائی نے اس کو کہنی ماری وہ حال میں آیا۔

صبر رکھے اس نے سرگوشی کی"۔"

میر نے دانت پیستے بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔

میر سب سے ملتابی جان کے پاس جگہ نظر آنے پر اس طرف بڑھا

اس سے پہلے کہ بیٹھتا۔برہان نے سیٹ سنبھال لی۔

سب کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ جا کر اس کے پہلو میں بیٹھا عریشہ نے آنکھیں زور سے میچیں۔

ریلیکس میں سب کے سامنے نہیں کھاوں گا۔"

ہاں اکیلے میں موقع ملے تو سوچا جا سکتا ہے"۔اس کی سرگوشی سے اسکا دل ڈوب کر ابھرا تھا۔

اتنے میں سب کزنز نے مل کر ناشتہ لگا دیا۔خوشگوار ماحول میں کھانا کھایا گیا۔

برہان خاموش تھا یعنی اسکے دماغ میں کچھ چل رہا تھا۔

اس کی فیملی واپس جا چکی تھی۔

بڑے بھی اپنے اپنے روم میں جا چکے تھے

میر اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔

اس سے پہلے کے اس کی سوچ تک پہنچتا۔

exponovels

بی جان نے ان دونوں کو اپنے کمرے میں بلایا تھا۔

وہ دونوں اک ساتھ کھڑے ہوے تھے۔

بھابھی چھپکلیییییی""""۔۔۔۔۔برہان زور سے چلایا۔"

وہ چہنختی ہوئی میر کے ساتھ جا لگی۔

سب کا قہقہ ابل پڑا۔

ریلکس کچھ بھی نہیں ہے وہ کانپ رہی تھی"۔میر نے اسے تسلی دیتے سائیڈ پر کیا۔"

وہ کچھ زیادہ ہی ڈر گی تھی۔

زوبار یہ بھابھی جس کو سب زویا ہی کہتے تھے

جا کر پانی لے آئی۔

اس نے پانی کا گلاس واپس بھابھی کو پکڑایا۔اس سے پوچھا تم ٹھیک ہو اس نے نظریں جھکاے سر ہلایا۔

اتنے بڑے انسان کی بیوی ہو کر اتنا ڈرا چھا نہیں۔۔۔۔۔۔۔"برہان کی بات ابھی منہ میں ہی رہ گی تھی۔"

میر نے اسے دبوچ لیا۔۔۔۔۔۔سب کو پھر سے ہنسنے کا دوڑا پڑ گیا۔

چھوڑ دے یار میں سوری کر لیتا ہوں"۔"

سب کے سامنے درگت بننے کا سوچ کر اس نے ہتھیار ڈال دیے۔

وہ مسکین سی شکل بنا کر اس تک گیا۔

سوری بھابھی۔۔۔۔۔میں تو آپکو تیار کر رہا تھا کہ آپ اپنے جلاد شوہر کو کیسے پرداشت کرنا ہے"۔"

اس نے بھاگتے کہا تھا

وہ سب جو کچھ دیر پہلے سیریس ہوے تھے ان سے ہنسی روکنا محال ہو گیا تھا۔

وہ سرخ چہرا لیے نظریں جھکا گی تھی۔

میر تم اسے کمرے میں لے جاو۔"

بتمیزوں کا ٹولہ اکھٹے ہوا ہے۔

exponovels

میں بی جان کو بول دیتی ہوں کہ تم بعد میں آو گے "۔"

میر اسے ساتھ لیے کمرے کی جانب آیا۔

لیٹ جاو آرام کرو"۔"

وہ اس تھامے بیڈ کے پاس آیا۔

اس کا کیئرنگ انداز اس پر ماضی کی تلخ یادوں کا در وا کر گیا۔

یہاں پر کوئی نہیں ہے میری سامنے محبت کا ڈھونگ مت کریں"۔"

یہ کہتے ساتھ ہی آنسو لڑیوں کی صورت میں بہہ نکلے تھے۔

میر کا چہرا سرخی چھلکانے لگا تھا۔

وہ خود کو کمپوز کرتا آگے بڑھنے لگا۔وہ بازو تھامتی ضبط کھو بیٹھی

تھی۔"آپ۔۔۔۔۔۔۔پھر۔۔۔۔۔۔۔سے کیوں۔۔۔۔۔۔آگے۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے وہ سب۔۔۔۔یاد

کروانے۔۔۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔نے۔۔۔بہت مشکل سے خود کو جوڑا تھا جینے۔۔۔۔۔۔کے قابل کیا

"۔۔۔۔۔تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کے ساتھ لگی۔۔۔۔اس سے ہی اس کی شکایتیں لگا رہی تھی

میر چاہ رہا تھا وہ خود چپ کر جاے۔پر اس کا ایسا کوئی ارادہ نہیں لگ رہا تھا میر نے دھیرے سے پیچھے گیا۔اس کی پھیگی

پلکوں کی جھلمن میر کو اپنی طرف مائل کر رہی تھی

اس کی آنکھوں پر لب رکھے۔

پھر اس کے کانپتے یاقوتی لبوں کو قید کیا۔

وہ ساکت ہو گی۔

جب اس کا سانس بند ہونے لگا اس نے میر کو پیچھے دھکیلا۔

سرخ چہرا لیے کمبل میں گھس گی۔

exponovels

اس کی جان تو تب نکلی جب دوسری سائیڈ سے وہ بیڈ پر آ کر لیٹا اور کمبل کھینچا۔

کمبل کو مضبوطی سے پکڑنے کی وجہ سے وہ بھی اس کے پاس کھینچی چلی آئی اس سے پہلے وہ باہر نکلتی میر نے ہاتھ بڑھا کر اسکو اٹھنے سے روکا۔

اس کی سانس مدھم ہوئی تھی۔

وہ کسمسائی۔

لیٹ جاو چپ چاپ"۔اس نے سرد آواز میں کہا تھا۔"

وہ بنا کچھ کہے انکھیں بند کر گی۔

رات کو ریسپشن تھا۔

میر سو گیا تھا

پر وہ جاگ رہی تھی

میر کے ہلکے ہلکے ہر اٹے کمرے میں گونج رہے تھے۔

اس نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔

بکھرے بال روشن پیشانی کھڑی ناک۔شہزادوں کی سی آن بان والا۔اسکا دل ڈھڑکا گیا۔

اسکا فون بجا تو عریشے نے جھٹ سے آنکھیں بند کر لی۔

اس نے بند آنکھوں سے ہی ہاتھ بڑھا کر سیل فون اٹھایا کال پک کرتے سلام کیا۔

"بھئی بڑے بے وفا نکلے۔ہم بھی پڑے ہے راہوں میں"۔

اس نے کال کاٹی۔

اس کا سر آرام سے تکیہ پر رکھا۔

اس کے گال کے ساتھ گال رگڑا۔

اس کو جان نکلتی محسوس ہوئی۔

تیزی سے ڈریسنگ روم کی طرف بڑھا۔

exponovels

کچھ دیر کے بعد کمرے سے باہر آیا۔

اسے آتا دیکھ کر

"ہائے مجھے سنبھالے کوئی۔۔۔۔"برہان نے منسخرے پن سے کہا۔

ؓمیر نے گردن دبوچ لی۔

"آو میں ہی سنبھال لیتا ہوں۔۔۔۔"

سب ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو گے۔

"چھوڑ دو۔ نہیں تو ریشپشن کی جگہ میری دیگیں پکانی پڑ جانی ہے"۔

میر نے چھوڑا تو وہ کھانستے دور ہوا۔

بڑے پیمانے پر لوگ جمع تھے ملک بھر کے نامور لوگ شامل ہوے تھے

زویا اور اس کی کزن اسکو لے کر پالر آ گی۔

"بھابھی کوئی پارٹی ہے؟"

اس نے بھابھی سے پوچھا۔

بھابھی مسکرا دی۔

تینوں تیار ہوئیں تو بھابھی کا بھائی لینے آ گیا۔

گاڑی میں انکی باتوں سے پتا چلا کہ ان کا ریشپشن ہے۔

اس کا رنگ فق ہوا۔

اس نے کانپتے ہاتھوں سے نمبر ملایا۔

اک نہیں بہت بار ملایا لیکن کال پک نہیں ہو رہی تھی۔

وہ ابھی اس سب کے لیے تیار نہیں تھی۔

ہجوم سے اس کا دل گھبراتا تھا۔

اس نے میسجز بھی کیے۔

exponovels

جواب نادر تھا۔

ادھر جا کر اتری

تو وہ سامنے کھڑا دکھائی دیا۔

بلیک کلر کا تھری پیس پہنے ہلکی ہلکی بڑھی شیو بالوں کو سلیقے سے سیٹ کیے ہاتھ میں برائنڈڈ گھڑی پہنے کسی سے محو گفتگو تھا

گولڈن کلر کی میکسی پہنے ہوے تھی

جو اس کے پیروں کو چھو رہی تھی

لائٹ میک اپ کیے۔بالوں کا جوڑا بنائے میچنگ جیولری پہنے ماتھے پہ بندیاں ناک میں نتھ ڈالے وہ قیامت ڈھا رہی تھی۔

اوپر سے سوگوار حسن میر تو دیکھتا ہی رہ گیا۔

میر کو برہان پکڑے اس تک لایا۔

اور اسکا فون بھی برہان نے اسے پکڑایا

عریشہ نے آنسو بھری آنکھوں سے اک لمحے کے لیے اس کی طرف دیکھا۔

میر نے سمجھا وہ کنفیوز ہے

میر نے اسے تھام لیا۔

میر اسے لیے آگے بڑھا

تو سب نے اپنے کیمروں کے رخ اس طرف کیے۔

وہ میر کے پیچھے ہو گی میر نے رک کر اسے دیکھا۔

اس نے گردن نہ میں ہلائی۔

میر نے سب فوٹو گرافرس کو ہٹا دیا۔

اسکو تھامے سٹیج تک لے گیا۔

exponovels

جوس کا گلاس پکڑ کر اسکے لبوں سے لگایا۔

وہ اپنے گھر والوں سے ملی

پر سارا ٹائم وہ ان ایزی ہی رہی۔

فوٹو شوٹ کے وقت بھی میر اس کی حالت کو دیکھتے چند پکس ہی بنوائی

اور اس کو گھر لے آیا۔

اس کے گھر والے بھی ساتھ آے تھے

تا کہ اس کو رسم کے لیے لے کر جاے۔

میر اسے لیے کمرے میں آیا۔

"طبیعت ٹھیک ہے؟"

میر نے اس کو سامنے کھڑا کرتے کہا تھا

وہ خاموش ہی رہی۔

میر نے اسکی کمر کے گرد بازو حمائل کرتے اسے پاس کیا

اسکا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔

"چ۔۔۔۔ چھو۔۔۔۔ چھوڑے مجھے۔۔۔"اس نے خفگی سے کہا.

ناراض کیوں ہو رہی ہو؟

میر نے جلانے کے لیے مسکراہٹ اچھالتے ہوے پوچھا۔

”آج ہمارا ریشپشن تھا آپ نے پوچھنا تو کیا بتانا بھی گوارا نہیں کیا؟“

عریشہ نے نظریں جھکاے کہا۔

”میں نے کتنی کالز کی۔ مسیجز کیے پر جواب ہی نہیں دیا۔آپ کے نزدیک میری اہمیت یہ ہی ہے؟“

میر نے اسکی تھوڑی اٹھا کر چہرا اوپر کیا۔وہ پورپور سجی سنوری دل کی دنیا ہلا رہی تھی

exponovels

اس کا دل جیسے سینہ توڑ کر باہر نکلنے کو تھا۔اس نے اک پل کے لیے نظریں اٹھایں تھیں
اس کی سیاہ آنکھوں کی کشش نے اسے نظریں جھکانے پر مجبور کر دیا تھا۔

میر نے اس کے کانپتے ہونٹوں پر اپنے انگوٹھا پھیرا
وہ ششدر رہ گی تھی۔
اچھا تو اہمیت جاننا چاہتی ہو؟"۔اسنے سوال کیا۔"
ن۔نن۔میں۔۔۔۔وہ۔۔۔"اس نے اٹکتے کہا"
میر نے کھینچ کر پاس کیا
وہ اسکیطرف جھکا
اس نے ڈر کر میر کی ہی شرٹ مٹھیوں میں بھینچ لی
چہرا سرخ ہو چکا تھا۔

آنکھیں جھکاے کانپ رہی تھی۔
میر کی نظر کالر بون پر بنے تل پر پڑی تھی۔
اس نے ادھر لب رکھے
تو اس کی ٹانگیں لرزنے لگی۔
میر نے اسے مضبوطی سے پکڑ نہ رکھا ہوتا تو وہ کب سے زمین بوس ہو چکی ہوتی۔
اس کی دیوانگی دیکھ کر اس کی سانس بند ہو رہی تھی۔
اس نے مزاحمت کی تو اسے بھی اس پر ترس آگیا۔
خود پر کنٹرول کرتا اس کے ڈوبٹے کی پنیں نکالنے لگا۔
عریشہ نے ہمت کر کے دونوں ہاتھوں سے اس دبایا۔

exponovels

وہ بھاگی تو میر نے تیزی سے ڈریسنگ روم کے سامنے اسے جا پکڑا۔

عریشہ نے بے بسی سے آنکھیں بند کی

بہت سے حساب ابھی رہتے ہے۔تم آج کہیں نہیں جا رہی "۔"

وہ تحکم سے پر لہجے میں کہہ رہا تھا

چینج کر کے نیچے آ جاو۔ "

رات کو تم کو تمہاری اہمیت بھی تو بتانی ہے "۔وہ معانی خیزی سے کہہ رہا تھا

اس کے کان جلنے لگے تھے۔

میرا فون برہان کے پاس تھا۔اس لیے میں کال نہیں پک کر سکا"۔نہ چاہتے ہوے بھی وہ اس کو صفائی" دے گیا تھا۔

جج۔۔۔۔۔جا۔۔۔۔۔۔جانے دے مجھے"۔اسنے ہاتھ چھڑواتے کہا"

میر نے آزاد کیا تو وہ ڈریسنگ روم میں گھس گی۔

زور سے دروازہ بند کیے

اپنی سانس بحال کرنے لگی۔

وہ چینج کر کے باہر نکلی تو زویا اسی کے انتظار میں کھڑی تھی۔

اس کا ہاتھ پکڑے نیچے آگی۔

نیچے آکر وہ مما پاپا کے درمیان بیٹھی گی۔

چلیں بی جان ہم نکلتے ہیں ہمیں اجازت دیں پھر ملاقات ہو گی"۔"

عریشہ کے پاپا نے اجازت مانگی تھی

میر جو بات کرنے کے لیے پر تول رہا تھا۔

چپ ہو گیا۔

exponovels

ہم جلد ہی اپنے گھر کی رونق کو واپس لینے آے گے۔میر کے پاپا نے کہا تھا
چلیں پاپا"۔"
عریشہ نے سر گوشی کی۔
میر ساتھ والے صوفے پر برجمان تھا۔
اس کو اس کی آواز سنائی دی۔
بل کھا کر رہ گیا۔
عریشہ نے نظریں جھکاے رکھی۔
انکے نکلنے کے بعد شاہ گاڑی لے کر نکل گیا۔
گھر پہنچتے ہی عریشہ کمرے میں چلی گی

عریشہ تھکاوٹ کی وجہ سے جلد ہی سو گی تھی۔
گہری نیند میں تھی جب اس کا فون بجا۔

اس نے بند آنکھوں کے ساتھ ہی فون اٹھا کر کان کے ساتھ لگایا۔
ہیلو۔۔۔۔"اس نے فون کان کے ساتھ لگاتے کہا۔"
اگر اگلے بیس منٹ میں آپ گھر سے باہر نہ آئی تو میں نے ڈور بیل پر ہاتھ رکھ دینا ہے'
آگے جو ہو گا اسکی ذمہ دار آپ ہونگی"۔
میر نے دھمکی دی تھی
اس نے یک دم آنکھیں کھولی تھی۔
فون کو گھورا۔

exponovels

پھر دھمکی یاد آئی۔

فون بند کر دیا تھا۔

خود کو ملامت کر رہی تھی۔

کیا ضرورت تھی شیر کی کھچار میں ہاتھ ڈالنے کی۔

اب کیا ہے بھگتو۔

اور کوئی چارہ بھی نہیں تھا

بات ماننے کے سوا۔

لب کاٹتی اٹھی۔

میسج کی بیل بجی۔

پندرہ منٹ باقی ہے۔

اس نے نائیٹ ڈریس چینج کیا۔

اچھی طرح سے چادر لپیٹی۔

فون اٹھاے باہر نکلنے لگی۔

دھیرے سے باہر نکل آئی۔

میر نے اسے آتے دیکھ کر فرنٹ ڈور کھولا۔

وہ گاڑی میں بیٹھی۔

دروازہ زور سے بند کرتے غصہ نکلا۔

میر نے گھوم کر بیٹھتے گھور کر دیکھا۔

میر اس کی طرف جھکا۔

عریشہ کی تو جان ہوا ہوئی۔

آنکھیں زرو سے بند کر لی۔

exponovels

میر اس کی اس حرکت پر زیرے لب مسکرایا۔

بڑی خوش فہمیاں پال رکھی ہے۔میں تو سیٹ بیلٹ لگا رہا تھا۔آخر کو میری اکلوتی بیوی کی سیفٹی کا"

سوال ہے"۔اس نے چڑاتے کہا تھا

وہ سیدھا ہوتا گاڑی سٹارٹ کرنے لگ گیا۔

عریشہ نے گھور کر دیکھا۔

اس نے گاڑی آگے بڑھا دی۔

وہ گاڑی گھر کے سامنے پارک کر کہ تھکا ہارا گاڑی سے نکلا لمبی نیند لینے کا سوچ رہا تھا

سامنے پارک سے گیند اڑتا ہو آیا

اسکی کنپٹی پر لگتا اس کے ہوش اڑا گیا۔

اس نے غصے سے مڑ کر دیکھا۔

"یہ میرا بال سامنے سے آتی لڑکی نے جھک کر اٹھایا۔

تمیز نہیں ہے کیا"۔

اس نے تلملا کر کہا تھا۔

نہیں اگر ملی تو بھیج دوں گی آپ اپنا ایڈریس بتا دے"۔"

اس نے جلانے والی مسکراہٹ ہونٹوں پر لاتے کہا۔

شاہ سے کسی نے پہلے دفع اتنی بتمیزی سے بات کی تھی۔

اسکو تو آگ ہی لگ گی تھی۔

اک تو غلطی کرتی ہواوپر سے سوری بھی نہیں کر رہی"۔"

اس نے غصے سے کہا۔

لیں میں نے کون سی غلطی کی"۔"

exponovels

اس نے تھوڑی پر ہاتھ رکھتے کہا تھا

بال میرے سر پر مارا"۔"

اس نے چڑ کر کہا۔

تو اس میں میری غلطی کونسی تھی؟۔"

غلطی تو آپ کی ہے جو بال کے سامنے آے۔وہ تو سوچ سمجھ نہیں سکتے پر آپ میں تو یہ کوالٹی ہونی چاہیے"۔

شاہ کو وہ سر پھری لگی۔

شٹ اپ وہ غصے سے چلایا"۔"

میں کونسا آپ سے بات کرنے کو مری جا رہی ہوں"۔"

اس نے ناک سکور کر کہا

اپنا بال اٹھا کر گھر کی جانب پڑھ گی۔

شاہ بھی سر جھٹکتا آگے بڑھ گیا۔

عجیب لڑکی ہے۔وہ بڑبڑاتا آگے بڑھ گا

وہ کھڑکی سے باہر گھور رہی تھی۔

اندھیرے میں تو کچھ نظر ہی نہیں آ رہا تھا

وہ اپنے آپ کو مصروف رکھنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔

گاڑی اک جھٹکے سے رکی۔تو اس نے چونک کر دیکھا۔

واچ مین نے دروازہ کھول دیا

گاڑی اندر داخل ہوئی۔

میرنے گاڑی سے باہر آکر اس کی طرف کا دروازہ کھولا۔

اور اس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

exponovels

اس نے کچھ دیر کے بعد کانپتا ہاتھ اس کی ہتھیلی پر رکھ دیا۔

میر اسے ساتھ لیے اندر کی جانب بڑھا۔

ٹی وی لاونج میں داخل ہوتے پھولوں کی روش تھی۔

وہ دونوں اس پر چلتے اک کمرے کے سامنے رکے۔میر نے ہینڈل ہر ہاتھ رکھا

دروازہ کھول کر اسے ساتھ لیے اندر قدم رکھا۔کمرہ بہت مہارت سے سجایا گیا تھا۔

وہ حیرانگی سے دیکھ رہی تھی۔

میر نے ہاتھ بڑھا کر اس کو خود میں سمو لیا۔

وہ دم سادھے اسکے حصار میں تھی۔

وہ آنکھیں بند کیےاس کو محسوس کر رہا تھا۔بہت سالوں کے بعد وہ اسے پانے میں کامیاب ہوا تھا۔

کیا بتمیزی ہے۔۔۔چھ۔۔۔۔۔چھوڑے مجھے"۔

وہ بھڑ بھڑائی

اس کی گرفت مضبوط تھی۔

عریشہ نےاسکی گرفت سے آزاد ہونے کی کوشش کی۔

اس کو بھی ہوش آیا۔

اس نے اسے چھوڑا۔۔لیکن اگلے ہی پل میر نے بیڈ پر گرتے اسے ساتھ کھینچ لیا۔

اسکی سانس اٹکی۔

اسکا چہرا بلش ہوا تھا۔

وہ خود پے ضبط نہ رکھتے ہوے اس کے لبوں کو قید کر گیا۔

اس کا رواں رواں کانپ اٹھا تھا۔

وہ لرزنے لگی تھی۔

اسکی سانس مدھم ہو رہی تھی۔میر نے اس پر ترس کھاتے اسے آزاد کیا۔

exponovels

وہ لمبے لمبے سانس لیتی اس سے دور ہوئی۔

پتا میں ادھر کیوں لے کر آیا ہوں۔"

تمہاری طرف بہت سے حساب کتاب نکلتے ہیں۔ نے کل کہا تھا نہ تمہاری مرضی کوئی معانی نہیں رکھتی ایسا بلکل بھی نہیں ہے ۔

تم میرے لیے بہت خاص ہو اسی لیے یہاں موجود ہو

ورنہ جو کچھ تم کر چکی ہو دل تو چاہتا ہے تم کو ایسا سبق سیکھاوں تم ساری عمر یاد رکھو

لیکن یہ دل تمہیں دیکھ کر ہمیشہ دغا دے جاتا ہے"۔

وہ اسکو اکی اہمیت بتا رہا تھا

۔یکدم فون بجا۔

میر نے نمبر دیکھ کر کان کے ساتھ لگایا.وہ کال پک کرتا سائیڈ پر نکل گیا۔

اس نے شکر گیا۔

وہ بیڈ پر بیٹھ گی کافی ٹائم گزر گیا

لیکن وہ نہ آیا۔

وہ بیڈ پر نیم دراز ہو گی۔

وہ جلد ہی نیند کی آغوش میں چلی گی۔

میر واپس آیا تو وہ گہری نیند میں تھی۔

میر نے آرام سے سیدھا گیا۔

کمبل درست کرتے دوسری سائیڈ پر چلا گیا۔

exponovels

جا کر اس کو بانہوں کے حصار میں لیا۔

وہ ہلکا سا کسمسائی۔

میر بہت دیر تک اسکے پاس ہونے کا یقین کرتا رہا۔

صبح جب آنکھ کھلی تو اس نے ادھر ادھر نظریں دوڑائی۔

میر کہیں بھی نہیں نظر آیا۔

اس نے سب جگہ چیک کر لیا تھاوہ کہیں نہیں تھا۔

اس کے ہاتھ پاوں ٹھنڈے پڑنے لگ گے۔

کسی نے آکر کندھے پر ہاتھ رکھا

وہ چینختی ہوئی اچھل پڑی تھی۔

میر دو قدم دور ہوا تھا۔

آنکھیں کھول کر سامنے میر کو دیکھا تو

وہ روتی ہوئی اس کے سینے سے جا لگی۔

"وہ؟۔۔۔۔۔۔۔ڈر سے مر جاتی تو۔۔۔۔اگر میں۔۔۔چلے گے تھے۔۔۔۔کہاں۔۔۔۔ک۔۔۔۔ک۔۔۔۔

روتے ہوے اک ہاتھ سے اسکے شانے پر مکے مارتے بول رہی تھی۔

اس نے اسے بازوں میں قید کرتے لب اسکے بالوں پر رکھے۔

ریلیکس ہنی میں سیکرٹ روم میں تھا"۔"

میر نے اسے نہ چپ ہوتے دیکھ کر اسکی آنکھوں پر لب رکھے۔

وہ ساکت ہو گی۔

عریشہ کا فون بجنے لگا۔

"اس نے سرخ چہرا لیے کہا۔"۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔۔چھوڑے۔۔۔۔چ

exponovels

یہ چھوڑنے والا کام تم باخوبی کر سکتی ہو۔ بار بار چھوڑے مجھے چھوڑے مجھے۔۔۔یہ کیا ہوتا ہے۔ میں"" نے چھوڑنے کے لیے نہیں پکڑا۔ اور میں دوبارہ یہ لفظ نہ سنو۔ "وہ اسے تنبیہ کر رہا تھا

اس کا فون بجنا بند ہوا تو میر کا بجنے لگ گیا۔میر نےاک ہاتھ سے اسے قید رکھا۔

دوسرے سے بٹن پش کرتے کان کے ساتھ لگایا۔میر اسپیکنگ۔

ابھی تو میر اسپینگ کر رہے ہے لیکن گھر والوں نے اسپیکنگ کیا تو آپ نے پھنس جانا ہے"۔سامنے" سے کوئی بولا تھا۔

واٹ؟"میر نے نا سمجھی سے کہا۔"

جناب آپ کی مسسز مسنگ ہے۔جو کہ ایک سو ایک فیصد آپ نے ہی کی ہے۔جلدی سے لے کر " پہنچے۔"

اپنی بات بول کر برہان نے فون بند کر دیا۔

میر دانت کچا کر رہ گیا۔

میر نے اس کو دھیرے سے سیدھا کیا۔

ہاتھ سے الجھے بال سلجھاے۔

سائیڈ پر پڑاڈوبٹہ اٹھا کر اس کو اوڑیا۔

چادر کندھے پر پھیلائی۔

اس کا ہاتھ پکڑے باہر نکل آیا۔

اس کا دل ہاتھ میں ڈھڑک رہا تھا۔

❤❤❤❤❤

انکی فائنل ائیر کی پارٹی تھی۔

وہ ڈریس کا سوچ رہی تھی۔

exponovels

سوچتے سوچتے یکدم روڈ پر آگی۔

اور سامنے سے آتی گاڑی سے ٹکرائی۔

لہرا کر گری

۔ سامنے والے نے بھی یکدم بریک لگائی۔

وہ سر کو دونوں ہاتھوں سے تھامے بیٹھی تھی۔

سو۔ ۔۔۔سوری۔ ۔۔۔وہ تیزی سے گاڑی سے باہر آیا۔ آواز سن کر ہانیہ کو کرنٹ لگا۔

اس نے جھٹکے سے سر اوپر اٹھایا۔

"۔۔۔تم۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔"اور اک جھٹکے سے کھڑی ہوئی۔ "اندھے ہو یاں آنکھیں گھاس چرنے گی ہے؟"

اس نے لال بھبھوکا چہرا لیے پوچھا تھا۔

وہ بھی اسے دیکھ کر شاکڈ ہوا پھر سنبھلتے ہوئے گاڑی کے ساتھ ٹیک لگالی۔

مجھے تو تم اندھی لگ رہی ہو جو یوں سڑک کے درمیان مٹر گشت کر رہی ہو"۔ "

اس نے سکون سے کہا تھا۔

"سوری کرو۔ ۔۔"

اس نے پھولے گالوں کے ساتھ کہا تھا۔

سوری زور کی تو نہیں لگی"۔ "

شاہ نے کہا تھا

ہاں ہاں ٹھیک ہے معاف کیا نیکسٹ ٹائم دھیان سے گاڑی چلانا"۔"

اس نے احسان کرنے کے انداز میں کہا تھا

ایکسکیوزمی۔ ۔۔۔۔۔تمہیں کون سوری کر رہا ہے؟۔ ۔۔میں تو اپنی گاڑی سے بات کر رہا ہوں"۔"

exponovels

اس کے ایسے کہنے سے اس نے صدمے سے اسے دیکھا۔

یعنی کہ اک انسان کی کوئی قدر نہیں اور گاڑی پر وہ پیار سے ہاتھ پھیر رہا تھا"۔"

اور ویسے بھی غلطی تو تمہاری ہے جو گاڑی کے سامنے آئی ہو۔"

گاڑی تو سوچ سمجھ نہیں سکتی لیکن تم میں بھی یہ کوالٹی نہیں بڑے افسوس کی بات ہے۔ ۔۔۔۔۔"اس نے اس کے الفاظ اسے ہی لٹاے تھے اہانت سے اسکا چہرا لال ٹماٹر ہو گیا تھا۔

آپ "وہ انگلی اٹھاے اس کی طرف بڑھی لیکن وہ ان سنی کرتا گاڑی میں جا کر بٹھ گیا۔ "

شیشے سے سر باہر نکلا۔

ویسے مجھے بہت افسوس ہے کہ عقل کہیں سے ملتی نہیں تو ۔۔۔۔۔میں اپنی یہ گاڑی بیچ کر بھی آپ کو"

" لے دیتے۔

وہ اک آنکھ دباتے شریر مسکراہٹ لیے گاڑی بڑھا لے گیا۔ اور وہ دیکھتی رہ گاے

گاڑی چلاتے ہوے اس نے کہا۔

"گھر میں سب آپ کو ڈھونڈ رہے ہیں"

اس نے پریشانی سے اس کی طرف دیکھا۔

پیشانی پر ننھے قطرے چمکنے لگے۔

میر نے دروازے کے سامنے ہارن دیا۔

چوکیدار نے دروازہ وا کیا ۔

میر گاڑی اندر لے جا کر گاڑی سے نکلا۔

اس کی طرف آکر دروازہ کھولا۔

تو وہ ساکت بیٹھی تھی۔

ہنی چلو۔۔۔۔میر نے ہاتھ پھیلایا۔

exponovels

پسینے سے بھیگا ہاتھ اس کے ہاتھ پر رکھا۔

لیجیے اس خاندان کے عزت دار داماد تشریف لے آے ہیں"۔"

برہان نے چٹکلا چھوڑا میر نے اسے گھور کر دیکھا۔

برہان کو وہ ڈری سہمی پیچھے چھپی نظر آئی

"ارے۔۔۔۔یہ ۔۔۔۔۔اپنی۔۔۔۔۔مسسز کو اغوا کرنے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔"

اس نے آنکھیں پھیلاتے کہا۔۔۔۔۔

وہ جو اس کے پیچھے اک طرح سے چھپی ہوئی تھی۔

دھیرے سے چل کر سامنے آئی۔

ماما تیزی سے اسکی جانب آئیں۔

کہاں چلی گی تھی ہم۔۔۔۔۔کتنے پریشان ہو گے تھے؟"۔"

ماما نے اسے ساتھ لگایا۔

سوری کچھ ارجنٹ کام تھا۔۔آپ سو رہے تھےاس لیے۔۔۔۔میر نے وضاحت دینی چاہی"۔"

"کوئی بات نہیں تمہاری ہی بیوی ہے۔۔۔۔۔"

برہان نے چٹکلا چھوڑا سب کو ہنسی آگی۔

میر نے مسکراہٹ قابو کی۔

"چلیں۔۔۔"

اس نے برہان کیطرف دیکھا۔

"ن۔۔۔۔۔ن۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔۔۔آپ جاے ۔۔۔۔۔۔"

اس نے بوکھلاتے کہا۔۔۔۔

چلو۔۔۔۔"میر نے گھور کر کہا۔"

"ارے بیٹا ناشتہ تو کر لو"

exponovels

اسکی ماما نے کہا تھا

"پھر کبھی صحیح ابھی اجازت دے"

ولی منہ بناتا اس کے پیچھے چل پڑا۔

گاڑی میں خاموشی ہی رہی۔

دونوں ساتھ ساتھ داخل ہوے۔

"پاپا ٹی وی دیکھ رہے ہیں۔۔۔؟"

ولی نے پوچھا۔

"ہوں۔۔۔"

انہوں نے اک لفظی جواب دیا۔

"میرے پاس بھی بریکنگ نیوز ہے۔"

اس نے میر کی ٹانگ کھینچنے کا سوچا میر نے آنکھیں دکھائی

سب نے اس کی طرف چونک کر دیکھا

"مسسز میر مسنگ تھیں۔"

اس نے آرام سے ناشتہ کرتے کہا تھا۔

کیا۔۔۔"سب نے پریشانی سے دیکھا۔"

"میر۔۔"

پاپا نے انکی طرف دیکھا۔

"پاپا۔۔۔۔پوری بات تو سن لے۔۔۔آپ کے بیٹے ہی لے کر گے تھے"

برہان نے ہنستے کہا تھا

بی جان نے چپت لگائی ۔

"برہان بتمیزی نہیں کیا کرو تم نے تو ڈرا ہی دیا تھا۔"

exponovels

بی جان نے کہا تھا

میر ہاتھ صاف کرتا اٹھا۔ سٹڈی روم کی طرف جاتے ہوے کہا۔

برہان زرا میرے ساتھ آو"۔"

برہان جو جوس پی رہا تھا اس کو اچھوکا لگ گیا۔

پھر میر نے وہ درگت بنائی کہ اس نے توبہ کر لی کہ انکے معاملے میں نہیں بولنا۔

کچھ دیر کے بعد میر نک سک سا تیار ہو کر نکلا۔

"میر کہاں جا رہے ہو؟"

بی جان نے پوچھا۔

بی جان۔۔۔۔وہ۔۔۔اک ضروری کام تھا"۔"

خیر سے جاو۔خیر سے آو"۔بی جان نے کہا تھا"

ایر پیس کان میں لگاتا نکل آیا۔

شام میں سب عریشہ کے گھر آے

زویا اور ماما نے مل کر تیار کیا۔

مسسز اور مسٹر حیدر ساتھ میں برہان آیا تھا۔سب سے ملتی گاڑی میں آ بیٹھی۔

رات کے دس بج رہے تھے۔

وہ بی جان کے روم میں تھی۔

بیٹا جاو جا کر آرام کرو"۔"

بی جان نے اسے دیکھتے کہا تھا

"بی جان۔۔۔۔وہ۔۔۔۔میں۔۔۔۔ادھر۔۔۔۔۔"

وہ اس کے رات کے جنون سے گھبرائی منمنائی۔

exponovels

"غلط بات ہے میرے پوتے کو تنگ مت کرو۔۔۔"
بی جان نے اس کی جھجھک سمجھتے کہا۔
وہ کمرے میں پہنچی۔
ڈوبٹہ سر سے اتارا تو کانوں میں پہنے جھمکے کے ساتھ اٹک گیا۔
باقی کا سارا نیچے لٹک رہا تھے۔

اچانک میر کمرے میں آیا۔
گرے پینٹ شرٹ اور بلیک ویسٹ کوٹ پہنے ہوے تھے۔
کمرے میں داخل ہوتے ہی میر کی نظر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی عریشہ پر پڑی۔

اسکی گہری نظروں کی تپش کے احساس سے عریشہ نے مڑ کر دیکھا۔
لیکن اس کی نگاہوں کی پرجوش لپک نے اسے آنکھیں جھکانے پر مجبور کر دیا۔
اسنے سجے سنورے روپ پر بھر پور نگاہ ڈالی ۔اس نے ہاتھ پہلو میں گرا لیا۔
اس تخریب کاری کی کس نے آپ کو اجازت دی"۔"
کہتے وہ اس کے قریب آیا
وہ گرے کلر کی شارٹ فراک کے نیچے ڈارک پرپل کلر کا شرارہ پہنے میچنگ جیولری کے ساتھ ہلکا سا میک اپ کیے بالوں کو ہلکا سا گرل کیے باقی بال کھلے چھوڑے کوئی حور لگ رہی تھی۔
میر نے پاس آتے جھومکے سے ڈوبٹہ آزاد کیا
تو سارا نیچے جا گرا۔
اسکے رنگ بدلتے چہرے کے مزید قریب ہوا

exponovels

تو اس نے آنکھیں زور سے میچ لی۔

میر نے جھمکا اتار کر اس کے کان کی لو کو لب سے چھوا تو وہ سسکی۔

میر نے بے خود ہوتے اسے باہوں کے حصار میں لیا۔

ویلکم بیک "۔"

وہ اس کی گرفت سے نکلنے کے لیے مچلی۔

میر نے چھوڑا تو وہ بھاگتی ہوی ڈریسنگ روم میں داخل ہوئی۔

کچھ دیر کے بعد لوز ٹروزر شرٹ پہ ڈوبٹہ لپیٹے نکلی۔

میر صوفے پر بیٹھا سگریٹ پی رہا تھے۔

اس کی گہری نظریں محسوس کر کے کمبل کو جاے پناہ سمجھتی تیزی سے اس میں جا گھسی۔

میر مسکرا کر رہ گیا۔

کچھ دیر بعد میر بھی چینج کرتے آیا۔

اس کو اپنی بانہوں میں بھرتے ساتھ لگایا

کیا ہے ؟چھوڑے مجھےاس نے خود کو آزاد کرواتے کہا۔

میر نے گھور کر دیکھا تو چپ کر کہ لیٹ کئی۔

میر بھی آنکھیں موند گیا۔

وہ صبح اٹھی توساری میر کے اوپر تھی۔

تیزی سے پیچھے ہوئی۔

کراہتی ہوئی لیٹ گی۔

میر کے نیچے اس کے بال آگے تھے۔

درد کی وجہ سے اس کا جو ہاتھ اس کے بازو پر تھا۔

اس نے بازو دبوچا۔

exponovels

میر نے موندی آنکھیں کھولی۔"یہ اٹھانے کا کون سا رومینٹک طریقہ ہے"۔

بازو کے بل اٹھا۔

م۔۔۔میرے۔۔۔۔بال۔۔۔"۔اس نے سر پر ہاتھ رکھے اٹکتے کہا۔"

میر تیزی سے پیچھے ہوا۔

اس نے بالوں کو لپیٹتے جوڑا بنایا۔

میر کی نظروں سے خائف ہوتی کب بورڈ کی طرف بڑھی۔

جو بھی ڈریس ہاتھ لگا لیتی ہوئی باتھ روم میں گھس گی۔

وہ بالوں میں ہاتھ پھیر کر رہ گیا۔

وہ نہا کر نکلی تو وہ ٹاول لے کر چلا گیا۔

اس نے تیزی سے بالوں کو خشک کیا۔

بستر سیٹ کیا۔

بکھرا کمرا سمیٹا۔

تیزی سے باہر نکلنے لگی۔

میری تیاری باقی ہے ابھی"۔"

میر کی آواز پر اس کے قدم تھمے۔

بے چارگی سے ڈریسنگ روم کیطرف گی۔

بلیک تھری پیس لیے اس کی طرف بڑھایا۔

میر نے ڈریس کے ساتھ اس کا ہاتھ تھام لیا۔

گہری نظروں کے حصار میں لیا

وہ سرخ پڑی۔

پ۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔۔اس نے ہاتھ چھڑواتے کہا"۔"

exponovels

میر نے چھوڑا تو وہ تیزی سے باہر نکل گی۔

" ناشتہ کرنے کے لیے نیچے آئی تو بی جان نے کہا کہ "آج اس کی میٹھے کی رسم ہے

اس نے آتے ہوے میر کو دیکھا۔

"جی ک۔۔۔کیسے کرنی ہے"

کوئی بھی اک چیز بنانی ہوتی ہے۔جیسے کھیر،حلوا،سوئیاں

زویا جاو آپ مدد کر دو

بی جان نے مشکل آسان کرتے کہا۔

وہ اڑی رنگت کے ساتھ کچن میں زویا کی ہمراہی میں آگی

بھابھی آ۔۔آپ جاے م۔۔۔میں۔۔۔کر لوں گی"۔"

آر یو شیور؟انہوں نے ہاتھ تھامتے کہا"

۔"ج۔۔۔جی۔۔۔"اس نے دھیرے سے کہا۔

وہ مسکراتی باہر چلی گی۔

ف۔۔۔فون۔۔۔۔۔'اس نے لینا چاہا۔"

لیکن یہ کیا فون تو وہ ٹیبل پر چھوڑ آئی تھی۔

"بیٹا بری پھنسی ہو"

اس نے سر کے پچھلے حصے پر چپت لگائی تھی۔کچھ دیر سوچنے کے بعد اس نے سوئیاں بنانے کا سوچا۔

پھر جلدی جلدی ہاتھ چلانے لگی۔

پہلے آئل ڈالا پھر سوئیاں ساتھ میں پانی اور دودھ پھر چینی اور میوے ڈالے۔

آدھے گھنٹے کے بعد اس کی سوئیاں تیار تھی۔

وہ بہت پرجوش تھی۔

exponovels

جب وہ کچن سے نکلی سب کا دھیان اسی طرف تھا۔ملازمہ کی مدد سے ٹیبل پر لائی۔اس سے پہلے کہ بی جان ڈھکن اٹھاتی۔

"م۔۔۔میں۔۔۔ٹرائی۔۔۔کروں گا پہلے۔۔۔میری وائف ۔۔نے بنایا ہے۔۔"

میر نے ڈونگا اچک لیا۔

میر اور برہان ساتھ ساتھ بیٹھے ہوے تھے۔دوسری طرف مما اور پاپا تھے۔اور اک سائیڈ پر بی جان بیٹھی ہوئی تھی

میر نے ڈھکن اٹھایا۔

برہان کی آنکھیں ابل پڑی میر نے اس کے پاوں پر پاوں مارا

وہ تلملا کر رہ گیا۔

وہ ڈیش میں نکلنے لگا۔لمبی لمبی رسی ٹائپ سوئیاں ثابت ہی اک دوسرے کے ساتھ چپکی ہوئی تھی۔انکا کلر بلیک اس نے بمشکل تھوڑی سی نکالی۔چمچ بھر کر منہ میں ڈالی۔اس کا حلق تک کڑوا ہو گیا۔چینی کی جگہ نمک۔۔۔۔۔نہ اگل سکتا تھا۔نہ نکل سکتا تھا

برہان بمشکل ہنسی کنٹرول کیے ہوے تھا۔

برہان نے چمچ اٹھا کر تیزی سے میر کی ڈیش سے بھر کر منہ میں ڈالی۔

"واہ . ...واہ .....واہ۔۔۔۔"

اس کی آنکھوں سے آنسوباہر آنے کو بے تاب تھے۔

بی جان ڈونگا اٹھانے لگیں۔

میر نے انکو پاس کرنا چاہا ڈونگا چھوٹ کر زمین بوس ہو گیا۔

سب کے منہ گھل گے۔

عریشہ کا تو غصے کے مارے برا حال ہوگیا۔

اس کی اتنی محنت سے بنائی گی سوئیاں اپنی قسمت پر رو رہی تھی۔

exponovels

آپ۔۔۔۔کمرے میں آے پھر بات ہوتی ہے پیر پٹختی چلی گی۔

میر اور برہان بھی اٹھ کر آفس کے لیے روانہ ہوے۔

گاڑی میں پہنچتے ہی دونوں کے روکے قہقے بلند ہوے تھے

ناشتہ کرنے کے بعد پاپا بھی آفس کے لیے نکلے۔میر کی گاڑی جانے کے بعد وہ کچن میں گی۔

میر کی پلیٹ میں سے اک چمچ لگائی۔

اسے زور کا اچھوکا لگ گیا۔

آنکھوں اور ناک سے پانی بہنے لگ گیا۔اتنا تیز نمک۔۔۔۔پانی اور دودھ اپر تیر رہا تھا سوئیاں نیچے بیٹھی تھی۔کڑوی اتنی کہ حد نہیں۔وی بیسن پر جھک گی

اب اس کو سمجھ آئی تھی کہ میر نے جان بوجھ کر کیوں ڈونگا نیچے گرایا تھا۔

اور پھر اپنا ری ایکٹ یاد کر کہ اس کا چہرا لال ہو گیا تھا۔

اس نے فون اٹھایا۔اور مسیج ٹائپ کیا۔

"تھینکس"

"۔"سوری

برہان مسیج پڑھ کر میر کی واٹ لگا رہا تھا۔

وہ دوپہر کو تیار ہو کر نکلی تو بی جان کو بتایا کہ وہ اپنی فرینڈ سے ملنے جا رہی ہے۔

باہر آئی ڈرائیور اور سکیورٹی گارڈ تیزی سے گاڑی کی طرف گئے۔

اس نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا۔

مجھے پاس ہی کہی جانا ہے ۔آپ کے سر سے بات ہو گی ہے"۔"

چابی لے کر گاڑی سٹارٹ کرتے وہ باہر نکلی۔

میر میٹنگ میں تھا

اس کا فون وائبریٹ ہوا۔

exponovels

نمبر دیکھتے لب مسکرا اٹھے۔

میر اسپیکنگ"۔"

لیکن سامنے والے نے جو کہا تھا۔

وہ یک دم کھڑا ہوا۔مسکراتے لب سمٹے تھے

میٹینگ چھوڑتے تیزی سے باہر بھاگا۔

"ک۔۔۔۔کس جگہ پر ہیں۔۔۔۔پلیز لوکیشن ٹھیک سے سمجھاے۔۔۔"

وہ رش ڈرائیونگ کرتا ادھر پہنچا۔

ادھر لوگوں کا ہجوم تھا۔

بجلی کی سی تیزی سے ہجوم کو چیرتا وہ آگے نکلا۔

وہ خون میں لتھ پتھ زخموں سے چوڑ بری طرح سے زخمی بے ہوش پڑی تھی ۔

اس نے پل بھر کو آنکھیں میچ کر کھولی لیکن سامنے کا منظر نہیں بدلا تھا۔

اسے اٹھا کر دیوانہ وار بھاگا سامنے ایمبولیس میں آرام سے لٹایا ۔

وہ آئی سی یو میں تھی۔

اسکی آنکھیں سرخ تھی۔

ضبط کا پتا دے رہی تھیں۔

کچھ دیر کے بعد ڈاکٹر باہر نکلی۔

ڈونٹ وری سر وہ خطرے سے باہر ہے۔

کچھ دیر میں کمرے میں شفٹ کر دیتے ہیں۔

اس نے پر سکون سانس خارج کی۔

وہ اندر آیا تو پٹیوں میں جھگڑے وجود کو دیکھ کر اک آنسو گال پر پھسلا تھا۔

قدموں میں لڑکھڑاہٹ تھی۔

exponovels

اس کے چہرے کو دیوانہ وار چوما تھا۔اس کی پلکوں میں جنبش ہوئی تو اس نے آنکھیں کھولی۔

غائب دماغی سے سامنے کھڑے میر کو دیکھا۔لیکن دماغ پر زور ڈالا تو سارا واقعہ آنکھوں کے سامنے گھوم گیا۔

وہ تڑپنے لگ گی۔

اس نے ڈاکٹرز کو آواز دی تو سکون آو ر ا نجکیشن لگنے سے وہ ہوش و خرد سے بے گانی ہو گی۔

اس کو ڈسچارج کروا کر گھر لے آیا۔

سب اسکی حالت دیکھ کر پریشان ہو گے تھے۔اس نے سب کو تسلی دی۔اس کے سر پر چوٹ لگی تھی۔گاڑی جس طرح سے ڈیمج تھی اس لحاظ سے اس کی بچت ہو گی تھی

کچھ دیر ادھر رکنے کے بعد سب چلے گے۔

وہ سگریٹ پی رہا تھا۔

جب وہ چینختی ہوئی ہوش میں آ ئی تھی۔

میر نے تیزی سے اسے حصار میں لیا۔

وہ۔۔۔خون۔۔۔۔ایکسیڈینٹ۔۔۔۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔وہ۔۔۔۔تڑپ رہی تھی۔"

ششش۔۔۔۔۔۔"میر نے اسے خود میں بھینچتے کہا۔"

م۔۔۔م۔۔۔۔۔۔مینے ۔۔۔۔۔مرڈر ۔۔۔۔۔کر دیا۔۔۔۔۔۔۔"میر"

نے اس کی آنکھوں کو چوما۔۔۔۔

ہنی۔۔۔ریلیکس۔۔۔۔۔سب ٹھیک ہے کچھ نہیں ہوا"۔"

اس نے اسکو ساتھ لگاے کہا

وہ کانپ رہی تھی۔

کچھ دیر کے بعد وہ سو گی

exponovels

میر اسے ساتھ لٹاتے خود بھی لیٹ گیا۔

صبح میر نے سب کی کلاس لگائی۔

کہ اس کو اکیلے جانے کس نے دیا۔

ڈرائیور نے بتایا کہ اس نے بولا تھا کہ اس کی میر سے بات ہو گی ہے اسی لیے انھوں نے چابی دے دی تھی

میر اسکے ساتھ بات نہیں کر رہا تھا۔

اک ہفتہ ہو گیا تھا۔

اک دو دن اس کو وہم لگا۔لیکن وہ سچ میں اسے اگنور کر رہا تھا۔

برہان کمرے میں آیا تو وہ جو بیک کراون سے ٹیک لگے بیٹھی تھی سیدھی ہو کر بیٹھی۔

""کیسی ہے؟"

برہان نے پوچھا۔

"ٹھیک ہوں"

اس نے آہستہ سے جواب دیا۔

ویسے آپ سوئیاں بہت اچھی بناتی ہے۔

اس کی بات پر وہ سرخ پڑی تھی۔

برہان اٹھ کر بھاگنے لگا تھا۔

اس نے پاس پڑا کشن اٹھا کر اسے مارنا چاہا۔

ل ل لیکن یہ کیا برہان نیچے جھک گیا۔اور کشن نے سیدھی میر کے چہرے کو سلامی پیش کی تھی۔

میر اس افتاد پر گھبرا گیا۔

برہان چھت پھاڑ قہقہ لگاتا نکل گیا۔

exponovels

وہ یکدم اٹھ کر کھڑی ہو گی۔

میر غصے سے دیکھ کر باہر نکل گیا

رات کے ایک بجے وہ گھر آیا۔

بلیک تھری پیس میں چہرے پر تھکاوٹ کے آثار تھے۔

ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتے کمرے میں آیا تو حیران ہوا

وہ صوفے پر محو انتظار تھی

اک دم کھڑی ہو گی"۔ طبیعت ٹھیک ہے؟"میر نے اس کے پاس آتے پوچھا۔

ج۔۔۔۔۔جی۔۔۔۔۔"اس نے اٹکتے کہا۔"

ابھی تک جاگ کیوں رہی ہو؟"۔وہ چہرے پر سنجیدگی لی پوچھ رہا تھا"

وہ۔۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔۔سوری۔۔۔۔۔۔روتی ہوئی اس کے ساتھ جا لگی۔"

م۔میں۔۔۔ کبھی بھی۔۔۔اکیلے گاڑی لے کر نہیں جاوں گی

رونے میں شدت آ گی۔

وہ دم بخود رہ گیا۔

اس نے کچھ دیر بعد اس کو پیچھے کرنے کی کوشش کی۔

وہ پیچھے ہونے پر آمادہ نہ تھی۔

کچھ دیر کے بعد اس کی ہلکی ہلکی سی سانسوں کی آواز آنے لگ گی

وہ سو گی تھی۔میر نے گہرا سانس لیتے اسے آرام سے بیڈ پر لٹایا۔

چینج کرنے کے بعد لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گیا۔چار بجے کے قریب کام ختم کرتے اسے خود میں سموتے آنکھیں بند کر لی۔

میر کسی کام میں بزی تھا۔

exponovels

عریشہ نے گھر سے نکلنا بند کر دیا تھا۔

گھر تو کیا وہ کمرے کی ہو کر رہ گی تھی۔عریشہ بیٹھی ہوئی تھی۔

جب مسیج کی بیل بجی۔

اس نے بے دلی سے مسیج کھولا۔

اس کو میسج دیکھ کر جھٹکا لگا تھا۔

“

آپ۔۔۔۔۔ایسے ۔۔۔۔۔کیسے کر سکتے ہیں میر؟؟؟؟۔

میر شام کے وقت اک کیس دیکھ رہا تھا۔

بیل بجنے پر اس نے فون اٹھایا۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔میر نے سلام کیا۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔کہا ہو تم ؟اگلے بیس منٹ میں تم گھر نہ پہنچے تو خیر نہیں تمہاری”۔“

بی جان نے اسکی سنے بنا فون بند کر دیا

اس نے فون کو دیکھا۔

وہ سامان سمیٹتے باہر کی جانب آیا۔

گھر آ کر بی جان نے اچھی بھلی کی تھی۔

اچھا اپنی لاڈلی کو بولے تیار ہو جاے۔میں تھوڑی دیر آرام کرنا چاہتا ہوں”۔“

وہ انکے بیڈ پر لیٹ گیا۔

بی جان نے ملازمہ کو بولا کہ اسے بولے تیار ہو جاے اسے کہیں جانا ہے۔

رات کے نو بج رہے تھے وہ زویا کے کمرے میں اسکی مدد سے تیار ہو رہی تھی۔

exponovels

ملازمہ نے آکر بتایا کہ باہر انکو بلا رہے ہیں۔

وہ شال کندھوں پر ڈالتی فراک سنبھلتی سڑھیاں اترنے لگی۔

میر جو کہ ٹی وی لاونج میں بیٹھا تھا

نظریں اٹھا کر دیکھا تو نظریں جھکانا بھول گیا۔

آف وائٹ لانگ فراک جس پر ہیوی گولڈن کام ہوا تھا۔

بالوں کو سامنے سے کرل کیے لائٹ سے میک اپ میں سنبھل سنبھل کر قدم اٹھاتی نیچے اتر رہی تھی

کسی نے کندھے پر ہاتھ رکھا تو وہ ہوش میں آیا۔

قسم سے اپنی ہی ہے"۔"

چاچو نے سر گوشی کی ۔

تو وہ خفت مٹانے کو چہرا جھکا گیا۔

بی جان چلیں؟"اس نے بی جان کے کمرے میں پہنچتے کہا۔"

ہاں تم چلو میں آتی ہوں۔

میر گاڑی سٹارٹ کیے کھڑا تھا۔

اس کو آتے دیکھ کر فرنٹ ڈور کھولا

تو وہ جو پیچھے بیٹھنے کو پر تول رہی تھی۔چارو نا چار اسے بیٹھنا پڑا۔

پیچھے مسلحہ گارڈ بھی عیلحدہ گاڑی میں بیٹھے۔

میر نے گاڑی آکے بڑھائی تو وہ اک دم بولی بی جان کو تو آ لینے دیں۔

وہ زیرے لب مسکرایا۔

اس کی طرف تھوڑا سا جھکا۔

آج بی جان کے پوتے سے ہی کام چلا لیں۔

اس کی اس حرکت پر اسکا چہرا سرخ پڑ گیا۔

exponovels

گاڑی فارم ہاوس کے سامنے جا کر رکی تو اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔

وہ پزل سی گاڑی سے باہر نکلی۔

سفید اور سرخ پھولوں سے کمرہ سجایا گیا تھا۔

کینڈل کی روشنی اس کے چہرے پر پڑتی اسے مزید خوبصورت بنا رہی تھی۔

میر نے کرسی کھینچ کر اسے بٹھایا۔

میر نے اسے کھانا سرو کیا۔

کھانے کے بعد میر نے اس کا ہاتھ تھاما کمرے میں لے آیا۔

میر نے پیچھے سے اسے اپنے حصار میں لیتے سرگوشی کی ۔

"بہت انمول ہو تم"

جھک کر بالوں کو ہٹاتے دہکتے لب اس کے کندھے پر رکھے۔

اس کے بیٹ پہ رکھے ہاتھ پر اس کے آنسو کا قطرہ گرا۔

اس نے چونک کر اپنے طرف جھٹکے سے رخ موڑا

اس کا چہرا دونوں ہاتھوں میں لیا۔

کوئی پریشانی ہے؟"

یاں پھر میری قربت تکلیف دے رہی ہے"؟

اس نے پریشانی سے استفسار کیا۔

وہ دھاریں مار مار کر رو دی تھیں ۔

ک۔۔۔۔۔کی۔۔۔۔کیوں۔۔۔۔کیا آپ ۔۔۔۔نے میرے ساتھ دھوکا۔۔۔۔۔؟مجھے کہیں کا"

نہیں۔۔۔۔چھوڑا آپ نے ۔۔۔۔۔"۔

اس نے اک جھٹکے سے اسے پیچھے کیا۔کیسا۔۔۔دھوکا۔۔۔۔؟

exponovels

عریشہ نے ہاتھ جھٹکا

اسکی برداشت جواب دے گی۔

سب کچھ دوسروں پر لٹا کر آپ کو یاد آیا کہ میں بہت خاص ہوں۔"

وہ پھٹ پڑی تھی۔

میر نے نا سمجھی سے اسکیطرف دیکھا۔

اتنے انجان نہ بنے۔

لڑکیوں کے ساتھ منہ کالا کر کے ناجائز تعلق بنا کر خالص جزبے غلط رہوں پر لٹا کر آپ پاک صاف ہی ہیں"

وہ روتی ہوئی اس کے گریبان کو پکڑے اتنے سالوں کا لاوا اس پر انڈھیل رہی تھی۔

وہ لڑکھڑایا تھا۔

اس کے الفاظ اس کی روح لہولہان کر کے تھے۔وہ اسکے کردار پر انگلی اٹھا گی تھی۔

یہ۔۔۔۔یہ۔۔۔۔۔کیا۔۔۔۔بکواس۔۔۔۔۔کر ۔۔رہی ہو ؟"وہ ڈھاڑا تھا۔"

میں۔۔۔۔۔بکواس نہیں کر رہی آپ بدکردار ہیں۔۔آپ وحشی درندے ہیں۔آپ ہوس کے پوجاری ہے نفرت کرتی ہوں میں آپ سے۔۔۔۔"وہ رو رہی تھی۔۔۔

"ب۔۔۔۔۔۔بس۔۔۔۔۔۔"

اس نے چلاتے ہوے ہاتھ اٹھایا تھا۔

اسکی برداشت جواب دے گی تھی۔۔۔۔

پر بہت مشکل سے اس کے رخسارپر پڑنے سے پہلے ہی اس نے کنٹرول کر لیا تھا۔۔۔

exponovels

آنکھیں لہو رنگ ہو گی تھی۔

اس کو بازو سے دبوچ کر ساتھ گھسٹتے ہوے گاڑی تک لایا تھا۔دل تو کر رہا تھا وہ اس ہستی کو تہس نہس کر دے

گاڑی کا دروازہ کھول کر اس کو گاڑی میں دھکیلا تھا۔۔

خود جا کر گاڑی سٹارٹ کی۔

اک جھٹکے سے آگے بڑھائی۔

گاڑی اتنی تیز چلا رہا تھا

عریشہ کو لگ رہا تھا

وہ گھر سلامت نہیں پہنچ پاے گے۔

گاڑی اک جھٹکے سے اس نے روکی۔

وہ خا موشی سے باہر دیکھ رہی تھی

آوٹ"اس کے چلانے پر وہ ہوش میں آئی عریشہ نکلی تو اس نے گاڑی آگے بڑھا دی۔"

عریشہ کمرے میں لڑکھڑاتی داخل ہوئی

دروازے کے ساتھ بیٹھتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

اس نے عشق کیا تھا ۔

لیکن میر نے کیا کیا تھا۔

میر ساری رات گھر نہیں آیا تھا۔

میر کا نمبر بھی بند جا رہا تھا۔

اگلی صبح زویا انکے کمرے میں گی تو وہ بخار میں تپ رہی تھی۔اس نے ڈاکٹر کو کال کی

ڈاکٹر چیک کر کر میڈیسن دے گیا تھا۔

exponovels

سب اس کے آس پاس ہی تھے۔

رات کو کھانا کھلا کر اسے آرام کرنے کی ہدایت دے کر بی جان سب کو ساتھ لیے نکل گی۔میڈیسن کے زیر اثر وہ جلد ہی سو گی۔

رات کے دوبجے میر گھر داخل ہوا تھا۔

ٹی وی لاونج میں بی جان اسی کا انتظار کر رہیں تھیں۔

"بی جان آپ سوئیں نہیں ؟"

میر نے پوچھا

کدھر تھے؟ٹائم دیکھا ہے؟"انہوں نے جواب دینے کی بجاے سوال پوچھے تھے"

سوری بی جان کام میں بزی تھا۔ٹائم کی طرف دھیان ہی نہیں گیا۔ابھی جا کر آرام کرے صبح بات ہوتی ہے"۔میر نے کہا تھا۔

کھانا لاوں؟"بی جان نے پوچھا۔"

نہیں۔"ڈنر میں نے باہر سے کر لیا ہے۔"

شب بخیر"۔

وہ اپنے روم کی جانب چلی گی۔

گڈ نائٹ"۔"

میر نے کہتے بمشکل کہتے قدم بڑھاے۔

کمرے میں داخل ہو ا بیڈ پر سوے وجود پر نظر پڑتے اس کا غصہ عود کر آیا تھا۔

اک جھٹکے سے اس کو پکڑ کر گھسیٹتے ہوے بیڈ سے اتارا۔

اس افتاد پر وہ خوف زدہ ہو گی۔

آنکھیں کھول کر دیکھا۔۔

exponovels

آج کے بعد اپنی اوقات مت بھولنا۔"

بیڈ پر نظر نہیں آنا۔

یہ نہ ہو میں اپنا وحشی پن سارا تم میں انڈھیل دوں"۔

اک جھٹکے سے چھوڑا تو وہ زمین بوس ہو گی۔میر ڈریس لے کر شاور لینے چلا گیا۔

وہ روتی ہوئی صوفے پر جا کر لیٹ گی۔۔۔

نقاہت کی وجہ سے نیند غالب آگی۔

میر نکلا تو وہ صوفے پر سمٹی ہوئی پڑی تھی۔گردن جھٹک کر لیٹ گیا۔

لیکن جلد ہی اٹھ کر بیٹھ گیا۔

جنجھلا کر اٹھا کب بورڈ سے کمبل نکال کر اس پر ڈالا۔

جا کر لیٹ گیا۔

صبح آنکھ کھولی تو وہ کمرے میں نہیں تھی ملازمہ کو ناشتہ کا بول کر شاور لیا ریڈی ہو کر نیچے آیا۔

سب کو سلام کرتا بیٹھ گیا۔

وہ ٹیبل پر بھی موجود نہیں تھی۔

برخودار کہا کی تیاری ہے؟"حیدر نے میر سے دریافت گیا۔"

بابا ہوسپٹل جا رہا ہو"۔اس نے ناشتہ کرتے جواب دیا"

لیکن بیٹا آپ نے تو چھٹیاں لے رکھی تھی"۔"

جی۔۔"پر کیسی ایمرجنسی کی وجہ سے کینسل ہو گی ہے"۔"

اس نے مصروف انداز میں جواب دیا تھا۔

ہاتھ صاف کرتے اٹھ گیا۔

اک ہفتہ گزر چکا تھا۔میر

exponovels

لیٹ نائٹ آتا۔اور صبح جلدی نکل جاتا تھا۔

سب محسوس کر رہے تھے کہ انکے درمیان کچھ ہوا ہے۔

میر کمرے میں سے نکلا تو بھابھی اسے گھیرے کھڑی تھی۔

تمہارے اور میر کے درمیان کیا چل رہا ہے؟"

کہاں سے لگتا ہے کہ کچھ دن پہلے تمہاری شادی ہوئی ہے"۔

وہ گڑبڑا گی۔

حملہ اتنا اچانک ہوا تھا

کہ اسکا ذہن ماوف ہو گیا تھا۔

و۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔۔اٹکتے ہوے کچھ بولنے کی کوشش میں تھی۔"

"ارے ہنی۔۔۔۔۔"

میر نے آکر اسکے کندھے پر مسکراتے ہوے ہاتھ رکھا۔

"تو اسنے چونک کر اسکی طرف دیکھا۔

کتنی بار کہا ہے میں جب اٹھوں تو تم میرے سامنے مجھے چاہیے۔پر تم بس سسرال والوں کو ہی خوش"

"کرنے میں لگی رہو۔

اس نے مسکراتے ہوے اسکی طرف گہری نظروں سے دیکھتے کہا۔

وہ ہونق بنی دیکھ رہی تھی۔

بھابھی میں لے جاوں۔

میر نے ہاتھ تھامتے کہا۔

بھابھی نے گردن اثبات میں ہلا ی۔کمرے میں آکر میر نے اک جھٹکے سے چھوڑا۔

وہ لڑکھڑا گی۔

"ہمارے درمیان جو بھی ہے وہ اس کمرے کے اندر رہنا چاہیے۔انڈرسٹنڈ؟"

exponovels

اس نے انگلی اٹھا کر وارن کرتے ہوے باہر کی راہ لی۔

وہ مما کے ساتھ واک کے لیے نکلی تھی۔

دونوں پارک سے نکلیں۔

مما یکدم بے ہوش ہو کر گر پڑیں۔

اس کے تو ہاتھ پاوں پھول گے تھے

انکا سر گود میں رکھے انکے چہرے پر جھکی "مما۔۔۔۔آنکھیں۔۔۔کھولے نہ پلیز۔۔۔کیا ہوا ہے آپ کو۔۔۔۔۔۔"

اس نے بہتے آنسوں سے التجا کی تھی۔

پھر سامنے والے گھر کی طرف دوڑی۔

تاکہ ہیلپ لے سکے۔

اس نے بیل بجائی تھی

پریشانی میں بیل پر ہاتھ تو رکھ دیا تھا

لیکن اٹھانا بھول گی تھی۔

کیسی نے غصے سے دروازہ کھولا۔

"کیا بتمیزی ہے؟"

سامنے والے نے گھورتے پوچھا تھا۔

پ۔۔۔پلیز میری مما کو دیکھے وہ بے ہوش ہو گی ہے۔۔۔اس نے روتے ہوے التجا کی تھی۔

وہ تیزی کے ساتھ باہر نکلا۔انکو اٹھا کر اپنے گھر لے کر آیا۔

"انکو پہلے بھی کبھی ایسا ہوا ہے؟"

exponovels

اس نے انکو چیک کرتے پوچھا تھا۔

"جی شوگر ہائی ہو جاتی ہے انکی۔"

اس نے چیک کرنے کے بعد اک ٹیبلٹ انکی زبان کے نیچے رکھی۔

کچھ دیر کے بعد انکو ہوش آگیا۔

وہ اٹھ کر بیٹھ گئیں۔

ہانیہ روتی ہوئی انکے سینے سے جا لگی۔

آپ کو پتا ہے میں کتنی پریشان ہو گی تھی۔

"آنٹی اب کیسی طبیعت ہے؟"

شاہ نے ان سے پوچھا تھا۔

بیٹا اللہ کا شکر ہے اب بہتر ہوں۔

انہوں نے مسکراتے جواب دیا۔

مما آپ یکدم بے ہوش ہو گی تھی۔

ہم انکے دروازے کے سامنے تھے ۔

میں نے انکو مدد کے لیے بلایا۔

"پھر شاہ کی طرف منہ کرکے کہا

تھینکس اگر آج آپ نہیں ہوتے تو پتا نہیں کیا ہو جاتا"۔

ہانیہ نے شکریہ ادا کیا تھا۔

شاہ بغور اسے دیکھ رہا تھا

مشرق و مغرب کا امتزاج وہ منفرد سی لگی تھی۔

"مما چلیں پاپا انتظار کر رہے ہوں گے۔"

اس نے اس کی نظروں سے گھبراتے کہا تھا۔

exponovels

”آنٹی بیٹھے نہ میں ناشتہ بنا کر لاتا ہوں“

اس نے آداب میزبانی نبھاے تھے۔

نہیں بیٹا بہت بہت شکریہ تم نے اتنی ہیلپ کی۔اب ہم چلتے ہیں۔

.انہوں نے کھڑے ہوتے کہا تھا

میر کے پاس عریشہ کے ایکسیڈینٹ والے دن کی رپورٹ آئی تھی۔

وہ دیکھ کر پریشان ہو گیا تھا۔اس کی گاڑی کی بریک فیل ہوئی نہیں تھی۔بلکہ کی گی تھیں۔

زویا بھابھی کمرے میں آئی تو اس کو عریشہ پریشان سی لگی۔

کیا ہوا؟“۔“

اس نے ہاتھ تھامتے پوچھا۔

”وہ میری بریسلیٹ تھی رات کو اتار کر ادھر رکھی تھی ادھر ابھی صبح تھی پر اب نہیں مل رہی ہے۔‘

اس نے پریشانی سے کہا۔

کوئی بات نہیں میر بھائی سے بولنا وہ نیو دلوا دے گے۔

اس نے تنگ کرتے ہوے کہا۔

وہ بھی دھیرے سے مسکرا دی۔

زویا کافی دیر باتیں کرتی رہی پھر وہ باہر نکل گی۔

میر حسب معمول لیٹ ہی گھر آیا تھا۔

صبح اٹھا تو وہ ڈریسر کے سامنے آنکھیں پھاڑے بریسلٹ کو گھور رہی تھی۔

exponovels

پھر خود سے گردن جھٹک کر سر کی بیک سائیڈ پر چپت لگاتے بریسلٹ کو مٹھی میں بند کیا۔مسکراہٹ دھیرے دھیرے گہری ہو رہی تھی۔

میر بھی اس کی ایسی حرکتیں دیکھ کر ہنس دیا۔

فارم ہاوس پر ہوے جھگڑے کے دن سے انکی بول چال بند تھی۔

وہ بی جان کے کمرے میں جا کر لیٹ گی تھی۔

میر کے ہوسپٹل جانے کے بعد اپنے کمرے میں جا کر بیٹھی تھی۔

ملازمہ نے دروازہ ناکڈ کیا۔

"یس۔۔۔"

اس نے کہنے کے ساتھ آنے والے کو دیکھا۔

عریشہ بیٹے وہ نیچے کوئی میر صاحب کو ملنے آیا ہے۔

وہ شال اوڑھتے اسکے پیچھے چل پڑی۔

وہ ڈرائنگ روم میں آئی۔

سامنے اک بڑی عمر کی عورت اور ساتھ میں دس سال کا بچہ تھا۔

وہ اسے آتے دیکھ کر کھڑے ہو گے۔

اسلام و علیکم۔۔'اس نے سلام کیا۔"

وعلیکم سلام"۔"

بوڑھی عورت نے جواب دیا۔

"آپ بیٹھے نہ کھڑے کیوں ہو گے"

بیٹھنے کے بعد کچھ دیر خاموشی چھا گی۔پھر عریشہ نے بات شروع کی

جی فرمایئے کس سلسلے میں آے ہیں؟"۔"

ملازمہ چاے لے آئی۔

exponovels

ڈاکٹر صاحب کدھر ہیں؟"۔"

انہوں نے پوچھا۔

"وہ کام سے گے ہوے ہیں۔"

"اس نے جواب دیا۔

"آپ انکی کیا لگتی ہے؟"

انہوں نے پوچھا۔

جی میں ان کی بیوی ہوں کوئی کام ہے تو مجھے بتا سکتی ہے"۔"

عریشہ نے کہا تھا۔

بی بی جی میں انکا شکریہ کرنے آئی تھی"

انہوں نے اپنی شادی والی رات میرے پوتے کا اپریشن کیا تھا۔

اور سارا خرچہ بھی اٹھایا تھا۔

رب بھلا کرے انکا۔اس کی بات سنتے عریشہ کا رنگ فق ہوا تھا۔

تو۔۔۔اسکا۔۔۔۔مطلب ۔۔۔۔۔میر نے مجھے نہیں چھوا تھا۔اور میں پتا نہیں انکو کیا کیا بول گی

اتنے میں بی جان بھی آگئیں۔

وہ اٹھ کر کمرے میں چلی گی۔

ہوس کے بوچاری۔ ۔۔۔۔۔۔ہوس کے پوجاری۔

۔۔۔۔۔وہ بمشکل خود کو گھسیٹتے ہوے کمرے میں پہنچی۔

بیڈ تک بمشکل پہنچتے ہوے لڑکھڑاتی بیڈ پر گری۔

اپنے کہے الفاظ ہی اسے پاگل کر رہے تھے۔

exponovels

میر اک ہفتے کے لیے کہیں گیا ہوا تھا۔

اور اس کو چپ لگی ہوئی تھی۔

ماما پاپا ملک سے باہر گے ہوے تھے۔

بھابھی اپنے میکے گی تھی۔

برہان اور بی جان اسے لینے جا رہے تھے۔

وہ ٹی وی لاونج میں بیٹھی تھی۔

بی جان اک بار پھر سوچ لیں"۔ برہان نے کہا۔ "

بی جان اور عریشہ نے اس کی طرف دیکھا۔

دیکھے نہ کتنا سکون ہے۔ ۔کچھ دن اور رہنے دے"۔"

" بی جان نے گھورا۔

کسی نے سچ ہی کہا ہے اپنے ہی اپنوں کے دشمن ہوتے ہیں۔ میری آزادی کسی سے ہضم نہیں ہو رہی"

۔برہان نے منہ بسورتے کہا۔"

بی جان نے کان پکڑ لیا۔

وہ چلا اٹھا۔

عریشہ کا قہقہ ابل پڑا۔

یہ منسحرا پن چھوڑ دو"۔"

ہاے پہلے کان تو چھوڑے"۔"

اس نے دوہائی دیتے کہا تھا۔

وہ دونوں روانہ ہوے تو وہ بے دلی سے ٹی وی بند کر کے اوپر چلی گی۔

دوگھنٹے ہو گے تھے ان کو گے ہوے ابھی تک نہیں آے تھے

اس کا فون بجا تو اس نے اٹھایا۔

exponovels

برہان تھا۔

اس نے بتایا زوباریہ کے والد کی طبیعت خراب ہے وہ ہوسپٹل لے کر آے ہیں

جیسے ہی انک طبیعت سنبھلی وہ لوگ گھر آ جاے گے۔

اس نے ماما کا نمبر ملایا پر انہوں نے کال ریسیو نہیں گی تھی۔

گیارہ بج گے تھے ۔

اس کو بے چینی محسوس ہو رہی تھی۔

میر کا نمبر نکالا شش و پنج میں تھی ملاے کہ نہیں۔۔۔۔۔۔یکدم لائیٹ بند ہو گی تھی۔اندھیرا چھا گیا

اس کا دل ہول رہا تھا۔اس نے کانپتے ہاتھوں سے میر کا نمبر ڈائل کیا۔ پورا کمرا گولیوں کی تڑ تڑ سے

گونجنے لگ گیا۔ میر نے ہنی کے نمبر سے کال آتے دیکھ کر آنکھیں پھیلائی تھیں۔ پھر کچھ سوچتے کال پک

کر لی۔

اس کے چہرے کا یکلخت رنگ بدلا تھا۔

آ۔۔۔۔آاااا۔۔۔م۔۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔اس کی چینخیں اسکی جان نکال گی تھی۔

ہنی۔۔۔۔ ک۔۔۔۔کون۔۔۔۔۔۔ہے۔۔۔۔۔۔۔ کہاں ہو؟

اور پھر اک دم موت کا سا سناٹا چھا گیا تھا۔

ہانیہ کی فرینڈ نے پارٹی رکھی تھی

اور اسکو انوائیٹ کیا تھا۔

اسکا موڈ نہیں تھا پر فرینڈز بار بار کال کر رہی تھیں۔

بے دلی سے اٹھی۔

exponovels

بلو کلر کا گاون جو کہ پاوں کو چھو رہا تھا زیب تن گیا۔

گلے اور دامن پر گولڈن سٹون سے بہت خوبصورت کام ہوا تھا۔

بالوں کا اس نے جوڑا بنا دیا۔

اک لٹ چہرے پر جھول رہی تھی۔

ریڈ کلر کی لیپ سٹک لگائی۔

نیچرل میک اپ کیا۔

پینسل ہیل پہنے وہ ڈوبٹہ کندھے پر ڈالے اک کلائی پر نفیس سی گھڑی پہنے۔

دوسرے میں کلچ پکڑے مما سے اجازت لے کر نکلی تھی۔

پارٹی کیسی ہوٹل میں تھی۔اس نے انویٹیشن کارڈ کے لیے پورا کلچ چیک کر لیا نہیں ملا۔اوپر سے سونے پر سوھاگہ فون بھی گھر ہی رہ گیا تھا۔

انویٹیشن کے بنا اندر نہیں جا پا رہی تھی۔

اس نے ادھر ادھر نظر گھمائی۔

یکدم نظر شاہ پر پڑی۔

اس نے ہاتھ ہلایا۔

وہ بھی سامنے ہی دیکھ رہا تھا۔

اس نے پاس آنے کا اشارہ کیا۔

شاہ اس کے پاس آیا۔

ہیلو۔۔۔اس نے مسکرا کر کہا۔

ہیلو۔۔۔۔شاہ نے جوابا کہا تھا۔

م۔۔۔مجھے اک چھوٹی سی فیور چاہیے"۔"

اس نے کہا تھا۔

exponovels

جی فرمایئے"۔شاہ نے ہاتھ باندھتے کہا تھا۔"میری فرینڈ کی پارٹی ہے ادھر۔میرا انویٹیشن کارڈ گھر رہ گیا ہے۔اور فون بھی گھر ہی چھوڑ آئی ہوں۔کیا مجھے اپنے ساتھ اندر لے جاے گے؟؟؟"اس نے بلو آئیز کو اٹھا کر کہا تھا۔شاہ تو اس کی آنکھوں میں ہی گھو گیا تھا۔اتنی خوبصورت۔۔۔۔۔۔۔۔اس سمے وہ بہت معصوم بھولی بھالی لگ رہی تھی۔بلکہ معصومیت کے ریکارڈ توڑ رہی تھی۔دل کھینچتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔پھر خود کو سنبھالتے شاہ اس کی طرف متوجہ ہوا۔

ریکویسٹ کرو پہلے۔۔۔۔شاہ نے مسکراتے کہا تھا۔اس نے آنکھیں پھیلائی۔۔۔۔

آاااہ وہ سسکی تھی۔

میڈم سنبھل کے "۔"

ملازمہ نے کہا تھا۔

اسی اثنا میں زویا چلی آئی تھی۔

exponovels

اس نے کانچ کانپتے ہاتھوں سے نکالا تھا۔ زخم گہرا نہیں تھا۔اس نے زخم صاف کر کے بینڈیج کر دی۔

کھانا کھا کر وہ لوگ باہر آے تھے

یہ میر کہا رہ گے وہ بڑ بڑائی کمرے میں سے فون لے کر آئی۔

ٹی وی آن تھا۔
وہ کمرے سے نکل کر نیچے آتے ہوے نمبر ملانے لگی۔

اسکی نظر نیچے چلتے ٹی وی پر پڑی۔

فون چھوٹ کر نیچے گرا تھا

اسکو سب گھومتا محسوس ہوا تھا۔

اس نے ریلنگ کا سہارا لیا تھا۔

میر زیان شاہ پر قاتلانہ حملہ ہوا ہے

اس سب کے پیچھے کون ہے اب یہ تو میر زیان کے ہوش میں آنے کے بعد ہی پتہ چلے گا۔

exponovels

وہ شدید زخمی حالت میں لاے گے ہیں۔

مزید اب ڈیٹ کے لیے ہمارے ساتھ رہیے گا۔

فق چہرا لیے آنکھیں پھاڑے سامنے کی سکرین کو دیکھ رہی تھی۔

زویا جو کچن سے اسکے لی جوس لے کر آئی تھی ۔عریشہ کو ایسے گرتے دیکھ کراسکے ہاتھ سے گلاس چھوٹ گیا۔

"عریشہ کیا ہوا ہے؟"

انہوں نے پریشانی سے اس کا چہرا تھپتھپایا۔

ملازمہ بھاگ کر پانی لے آئی۔

انہوں نے اسکے چہرے پر پانی کے چھینٹے گرائے۔

وہ آہستہ سے آنکھیں کھولتی اٹھ کر بیٹھی تھی۔

آر یو اوکے۔چلو ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں"۔"

exponovels

زویا نے پریشانی سے اسے کھڑا کرتے کہا تھا۔

وہ اسکے ساتھ لگ کر ڈھاڑے مار کر رو دی تھی۔

" میڈم وہ دیکھے ٹی وی پر میر اور برہان سر"

میڈ نے کہا تھا۔

آواز سلو ہونے کی وجہ سے زویا کا دھیان ٹی وی پر نہیں تھا۔

سامنے برہان کوریڈور میں تھا اسکے کپڑے خون سے رنگے ہوے تھے۔

اک طرف میر کو جب اپریشن تھیٹھر میں لے کر جا رہے تھے۔

وہ ویڈیو چل رہی تھی

وہ شل ہوئی ٹانگوں کے ساتھ دیوار کا سہارا لیے کھڑا تھا۔

اسکے اندر باہر سناٹا چھایا ہوا تھا۔

موت کا سا گہرا سکوت تھا

exponovels

پاپا اور کچھ آفیسرز بھی ساتھ ہی تھے۔ میر کو اپریشن تھیٹر لے کر گے ہوے تھے۔
وہ اندر زندگی اور موت کی درمیان لٹک رہا تھا۔

اور باہر برہان سولی پر لٹکا ہوا تھا۔

زندگی نے یہ کیسا کھیل کھیلا تھا

زویا بھی منجمند ہوئی تھی۔
عریشہ ہاتھ چھڑواتی کمرے کی جانب ڈوری تھی

"عریشہ پلیز سنبھل کہ۔۔۔۔۔"

میڈ اور زویا بھی اسکی پیچھے بھاگی تھی۔

بی جان بھی شور سن کر باہر آئی تھیں

"زبیدہ کیا ہوا ؟کیسا شور ہے؟"
انہوں نے پریشانی سے میڈ سے پوچھا تھا۔

وہ واش روم گھسی۔

exponovels

کچھ دیر بعد تیزی سے دوازہ کھول کر کمرے میں آئی تھی۔

پانی کے قطرہ چہرے سے نیچے گر رہے تھے اس نے جاے نماز کب بورڈ سے نکالی۔

زویا اور میڈ جس طرح سے آئی تھیں اسی طرح واپس چلی گی۔

نیچے آئی تو بی جان کھڑی تھیں۔

"زویا پتر سب خیریت ہے نہ کیا ہوا ہے؟"

انہوں نے ہولتے دل سے پوچھا تھا۔

"وہ۔۔۔ وہ ۔۔۔بی جان۔۔۔۔میر بھائی کا اک چھوٹا سا ایکسیڈینٹ ہو گیا ہے۔

زویا نے ان سے حقیقت چھپائی تھی۔تاکہ انکی طبیعت نہ خراب ہو جاے۔ وہ لڑکھڑائی تھیں۔
"بی جان"

دونوں نے انکو تھامے صوفے پر بٹھایا تھا۔

بی جان نے ملازم کو پکارا تھا۔اس کو پیسے دے کر بکرا لانے کو کہا۔

exponovels

کچھ دیر بعد ملازم اک کالا بکرا لے کر آیا۔جس کا انہوں نے صدقہ دیا تھا

عریشہ اپنے رب کے سامنے سجدے میں گر پڑی تھی

اے میرے اللہ۔۔۔"اس نے روتے تڑپتے پکارا تھا۔"

اے اللہ تو رحمن ہے رحیم ہے۔"
ہم گناہ گار خطا کار بندے ہے تیرے تُو معاف کرنے والا ہے۔
اے مسیحا تُو ۔۔۔تو۔۔ خاموشیوں کو بھی سنتا ہے اے شہ رگ سے قریب مولا تو میرے میر کو لمبی زندگی دے۔

ان کو اپنے حفظ و امان میں رکھ۔
اے ستر ماوں سے بڑھ کر پیار کرنے والے اللہ تجھے اس پیار کا واسطہ رحم کر دے میرے میر کو صحت و عافیت خیر و بھلائیوں والی لمبی زندگی دے۔
یا ارحم الرحمین رحم کر
میرے اللہ
میرے میر کو زندگی دے سب ٹھیک ہو جاے میرے مولااپنی رحمت کے صدقے نواز دے ۔

اس نے اندر کی بڑھتی گھٹن کو آنسو کے ذریعے باہر نکلا تھا۔

اسکے بعد اس میں بولنے کی ہمت نہیں تھی وہ ڈھاڑے مار مار کر رو پڑی تھی۔ بے بسی کی انتہا پر تھی۔

exponovels

وہ وہموں اور حدشوں میں گری اپنے رب کے در پر پڑی تھی جہاں سے کوئی اٹھا ہوا ہاتھ خالی نہیں جاتا۔

وہ سجدہ ریز تھی

جب کسی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔

یہ لمس

وہ اک جھٹکے سے سیدھی ہوئی تھی۔

شاکڈ سی گردن موڑے دیکھ رہی تھی۔

"م۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔۔"

اسکا چہرا دیوانہ وار چوم رہی تھی۔

"آپ ٹھیک ہے نہ ؟"

اس نے روتے ہوے اپنی پیشانی اسکی پیشانی سے لگائی تھی

ہاں ہنی دیکھو میں تمہارے سامنے ہوں۔بلکل ٹھیک ہو"

exponovels

میر نے اسے کہا تھا

پھر اسکے سینے سے لگتی خود پر اختیار کھو بیٹھی تھی۔

اپریشن تھیٹھر کے باہر لگی لائٹ بند ہوئی تھی۔

برہان نے آنکھیں زور سے بند کر کے کھولی تھی۔

تیزی سے باہر آتے ڈاکٹر کی جانب آیا تھا۔
بکھرے بال اڑی رنگت ڈاکٹر نے اک نظر اسے دیکھا تھا۔

برہان کی جان نکلنے کے در پر تھی۔

خدا کا جتنا بھی شکر ادا کرے کم ہے۔ میر اب خطرے سے باہر ہے۔"

گولی دل سے اک انچ نیچے لگی تھی اک گولی کندھے پر لگی تھی

"ہم نے اپریٹ کر دیا ہے خون زیادہ بہنے کی وجہ سے بے ہوش ہے۔انشااللہ جلد ہوش میں آ جاے گے

exponovels

ڈاکٹر نے پیشہ ورانہ انداز میں بتایا تھا

اسکو مانو زندگی کی نوید مل گی تھی۔

"تھینکیو ڈاکٹر"

وہ فرط مسرت سے ڈاکٹر کے گلے لگ گیا۔

لیکن جب سمجھ آئی تو اک دم پیچھے ہوا تھا

"آئی ایم سوری ڈاکٹر"

" اٹس اوکے"

ڈاکٹر مسکراتا اسکا کندھا تھپتھپا کر اپنے کیبن کی طرف بڑھ گیا۔

وہ پاپا کے گلے لگ گیا۔

انکی بھی آنکھیں نم تھیں

حیدر صاحب کے نمبر پر گھر سے پھر سے کال آ رہی تھی۔

exponovels

زویا بیٹا میر کا ابریشن کامیاب ہو گیا ہے اب وہ خطرے سے باہر ہے۔

زویا فون بند کرتی عریشہ کے کمرے میں بھاگی تھی۔

"عریشہ ۔۔۔۔"

اسنے بت بنی عریشہ کا کندھا ہلایا تھا۔

اسکے ہلانے پر وہ چونکی تھی۔

"م۔میر۔۔۔۔۔۔"

اسکے لبوں سے نکلا تھا لیکن میر کی جگہ زویا کھڑی تھی۔

بھابھی کے یوں آنے پر عریشہ کی جان نکلی تھی

وہ اپنی سانس ہموار کر رہی تھی

exponovels

عریشہ کو لگا تھا اسکی سانس بند ہو رہی ہے

زویا نے آگے بڑھ کر عریشہ کو گلے لگایا تھا۔

میر بھائی کی سرجری کامیاب ہو گی ہے اب وہ خطرے سے باہر ہے۔

عریشہ جو دم سادھے کھڑی تھی اسکی رکی سانس بحال ہوئی تھی۔

اس خبر نے اس میں رخ پھونک دی تھی۔تشکر سے آنسو بہاتے وہ اپنے رب کا شکر ادا کر رہی تھی۔

____💜💜💜💜____

عریشہ میری بات سنو پلیز تم رو کیوں رہی ہو"۔"

"ادھر دیکھو میری طرف"

۔وہ ٹیرس پر کھڑی تھی۔

میر اسکی طرف بڑھ رہا تھا۔

اور وہ گردن ہلاتی پیچھے کی طرف قدم اٹھا رہی تھی۔

exponovels

”عریشہ روکو۔۔۔میری بات تو سنو پلیز“

”ہنی۔۔۔۔۔“

عریشہ کا پاوں مڑا تھا وہ ریلنگ سے اچھلتی نیچے جا گری تھی۔

”نییییییی۔۔۔۔“

وہ چیختا ہوا اٹھا تھا۔

برہان جو اسکے بیڈ پر سویا ہوا

ہڑبڑاتا اٹھا تھا نیند سے بوجھل آنکھیں کھول کر پوچھا تھا

”میر بھائی کیا ہوا آر یو اوکے؟“

حیدر شاہ صوفے پر آنکھیں بند کیے بیٹھے تھے۔

پریشانی سے کھڑے ہوے تھے

exponovels

یکدم اٹھنے سے اسکے منہ سے کراہ نکلی تھی

برہان کھڑا ہوتا اس پر جھکا تھا۔اسے آرام سے لٹایا تھا

بھائی آپ ٹھیک ہے نہ؟مجھے آپ سے بات ہی نہیں کرنی ۔ایسا کرنے کی کیا ضرورت تھی ؟کیوں کیا" آپ نے ایسے؟

"اگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو پھر۔۔۔

وہ نان سٹاپ بولے جا رہا تھا۔

میر نے بے چارگی سے حیدر صاحب کو اشارہ کیا تھا۔

برخودار سب کچھ تم ہی بول لو گے یاں اسے بھی کچھ بولنے دو گے"۔"

حیدر صاحب کے کہنے پر اسے خیال آیا تھا

پاپا آپ ادھر رکیں میں ڈاکٹر کو بلا کر لاتا ہوں"۔"

وہ چپ ہوتا باہر نکل گیا۔

exponovels

حیدر صاحب نے اسکی پیشانی چومی تھی۔

اتنے میں برہان ڈاکٹر کو ساتھ لیے کمرے میں داخل ہوا تھا۔

ڈاکٹر نے سارا چیک اپ کیا تھا۔

تین چار دن تک ریکور ہو جاے گے پھر آپ انکو گھر لے کر جا سکتے ہیں۔

ڈاکٹر نے کچھ میڈیسن لکھ کر دی تھی۔

برہان میڈیسن لینے چلا گیا۔

"پاپا عریشہ ٹھیک ہے نہ؟"

اس نے دل میں امڈتے خدشہ کی وجہ سے پاپا کو مخاطب کیا تھا

"ہاں گھر پر ہی ہے رات کو میں نے سب کو منع کر دیا تھا آج سب لوگ تم کو دیکھنے آے گے"

مما آوٹ آف کنٹری گئیں ہوئیں تھیں۔

باقی سب لوگ ہوسپٹل کے لیے نکل رہے تھے۔

exponovels

زویا اسے بلانے آئی تھی۔

وہ خالی نظروں سے کھڑکی کے پاس کھڑی خلا میں گھور رہی تھی۔

عریشہ چلو میر بھائی کو دیکھنے کے لیے سب ہوسپٹل جا رہے ہیں"۔"

"بھابھی آپ لوگ ہو آئیں میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے"

اگر طبیعت زیادہ خراب ہے تو میں روک جاتی ہوں۔

"نہیں بس سر میں درد ہے"

آرام کروں گی تو ٹھیک ہو جاوں گی۔

اوکے اپنا خیال رکھنا"۔ "

زویا کہتی نکل گی۔

وہ جا کر لیٹ گی کمبل اوڑھ لیا۔

exponovels

آنکھیں جلنے لگ گی تھی۔

میں کبھی آپ سے بات نہیں کروں گی۔کمبل کو زور سے دبوچتے رو پڑی تھی

شدت سے رو پڑی تھی

سب لوگ اک ساتھ کمرے میں آے تھے وہ مسکرا دیا تھا۔

بی جان نے پاس آکر اسکی پیشانی چومی تھی

"میرا بچہ اب کیسا ہے ؟"

بی جان بچہ اب بڑا ہو چکا ہے۔

برہان نے منہ بناتے کہا تھا۔

اس سے کہا برداشت ہوتا تھا کہ کوئی اس سے زیادہ میر کو پیار کرے

"جی بی جان میں اب ٹھیک ہوں"

اس نے ادھر ادھر دیکھتے کہا تھا

exponovels

لیکن جس کو دیکھنا چاہتا تھا وہ تو آئی ہی نہیں تھی۔

اسکی بے چینی محسوس کر کے زویا دھیرے سے بولی تھی۔

میر بھائی عریشہ کی طبیعت ٹھیک نہیں اسی لیے نہیں آئی"۔"

میں نے ہی آرام کرنے کا بولا تھا۔

اس نے گردن ہلائی تھی۔

مسکرا کر پاس بیٹھی انابیہ کا ہاتھ تھاما تھا جو اسے ایسے دیکھ کر ہریشان ہو گی تھی۔

"ڈونٹ وری میں بلکل ٹھیک ہوں اک دو دن تک گھر آ جاوں گا"

انابیہ نے اسکا گال چوما تھا۔

برہان کو پاپا نے گھر بھیج دیا تھا تاکہ ڈریس چینج کر آے۔

اور کچھ دیر آرام کر لے رات تک وہ رکیں گے اور پھر رات کو برہان رک جاے گا۔

exponovels

وہ ان کے ساتھ گھر آیا تھا۔

گھر آکر اس نے چینج کیا۔

لنچ کیا۔سونے کے لیے کمرے میں آ گیا۔

رات کے آٹھ بجے زویا نے اسے جا کر جگایا۔

بریان اٹھ جاے اور کتنی دیر سوے گے۔دیکھیں آٹھ بج گے ہے"۔"

وہ جلدی سے اٹھ بیٹھا تھا۔

فریش ہو کر باہر آیا۔زویا کھانا لگا رہی تھی۔

اس نے عریشہ کو ڈھونڈا وہ کہی نظر نہیں آئی تھی

اس نے جا کر میر کے کمرے کے دروازے پر دستک دی ۔

"کون ہے؟"

عریشہ کی آہستہ سے آواز آئی تھی۔

exponovels

وہ اندر چلا آیا۔

وہ بیڈ پر بیک کراون سے ٹیک لگاے بیٹھی ہوئی تھی۔ اس نے تیزی سے آنسو صاف کیے تھے

"اب طبیعت کیسی ہے؟"
برہان پوچھا تھا

اس نے جواب دیا۔

میں ٹھیک ہوں"۔"

"بھائی کا نہیں پوچھے گی؟"

برہان نے کہا تھا

"ک کک۔۔کیسے ہے وہ؟"

اس نے ہکلاتے پوچھا تھا۔

"ریڈی ہو جاے ہم ہوسپٹل جا رہے ہیں"

exponovels

وہ اس کی سنے بنا ہی باہر نکل گیا۔

سب ڈنر کر رہے تھے۔

جب وہ چادر شانوں پر پھیلاتی آئی تھی۔

آو عریشہ ڈنر کر لو۔"

"میں نے میڈ کو بھیجا تھا شاید بھول گی تھی

زویا نے کہا تھا

بھابھی وہ مجھے بول کر آئی تھیں"
میں ہوسپٹل جانے کے لیے ریڈی ہو رہی تھی"۔

وہ کرسی گھسیٹتے بیٹھ گی تھی۔

مشکل سے چند نوالے لیے تھے۔

"بھابھی چلیں؟"

exponovels

اس نے ہاتھ صاف کرتے کہا تھا۔

زبیدہ جاو میرے کمرے سے میرا پرس اور موبائل لے آو"۔"

اس نے میڈ سے کہا تھا۔

اس نے لا کر دیا تو وہ اٹھی۔

زویا اس کے ساتھ باہر تک آئی تھی۔

میں پاپا کے ساتھ واپس آ جاوں گی"۔"

اسنے زویاسے کہا تھا

زویا ہنس دی۔

نہیں تم رک بھی سکتی ہو میں برہان کو بول دوں گی کہ وہ تم لوگوں کو پوری پرائیوسی دے گا"۔"

زویا نے ٹانگ کھینچتے کہا تھا۔

exponovels

وہ چھنیب گی تھی۔

پھر وہ آکر بیٹھی تو برہان نے گاڑی سٹارٹ کی تھی۔

وہ لوگ ہوسپٹل آے تو پاپا صوفے پر بیٹھے ٹی وی پر کوئی پروگرام دیکھ رہے تھے۔

السلام علیکم
دونوں نے دھیرے سے سلام کیا تھا۔

انہوں نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔

وہ ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں مروڑ رہی تھی۔

پاپا آے کافی پی کر آتے ہیں۔

وہ بھی اسکا اشارہ سمجھ کر نکل آے تھے

میر دوائیوں کے زیرے اثر سو رہا تھا

وہ قدم اٹھاتی اس کے قریب آئی تھی۔

exponovels

اسکا دل لزہ تھا۔ہاتھ میں پکڑا پرس چھوٹ کر نیچے گرا تھا

وہ پٹیوں اور نالیوں میں جھگڑا ہوا تھا

درد کی ان دیکھی سی لہر نے اسکے پورے وجود کو جھگڑا تھا۔
بے اختیار آنسو پلکوں کی باڑ توڑ کر گالوں پر پھسلے تھے

اسکے ہاتھ کو آہستہ سے اٹھاے لبوں سے لگایا تھا۔

پیشانی پر بکھرے بالوں کو سنوارا تھا۔

اسکی بوجھل پلکوں میں ہلکی سی جنبش ہوئی تھی۔

وہ اٹھی نیچے گرا پرس اٹھاتی تیزی سے کمرے سے باہر نکلی تھی۔

عریشہ نے مخروطی انگلیوں سے بہتے آنسو کو صاف کرتے سامنے دیکھا تھا۔

پاپا اور برہان آ رہے تھے۔

پاپا گھر چلیں"۔"

exponovels

اس نے نظریں جھکاے کہا تھا۔

برہان ہم چلتے ہیں تم میر کا دھیان رکھنا ضرورت پڑی تو مجھے کال کر لینا۔

پاپا نے اسے کہا تھا۔

" اوکے"

وہ ان کو گاڑی تک چھوڑ کر گیا تھا۔

واپس آیا تو میر جاگ رہا تھا۔

"کوئی آیا تھا؟"

میر نے سوال کیا تھا۔

"کون؟"

اس نے انجان بنتے پوچھا تھا۔

مجھے لگا کوئی تھا"۔"

exponovels

اس نے کھوے کھوے انداز میں کہا تھا

میر کو ا بھی بھی اپنے ہاتھ اور پیشانی پر لمس محسوس ہو رہا تھا۔

"اچھاااا"

"مجھے تو کوئی نظر نہیں آ رہا۔کوئی چڑیل وڑیل تو نہیں عاشق ہو گی؟

برہان نے اک آنکھ دبا کر کہا

"فضول کی جتنی مرضی بکواس کروا لو"

اسنے چڑ کر کہا تھا۔

عریشہ گھر آئی تھی۔

بیڈ پر بیٹھی پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔

exponovels

ساری رات میر کی زخمی حالت نے اسے سونے نہیں دیا تھا۔

اگلی صبح اٹھی پاس سوئی انابیہ پر کمبل ٹھیک کیا۔

پھر وضو کرکے آئی۔نماز پڑھنے کے بعد وہ کھڑکی کے سامنے آ کھڑی ہوئی تھی۔

صبح کی مہکتی فضا نے اس کو پر سکون کیا تھا۔

وہ چلتی صوفے پر آ کر بیٹھ گی۔

میر کی بری طرح یاد آ رہی تھی۔

وہ اٹھ کر کمرے سے باہر آئی سڑھیاں اتر کر بی جان کے پاس چلی آئی۔

وہ بیٹھ کر ذکرو اذکار پڑھ رہی تھی۔

اسے دیکھ کر مسکرائیں تھیں۔

وہ جا کر بی جان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گی ۔

اسے سکون مل رہا تھا۔

exponovels

بی جان فارغ ہوئیں تو انہوں نے تسبیح سائیڈ ٹیبل پر رکھی تھی۔

"پتر کیسی طبیعت ہے؟"

بی جان نے نرم مسکراہٹ لیے پوچھا

"بی جان اب بہتر ہوں"

اتنے میں ملازمہ نے آکرناشتہ لگنے کا پیغام دیا تھا۔

حیدر شاہ کا مینجر گھر آیا تھا۔

کچھ پیپر سائن کروانے تھے۔

وہ اسکو فارغ کرتے خود بھی ہوسپٹل کے لیے نکل گے۔

عریشہ اور زویا ٹی وی لاونج میں بیٹھ گی۔

انابیہ سڑھیاں اترتی آئی تھی۔

exponovels

”مما مجھے ناشتہ کرنا ہے“

اس نے عریشہ کی گود میں سر رکھتے صوفے پر لیٹتے کہا تھا۔

چلو پہلے فریش تو ہو کر آو”۔“

عریشہ نے پیار سے بال سنوارتے کہا تھا۔

عریشہ اٹھنے لگی۔

عریشہ تم بیٹھی رہو”۔“

آو انا میں مدد کرتی ہوں”۔“

وہ اسے کمرے میں لے کر آئی تھی۔

عریشہ نے اسکے لیے ناشتہ تیار کیا تھا۔

بی جان مالی سے لان صاف کروا رہی تھی

لنچ کرنے کے بعد زویا اور برہان انابیہ کے ضد کرنے پر اسکو ہوسپٹل لے گے تھے۔

exponovels

ہر آہٹ پر وہ نظریں اٹھا کر بڑی آس سے سامنے دیکھتا تھا۔

لیکن ہر بار ناکامی ہی ملتی تھی۔

ہوسپٹل سے واپسی پر وہ لوگ آئس کریم پالر آے تھے آئس کریم پیک کروا کر گھر لے آے تھے۔

زویا کچن میں آئی تو عریشہ ڈنر تیار کر چکی تھی۔

"عریشہ تم رہنے دیتی ۔کیا ضرورت تھی کچن میں آنے کی؟۔میں آ کر بنا لیتی ابھی کافی ٹائم تھا۔"

میں بور ہی رہی تھی ۔اسی لیے کچن میں چلی آئی"۔"

اس نے پہلی دفعہ گھر میں کھانا بنایا تھا۔

سب نے بہت تعریف کی تھی۔

وہ آسودگی سے مسکرا دی تھی۔

عریشہ نے میر کے لیے بھی سوپ بنا کر بھیجا تھا۔

exponovels

برہان لے کر آیا تو میر نے اسکے پیچھے دیکھا شاید وہ بھی ساتھ آئی ہو۔

پاپا ڈرائیور کے ساتھ چلے گے ۔

برہان اپنی گاڑی میں آیا تھا۔

برہان نے سوپ کا باول اس کی طرف بڑھایا۔
میر کی بے چینی دیکھ کر وہ بولا

"وہ خود تو نہیں آئی یہ لیجیے بھابھی کے ہاتھوں سے بنا سوپ پی کر گزارا کرے"

میر نے گھورا ۔

سوپ کا چمچ برہان نے بھر کر اسکے منہ میں ڈالا سوپ بہت ٹیسٹی تھا۔

کیوں کہ اسکے دائیں کندھے ہر گولی لگی تھی اس لیے ابھی وہ خود سے کھا پی نہیں سکتا تھا۔

برہان "میر نے پکارا تھا۔"

جی بھائی "برہان نے پاس کھڑے جواب دیا۔"

exponovels

”برہان وہ کدھر ہے ؟“

میر نے پوچھا۔

”کون بھائی؟“

اسکے لبوں پر شرارت بھری مسکان تھی۔

برہان میں عریشہ کا نہیں پوچھ رہا”۔“
اس نے تنک کر کہا تھا

اس نے گھور کر کہا تھا

اس کی بات سنتے برہان کے لب سمٹے تھے زور سے مٹھیاں بھینچی تھی۔

عریشہ جو میر کو دیکھنے آئی تھی دروازے پر رک گی۔

دونوں کی بات سننی چاہی۔

بھائی آپ ٹھیک ہو جاے پھر بات کرے گے”۔“

exponovels

برہان نے فرش کو گھورتے کہا تھا۔

برہان مجھے ابھی کہ ابھی اس جگہ لے کر چلو"۔"
وہ ضدی لہجے میں مخاطب ہو تھا۔

۔" لیکن بھائی"

برہان منمنایا۔

تم نے سنا نہیں میں نے کیا کہا۔میں ابھی ان سے ملنا چاہتا ہوں"۔"

اس نے ڈرپ کی نالی نکالی تھی۔

اٹھ کر کھڑا ہوا تو سب گھومتا محسوس ہوا۔

بھائی "برہان نے بھرتی سے تھاما تھا"

عریشہ دروازے کے پار کھڑی سن رہی تھی۔

میر نے برہان کی ہڈ لے کر پہن لی چہرا اس سے ڈھک لیا

exponovels

عریشہ تیزی سے سائیڈ پر ہوئی۔

وہ دونوں باہر نکلے تو عریشہ بھی تیزی سے باہر آئی تھی۔

برہان نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی میر ساتھ بیٹھ گیا۔

گاڑی ہوسپٹل سے نکال کر روڈ پر ڈالی تو عریشہ بھی گاڑی نکالتی ان کے پیچھے نکلی۔

یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں۔

اس نے پریشانی سے سوچا۔

گاڑی اک اپارٹمنٹ کے سامنے رکی۔

عریشہ نے بھی تھوڑے فاصلے پر گاڑی روک دی تھی۔

انک پیچھے داخل ہوئی تھی۔

وہ لوگ سڑھیاں اترتے پیچھے کی جانب گے۔

وہ بھی دبے پاوں انکے پیچھے پیچھے آ رہی تھی۔

exponovels

وہ لوگ تہہ خانے میں داخل ہوے

برہان آگے تھا۔

نیچے گرا ناتواں وجود تیزی سے اٹھا تھا۔

بکھرے بال سرخ آنکھیں۔آنکھوں کے نیچے ہلکے پڑے تھے۔ وہ ہذیانی انداز میں برہان کی طرف بڑھی تھی۔

م۔۔۔مجھے پتہ تھا۔میرا بیٹا ضرور آے گا۔تم کو تو مجھ ہر بھروسہ ہے نہ میں ایسا کچھ نہیں کر سکتی"۔"

وہ اسکے سینے سے لگی بول رہی تھی

اس نے طیش سے انکو پیچھے ہٹایا تھا۔

برہان کے پیچھے کھڑا میر سامنے آیا تھا۔

ان کا رنگ اڑا تھا آنکھوں میں خوف لیے اک قدم پیچھے ہوئی تھیں۔

"ایسا کیوں کیا آپ نے بھائی کے ساتھ ؟کیا بگاڑا تھا انہوں نے آپکا؟"

exponovels

برہان نے لہو رنگ آنکھوں سے ان کو بازوں سے پکڑے جھنجوڑا تھا۔

شروع دن سے آپ کو بھائی پسند نہیں تھے لیکن مجھے یہ نہیں معلوم تھا آپ نفرت میں اس حد تک چلی جاے گئیں۔کہ بھائی اور بھابھی کو جان سے مارنے کی کوشش کی "۔

باہر کھڑی عریشہ کے کان سائیں سائیں کرنے لگ گے تھے۔

ب۔۔بب۔۔۔برہان تم کو اس نے ورگلایا ہے یہ جھوٹا اور مکار ہے"۔"

انہوں نے کہا تھا۔

بس مسسز حیدر شاہ اب اک اور لفظ نہیں ورنہ میں بھول جاو گا کہ میرے سامنے میری ماں کھڑی ہے"۔

وہ ڈھاڑا تھا

کوئی اتنی نفرت کیسے کر سکتا ہے"۔"

exponovels

وہ زور سے چلایا تھا۔

عریشہ نے دیوار کا سہارا لیا تھا۔

ہاں کیا ہے میں نے وہ سب لیکن تمہاری محبت میں کیا ہے "وہ بھی چلائی تھیں۔"

یہ۔۔۔یہ کیسی محبت ہے اس نے انکا ہاتھ جھٹکا تھا"۔"

شروع دن سے وہ تمہاری ہر چیز پر قبضہ کر رہا تھا۔"

تمہاری پھپھو اور انکل کی دیتھ کے بعد حیدر شاہ اسے ساتھ لے آے تھے۔

تم چار سال کے تھے۔

اور یہ آٹھ سال کا اس دن پہلی دفعہ میری اور حیدر شاہ کی لڑائی ہوئی تھی۔

اور پھر ہر روز ایسا ہوتا گیا۔وہ تمہاری ہر چیز شئیر کرتا تھا۔

اس کی وجہ سے تم گرے تھے۔اور حیدر شاہ نے تم پر ہاتھ اٹھایا تھا۔

exponovels

پھر ہر روز ایسا ہونے لگا وہ جیت کر آتا اور تمہارے پاپا تم کو ذلیل کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔

بات بات پر وہ اسکی مثال دیتے تھے۔ تمہارا جھکا سر مجھے بہت تکلیف دیتا تھا۔

اس دن میں نے فیصلہ کر لیا تھا اسکو اب میں کہیں کا نہیں چھوڑوں گی۔

میں چاہتی تھی یہ نیہا سے شادی کر لے۔

وہ جس طرح کی لڑکی تھی۔اس کی زندگی اس نے اجیرن کر دینی تھی۔

وہاں سے بھی یہ بچ گیا۔

پھر عریشہ والا معاملہ سامنے آیا۔

تو مجھے پتا چلا کہ اس کی جان اس طوطے میں ہے۔

میں چاہتی تھی یہ ایسی زندگی جیے کہ پل پل تڑپے

میں نے عریشہ کا ایکسیڈینٹ کرنا چاہا۔

exponovels

اسکی قسمت اچھی تھی ۔وہ اس حادثہ سے بچ نکلی۔

پھر نیہا کے ساتھ مل کر میں نے عریشہ کو سیڑھیوں سے گرانا چاہا۔

لیکن بدقسمتی سے زویا گر گی۔ اور تم لوگوں کا بچہ مر گیا۔

اسکے بعد قاتلانہ حملہ کروایا وہ پھر بھی بچ گی۔

نیہا کے ساتھ مل کر اغوا کا پلین بنایا۔وہ لوگ زویا کو اٹھا کر لے گے۔

عریشہ بربادی کے داہانے پر پہنچی ہی تھی بربادی اسکا مقدر بننے ہی والی تھی کہ تم لوگ وقت پر پہنچ گے۔

پھر مجھے معلوم ہوا کہ عریشہ ماں بننے والی ہے۔

میں اک اور حصے دار کیسے آنے دیتی۔مجھے تو میر سے پرابلم تھی۔
کچا کہ اور حصے دار وراثت کا اک اور وارث

وہ لڑکی میں نے ہی اس کو تم سے ملنے کو کہا تھا۔

اور عریشہ کو ملنے کے لیے میں نے ہی ہوٹل میں بھیجا تھا۔

exponovels

اور میرے ہی اشارہ کرنے پر اس نے دھکا دیا تھا۔جو کہ میر نے مجھے دیکھا بھی تھا۔

اسی دن یہ اس کو گھر سے لے کر نکل گیا تھا۔
اس دن کے فنکشن میں میں نے ہی انابیہ کو فورس کیا تھا کہ عریشہ کو آنے کا کہے۔

میں تو سٹیج پر ہی قصہ تمام کراونہ چاہتی تھی۔

لیکن میر اسے لیے نیچے اتر گیا۔

میں موقعے کی تاک میں تھی۔
جو کہ میر نے سیکیورٹی گارڈ کو ہٹا کر دے دیا تھا۔

پھر سنسان روڈ آتے ہی اس کی گاڑی روکی تھی۔

پہلے اس پر گولی چلوائی

اور پھر عریشہ کے بیٹ پر میں اسکی جینے کی وجہ اس سے چھین لینا چاہتی تھی۔

نہ یہ جی سکے اور نہ ہی مر سکے"۔
وہ سیاہ چہرے کے ساتھ سب کہتی چلی گی۔

exponovels

مسسز حیدر شاہہہہہ"۔"

برہان نے چلاتے ہاتھ اٹھایا تھا جو کہ سن کھڑے میر نے روک لیا تھا۔

میر نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

ب۔۔۔بھائی۔۔۔۔یہ کیسی ماں ہیں؟انہوں نے نفرت میں اندھا ہوکر میرا بچہ مار دیا۔"
قاتل ہے یہ۔اور اب اک اور جان لینے کے در پے تھیں۔ انکی ممتا کہاں جا سوئی تھی۔جو بچہ اس دنیا میں آیا ہی نہیں یہ اس کی دشمن بن بیٹھی تھیں۔ماں کیا ہوتی ہے انکو پتہ ہی نہیں ہے'۔

میر نے روتے تڑپتے برہان کو باہوں کے گھیرے میں لے لیا تھا۔ اک طرف برہان رو رہا تھا تو دوسری طرف میر بے آواز رو رہا تھا۔

برہان جیب سے فون نکلا تھا

میر نے فون جھپٹا تھا۔پولیس کو بلوا رہا تھا۔

آج میر راستے میں کوئی نہیں آے گا۔

برہان ہوش میں آووہ ہماری ماں ہے
اگروہ رشتہ بھول گئیں ہے تم تو یاد رکھو نہ کہ ماں ہے

exponovels

میر نے اسے سمجھاتے کہا تھا۔

ایسی ماں ہوتی ہے بھائی۔ماں کے نام پر دھبہ ہے۔ایسے ماں سے تو ہم یتم اچھے تھے۔میرا رب ایسی ماں" کسی کو نہ دے میں انکو انکے کیے کی سزا دوں گاانہوں نے قتل گیا ہے یہ قاتل۔ہے۔

آج اپنے بیٹے نے یہ کیسا تماچہ مارا تھا انکی روح بلبلا اٹھی تھی۔

وہ لڑکھڑا کر گری تھی۔
اس نے نفرت و حقارت سے کہا تھا۔

آج میں انکو انکے کیے کی سزا دلوا کر ہی رہوں گا۔

"نہیں برہان تم ایسا کچھ نہیں کرو گے"

میر نے اسے روکنا چاہا۔

اگر آج کوئی میرے راستے میں آیا تو میرا مرا ہوا منہ دیکھے گا۔

برہان نے جیب سےپسٹل نکال کر لہرایا تھا۔اور ساتھ وارن بھی گیا تھا۔

exponovels

میر کا ہاتھ اٹھا تھا۔

چٹاخ کی آواز سے پورا کمرا گونج اٹھا تھا۔

یکدم سناٹا چھا گیا تھا۔

برہان فق چہرا لیے ہاتھ چہرے پر رکھے شکوہ گناں آنکھوں سے میر کو دیکھ رہا تھا۔

میر نے آگے بڑھ کر انکو اٹھایا تھا۔انکے گرد بازو پھیلاتے انکو لے کر سڑھیاں چڑھنے لگ گیا۔

عریشہ نے سن وجود لیے اپنےوجود کو گھسیٹا تھا۔

وہ پلر کی آڑ میں جا چھپی تھی۔

میر نے انکو گاڑی میں بٹھایا تھا

انکی گاڑی نکلنے کے بعد وہ بوجھل قدموں سے اس کمرے میں آئی تھی

جہاں برہان ہارا ہوا نیچے بیٹھا ہوا تھا۔

exponovels

برہان بھائی "اس نے اسکے کندھے کو ہلایا تھا۔"

ہوں "اس نے آنسو سے تر چہرا اٹھایا تھا۔"

"گھر چلیں"

وہ خود کو سنبھلتا اٹھا تھا پھر اسکو ادھر دیکھ کر تھٹکا تھا۔

لیکن اس وقت وہ کوئی بھی سوال جواب کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔

میر انکو تھامے ٹی وی لاونج میں آیا تو حیدر شاہ پریشانی سے ٹہل رہے تھے۔

میر کہا چلے گے تھے مجھے ہوسپٹل سے فون آیا تھا۔کہ تم لوگ ہوسپٹل میں نہیں ہو۔میں کب سے تم دونوں کا نمبر ملا رہا ہوں پر رابطہ نہیں ہو پا رہا تھا۔

انکو کیا ہوا۔اور یہ واپس لکب آئی؟؟"۔"

انہوں نے اپنی بیوی کو ایسی حالت میں دیکھ کر پریشانی سے پوچھا تھا۔

کچھ نہیں پاپاائیر پورٹ سے طواپسی پر اک جھوٹا سا ایکسیڈینٹ ہوگیا تھا انکو کمرے میں لے کر چلیں"۔"

exponovels

وہ تینوں کمرے میں چلے آے۔

میر نے سائیڈ ٹیبل سے میڈیسن باکس نکالا۔

پانی گلاس میں انڈھیل کر انکی طرف ٹیبلٹ پڑھائی جو انہوں نے نگل لی۔

عریشہ اور برہان گھر آے تھے ۔

وہ اسکے ساتھ اسکے کمرے میں آئی تھی۔

زویا پریشانی سے کمرے میں ٹہل رہی تھی۔

عریشہ تم کہا چلی گی تھی۔میں کب سے تمہارا اور برہان کا نمبر ڈائل کر رہی تھی۔وہ ناٹ ریچ ایبل آ رہا تھا"

وہ۔۔۔وہ بھابھی۔۔۔۔میں ہوسپٹل گی تھی۔شاید سگنل پرابلم ہو گی۔""

"آپ برہان بھائی کو دیکھے انکی طبیعت ٹھیک نہیں ہے"

اس نے میر کی طرف اسکی توجہ دلوائی۔

exponovels

خود نظریں چراتی باہر نکل آئی

وہ بھی پریشانی سے برہان کی طرف آئی۔

تنے نقوش لہو رنگ آنکھیں۔ڈھلکے کندھے وہ اسکی حالت دیکھ کر گھبرا گی۔

اس نے سہارا دے کر اسکو بیڈ پر بٹھایا تھا۔

اسکے لیے پانی ڈالنے کے لیے مڑی۔

برہان نے اسے اپنی طرف کھینچا۔

اسکے ساتھ لگتے ہی ڈھاڑے مار مار کر رو پڑا تھا۔

زویا دھک رہ گی تھی۔

میر نے دروازہ ناک کیا تھا۔

زویا اک دم سائیڈ پر ہوئی تھی۔

میر کو سامنے دیکھ کر حیران ہوئی تھی۔

exponovels

زویا چاے مل سکتی ہے"۔"

اس نے زویا کو کہا تو وہ گردن ہلاتی باہر نکل گی۔

میر نے اسکے جانے کے بعد اسکے پاس بیڈ پر بیٹھنا چاہا۔

وہ اک جھٹکے سے کھڑا ہو گیا۔

میر نے کھڑے ہو کر اسکا رخ اپنی طرف موڑا تھا۔

برہان"اس کی نرم پکار پر وہ اسکے سینے سے جا لگا۔"

پھر جو رویا تو دل کی کثافت دھو ڈالی ۔

"بھائی انہوں نے ایسا کیوں کیا؟"

وہ روتے ہوے بس اک ہی سوال کر رہا تھا۔

برہان جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔اب بس ختم کر دو سب۔وہ ہماری ماں ہے۔اور ماں تو ماں ہوتی ہے چاہے" جیسی بھی ہو۔سارا قصہ ختم آج کے بعد ہمارے درمیان اس بارے میں کوئی بات نہیں ہو گی۔

exponovels

”سنبھالو خود کو

اس نے اسکا چہرا ہاتھوں میں لے کر کہا تھا۔

چلو اب آرام کرو صبح ملتے ہیں۔کسی قسم کی کوئی بھی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے”۔

میر نے اسکو بیڈ پر بٹھا کر پانی گلاس میں ڈال کر اسکو پلایا۔

”اب آرام کرو“

میر نے مسکراتے کہا تھا۔

زویا دونوں کے لیے چاے بنا کر ٹرے میں رکھ رہی تھی۔

”زویا“

میر کے پکارنے پر مڑی تھی۔

”جی بھائی“

اس نے مسکراتے پوچھا۔

exponovels

زویا برہان کی طبیعت ٹھیک نہیں تم چاے میں نیند کی ٹیبلٹ ملا دو تاکہ وہ سو سکے۔

سیڑھیاں چڑھتا کمرے کی طرف آیا۔

ہینڈل گھما کر کمرے میں قدم رکھتے ہی سامنے کا منظر دیکھتے ہی وہ ٹھٹھکا تھا۔

وہ برق رفتاری سے اس تک آیا تھا۔

اس کے دونوں ہاتھوں کو زور سے اپنی گرفت میں لیا تھا۔

وہ ہذیانی انداز میں اسکی گرفت سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی

بھبھری ہوئی شیرنی بنی ہوئی تھی۔

"مجھے ہاتھ نہیں لگاے ۔مجھ سے دور رہے"

"ہنی بتاو تو سہی ہوا کیا ہے ؟"

تاسف سے بکھرا کمرا دیکھ رہا تھا۔

exponovels

بیڈ شیٹ بیڈ پر کم کارپٹ پر پڑی ہوئی تھی۔

ٹوتے شوپیس جابجا بکھرے اپنی قسمت کو کوس رہے تھے۔

کشن اک یہاں اور اک وہاں بکھرا پڑا تھا۔

وہ اسے زور سے جگڑے کھڑا تھا۔

"مجھے ہوسپٹل میں دیکھنے کیوں نہیں آئی تھی؟"

"آپ نے ایسا کیوں کیا ؟"

عریشہ نے روتے ہوے کہا تھا۔

"میں نے کیا گیا؟"

اس نے نا سمجھی سے پوچھا

میں نے اس دن آپ کی گلاسز میں اپنے چہرے پر پڑتا سرخ نشان دیکھ لیا تھا"۔"

آپ جان بوجھ کر انکے سامنے کیوں گے؟۔"

exponovels

اک سو اک طریقہ ہو سکتا تھا اپنے دشمن کو سامنے لانے کا لیکن نہیں آپ کود پڑے اپنی جان کی پرواہ کیے بنا۔

"اگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو یہ سوچ کہ ہی میری جان نکلنے لگتی ہے

میر کے اندر باہر سکون سا چھا گیا تھا۔

اسکے اس طرح کے اظہار سے اس کا سارا غصہ جھاگ کی طرف بیٹھا تھا۔

عریشہ نے اسکے دائیں کندھے پر زور سے مکا جڑھا تھا۔

اسکے منہ سے بے ساختہ کراہ نکل گی۔

م۔۔میر سوری ۔۔۔۔وہ میرا ایسا کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا"۔"

"اچھاااا تو کیا کرنے کا ارادہ ہے وہ کر لیتے ہیں؟"

عریشہ نے اپنے ہاتھ پر نمی محسوس کی۔

exponovels

اس نے اپنا ہاتھ اپنے سامنے کیا تو اسکا رنگ اڑا تھا۔

خون سے اسکا ہاتھ رنگا ہوا تھا۔

میر جو مدہوشی میں اسے دیکھتا اس پر جھکنے لگا تھا

اس نے عریشہ کی اڑی رنگت دیکھی۔

""""ہنی تم ٹھیک ہو؟کیا ہوا ہنی؟""

اس نے پریشانی سے استفسار کیا۔

میر خ۔۔۔خ۔۔۔خون"اس نے سہمے ہوے کہا تھا وہ سیدھا ہوا"

اسکی بلیک شرٹ ہونے کی وجہ سے خون نظر نہیں آ رہا تھا۔

میر نے اسکی ہتھیلی کو دیکھا تھا۔

"میں برہان بھائی کو بلا کر لاتی ہوں وہ آپ کو ہوسپٹل لے کر جاتے ہیں"

اس نے مڑتے کہاتھا۔

exponovels

میر نے تیزی سے اسکی کلائی پکڑی۔

رہنے دو ریلکیس میں اپنے فرینڈ کو کال کرتا ہوں"۔"

اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

اس نے کال کر کے ڈاکٹر عاصم کو گھر پر بلایا تھا۔

چلو گیسٹ روم میں چلتے ہیں "۔"

گیسٹ روم میں آ کر وہ صوفے پر بیٹھا تھا۔

عریشہ پاس کھڑی تھی۔

میر نے ہاتھ پکڑ کر بٹھایا تھا

میر نے شرٹ اتارنی چاہی بازو ہلانے پر درد کی شدید لہر اٹھی

وہ لب بھینچ گیا۔

exponovels

عریشہ نے آگے بڑھ کر کانپتے ہاتھوں سے اسکی شرٹ اتارنے میں مدد کی

خون دیکھ کر عریشہ کی سانس اٹکی۔

خون کندھے سے ہوتا پیٹ اور بازو پر بہہ رہا تھا۔

غیر ارادی کیفیت میں پاس بیٹھی عریشہ نے اس کے رخسار پر ہاتھ رکھا تھا

"میر آپ ٹھیک ہیں؟کیا زیادہ درد ہو رہا ہے۔؟"

اسنے بہتےاشکوں سے نم لہجے میں پوچھا تھا۔

وہ عریشہ کو اپنی فکر کرتے دیکھ کر اندر تک شر شار ہو گیا تھا۔

وہ ساری تکلیف بھول گیا تھا۔

اس نے اس کا ہاتھ گال سے ہٹا کر لبوں سے لگایا تھا۔

ڈونٹ وری میں ٹھیک ہوں"۔"

انٹر کام پر کال آئی تھی۔

exponovels

باہر ڈاکٹر عاصم آے تھے۔

اس نے عریشہ کو ادھر سے بھیج دیا تھا۔

”سوری یار اس ٹائم زحمت دی“

اس نے عاصم کو کہا تھا۔

”اتنا فارمل ہونے کی ضرورت نہیں ہے“

اس نے انجکیشن بھر کر لگایا۔سٹیچز نکل گے تھے اس نے لگاے تھے میڈیسن دی۔

ملازم چاے لے آیا۔

چاے پینے کے بعد وہ اسکو خیال رکھنے کا بول کر چلا گیا۔

عریشہ آئی تو میر آنکھیں بند کیے لیٹا ہوا تھا۔

وہ نائٹ بلب آن کرتی آکر بیڈ پر بیٹھ گی ۔

exponovels

"میر"

اس نے دھیرے سے پکارا۔

"ہوں"

اس نے مندھی آنکھوں سے کہا تھا۔

"مجھے کچھ بات کرنی ہے"

اسکے لہجے میں کچھ ایسا ضرور تھا۔

وہ بے ساختہ اٹھ بیٹھا۔

"کیا بات ہے ؟سب ٹھیک ہے نہ؟"

میر م۔مم۔میں آج ہوسپٹل آپ کو دیکھنے آئی تھی۔"

آپ اور برہان کسی بات پر بحث کر رہے تھے پھر آپ دونوں کو باہر جاتے دیکھا

تو میں بھی آپ کے پیچھے آئی تھی"۔

exponovels

اس کی بات سن کر میر کو جھٹکا لگا تھا۔

"عریشہ تم"

میر نے کچھ کہنا چاہا تھا۔

"شش"

عریشہ نے اس کے لبوں پر انگلی رکھی تھی۔
اور یہ غیر ارادی طور پر ہوا تھا۔

میر گہری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔

"میں سب سن چکی ہوں"

اس نے ہاتھ ہٹاتے کہا تھا۔

میر نے آنکھیں بند کر کے کھولی تھی

مما پاپا کی اچانک ایکسیڈینٹ میں دیتھ کے بعد حیدر ماموں مجھے اپنے ساتھ لے آے تھے۔"

exponovels

رشتوں کے ترسے ہوے انسان کو فیملی مل گی تھی۔مجھے اور کچھ نہیں چاہیے تھا۔

مما نے جو بھی کیا اپنے بیٹے کی محبت میں کیا۔ہر ماں باپ چاہتے ہیں انکی اولاد کو سب کچھ ملے۔میں نے ان کو ماں مانا ہے۔اور ماں تو ماں ہوتی ہے نہ چاہے جیسی بھی ہو"۔

اس نے نم آواز میں کہا تھا۔

عریشہ نے آگے بڑھ کر اسے ساتھ لگا لیا تھا۔

اس کو بھی کندھے کی ضرورت تھی۔

پھر جو رویا تو ہر غم آنسو میں بہا دیا تھا۔

جب میر کا دل ہلکا ہو گیا تو وہ سیدھا ہوا۔

اس کی آنکھیں سرخ تھیں۔

اس نے نظریں چرائی تھی۔

عریشہ نے بھی آنسو صاف کیے۔

exponovels

مجھے نیند آ رہی ہے کہتے وہ لیٹا اور ساتھ ہی آنکھیں بند کر لی ۔

عریشہ اس پر جھکی تھی میر نے اسکی طرف آنکھیں کھول کر دیکھا حیران ہوا تھا۔
وہ اس پر جھکی تھوڑی آگے کو ہوئی

لبوں پر رینگتی شرارتی مسکراہٹ لیے سائیڈ ٹیبل سے ٹشو پیپر اٹھا کر پیچھے ہوئی تھی۔

سوووں کرتے ناک صاف کیا تھا۔

میر نا چاہتے ہوے بھی ہنس دیا تھا۔

"کیاہے؟"میں نے لطیفہ سنایا ہے؟"

عریشہ نے مصنوعی خفگی سے کہا تھا۔

تم خود لطیفہ ہو"اس نے قہقہ لگاتے کہا تھا۔"

"ویری فنی"

عریشہ منہ بناتی لیٹ گی۔

exponovels

کچھ دیر کے بعد عریشہ بولی۔

""""میر آپ ٹھیک ہے نہ ؟""

"نہیں خراب ہوں۔تم ٹھیک کر دو؟سمیٹ لو مجھے خود میں"

معنی خیزی سے کہتے اس کے نزدیک آیا تھا۔۔
عریشہ کی کانوں کی لو گرم ہو گی تھی۔

چہرا بلش کرنے لگ گیا تھا۔

میر نے اس پر جھکتے لبوں کو قید کیا تھا۔
وہ پھڑ پھڑا کر رہ گی۔

جبکہ اسکی سانس اکھڑ رہی تھی۔
عریشہ نے اسکا ہاتھ زور سے پکڑا تو اسنے سر اٹھا کر اسکو دیکھا۔

عریشہ نے اس کا ہاتھ اٹھا کر اپنے پیٹ پر رکھا تھا۔

exponovels

آپ بھول رہے ہیں تو یاد کروا دوں میں آل ریڈی آپ کو خود میں سمیٹے ہوے ہوں آپ کے پیار میں" حصے دار آ چکے ہیں"۔

عریشہ کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی مزہ لیتی ہنسی تھی۔

میر نے منہ پسورا تھا۔پیچھے ہٹتے لیٹ گیا۔ہنس لو میں سب سود سمیت لوں گا یاد رکھنا

عریشہ نے ہنستے ہوے اسکے سینے پر سر رکھا تھا۔

میر نے مسکراتے ہوے اسکو اپنے حصار میں لے لیا تھا۔

ویسے تمہیں ادھر نہیں جانا چاہیے تھا۔"
اگر کچھ غلط ہو جاتا تو؟ نیکسٹ ٹائم کوئی بھی قدم اٹھانے پہلے سوچنا ضرور تم دونوں میرے جینے کی وجہ ہو"

اس نے سمجھاتے ہوے اسکی پیشانی پر لب رکھے تھے ۔

"آپ کے ہوتے ہوے ہمیں کچھ نہیں ہو سکتا"

"میٹھی مرچی"

exponovels

عریشہ نے سر اٹھا کر اسکے ناک سے ناک رگڑی تھی۔

میر نے اس لقب پر گھورا تھا۔

پہلے آپ ہری مرچی کی طرح لگتے تھے"
لیکن اب آپ میٹھے ہو گے۔ ہری ہٹا کر مٹھی لگا دیا ہےوہ کیا ہے نہ۔مجھے آپ کا یہ نام بہت پسند ہے سو
" چینج نہیں کر سکتی

اس نے بے چارگی سے کہا تھا۔

اس نے گال کھینچا تو دونوں کا قہقہ بے ساختہ تھے

آج بہت دنوں بعد دونوں اک ساتھ تھے اور خوش تھے کھڑکی سے آتی چاندنی نے دونوں کے خوش رہنے کی دعا کی تھی

عریشہ نے اسکے سینے پر سر رکھے آنکھیں موند لی تھی۔

میر نے سوے سوے اسکو اپنے حصار میں لینا چاہا۔
اس نے ہاتھ بڑھایا

وہ بیڈ پر موجود نہیں تھی

exponovels

میر نے آنکھیں کھول کر دیکھا

پھر سامنے لگی گھڑی پر نظر ڈالی
صبح کے پانچ بج رہے تھے۔

وہ گیسٹ روم سے باہر آیا۔

سب اپنے اپنے کمروں میں تھے۔ہر طرف خاموشی کا راج تھا۔

اس نے کمرے میں قدم رکھا۔ہر چیز میں نفاست جھلک رہی تھی۔

وہ جاے نماز پر بیٹھی دعا میں مصروف تھی

وہ مسکراتا فریش ہونے چل دیا۔

واپس آیا تو وہ بیڈ پر ٹیک لگاے بیٹھی ہوئی تھی۔

میر نے نماز کی نیت باندھی۔

وہ بڑھ کر فارغ ہوا

exponovels

وہ ابھی تک اسی پوزیشن میں بیٹھی ہوئی تھی
ڈوبتے کے ہالے میں اس کا چہرا جگمگا رہا تھا۔

میر مسکراتا اسکے پاس آکر بیٹھ گیا۔

کچھ پل بعد وہ اسکی گود میں سر رکھے لیٹ گیا۔

عریشہ نے اک نظر پلیکں اٹھا کر دیکھا پھر شرما کر پلکوں کی چھلمن گرا لی تھی۔

میر نے اسکا ہاتھ پکڑ کر بالوں پر رکھا۔اسکا ہاتھ پکڑ کر بالوں میں چلایا۔

وہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگی۔

مجھے ادھر اکیلے چھوڑ آئی تھی؟"۔"
میر نے بند آنکھوں سے پوچھا تھا

کافی ٹائم ہوا آنکھ کھل گی تھی دوبارہ نیند نہیں آ رہی تھی تو سوچا جا کر کمرا سمیٹ لوں"۔"

میر نے کروٹ چینج کی تو میر کا چہرا اسکے پیٹ کی طرف آ گیا۔
گرم سانسیں اسکو پیٹ پر محسوس ہونے لگ گی۔

exponovels

"کک۔ک۔کیا کر رہے ہے ؟"

اس نے گھبرا کر پوچھا۔

" اپنے بے بی سے ملاقات"

میر نے کہتے اسکے پیٹ پر لب رکھے۔

اس کی ہتھیلی پسینے سے بھیگ گی۔

سانس اٹکی تھی۔

"میر پلیز نہیں کرے نہ ؟"

اس نے آنکھیں شرم سے بند کر کے کہا تھا۔

میر کو اسکی حالت مزہ دے رہی تھی۔

چلو میں کچھ نہیں کرتا لیکن پھر تمہیں کچھ کرنا پڑے گا"۔"

میر نے سیدھ لیٹتے چمکتی آنکھوں سے کہا تھا۔

exponovels

"ک۔کک۔کیا ؟"

اس نے سرخ۔چہرا لیے کہا تھا۔

میر نے اس کی گلے میں لگتی چین کو کھینچا تھا۔

وہ اس کے ساتھ اسکے چہرے پر جھک گی۔

اس کی لٹ کان کے پیچھے سے نکل کر چہرے پر جھولنے لگ گی۔

عریشہ کانپتے لب اس کے لبوں سے مس کرتے اک دم سیدھی ہوئی تھی۔

وہ جو اسکی جھجھک کی وجہ سے آنکھیں بند کر چکا تھا۔

اس نے آنکھیں کھول کر دوہائی دی

"یہ یہ چیٹنگ ہے"

"نہیں تو"

exponovels

عریشہ نے آنکھیں گھوما کر کہا تھا۔

عریشہ نے اسکا سر تکیہ پر رکھا تھا پاس لیٹ گی تھی۔

”تھک گی ہو؟“

میر نے پیار بھرے لہجے میں پوچھا

اس نے گردن ہلائی

وہ بازو کے پل اٹھتا اس پر جھکا۔

اس سے پہلے کہ اسکے لب قید کرتا اسکی جیب میں رکھا فون بج اٹھا۔

وہ منہ بناتا پیچھے ہوا۔

عریشہ کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ نمبر دیکھتے چپل اڑستے بالکونی میں آ گیا۔

اوکے میں دیکھتا ہوں۔

exponovels

وہ کال بند کرتے کمرے میں آیا۔عریشہ اسکے کپڑے نکال رہی تھی۔

عریشہ نے اسکی ریڈی ہونے میں مدد کی

دونوں باہر نکلنے لگے تو اس نے کہا

"عریشہ اک منٹ میری بات سنو"

اس نے اسکو پاس کرتے کہا تھا۔

"ج۔۔جج۔۔جی"

اس نے بوکھلاتے کہا تھا۔

تمہارا مما کے ساتھ رویہ نہیں چینج ہونا چاہیے۔"
"جو میں کہنا چاہ رہا ہوں وہ سمجھ آ رہا ہے نہ؟"

اس نے بمشکل گردن ہلائی تھی۔

دونوں اک ساتھ برہان لوگوں کے کمرے میں آے تھے۔

exponovels

دروازہ ناکڈ کیا۔

تو زویا نے دروازہ کھولا۔

اس کی آنکھیں اور ناک سرخ تھی۔اسکے رونے کی چغلی کر رہی تھی۔

برہان سر جھکاے بیٹھا ہوا تھا۔

”برہان بھائی کیسی طبیعت ہے؟“

عریشہ نے استفسار کیا

”بہتر ہوں“

وہ بمشکل بولا تھا۔

عریشہ جاو ناشتہ تیار کرواو”میر نے کہا تو وہ گردن ہلاتی نکل گی۔“

زویا بھی اسکے پیچھے چلی آئ۔

”برہان بس کرو۔اس طرح ٹینشن لینے سے کیا ہو گا؟“

exponovels

اس نے سرخ آنکھیں اوپر اٹھائی تھی۔

بھائی مجھے سمجھ ہی نہیں آ رہی کہ میں کروں

بھائی آپ کے ساتھ اتنا کچھ ہوتا رہا اور میں بے خبر رہا۔

مسسز حیدر سے زیادہ تو مجھے خود پر غصہ آ رہا ہے۔جس کی ناک کے نیچے ہوتا رہا۔اور مجھے کچھ خبر ہی نہیں ہے میں اک اچھا بھائی نہیں بن پایا۔

لیکن مجھے لگتا ہے میں کچھ بڑا کر گزروں گا"۔

وہ شکستہ حالت میں تھا۔

برہان یار کیا ہو گیا ہے؟"سنبھالو خود کو۔ایسے کیسے چلے گا۔جو بھی ہوا اسے اک برا خواب سمجھ کر بھول جاو"

اس نے پیار سے سمجھایا تھا۔
چلو فریش ہو کر آو۔

exponovels

اس نے اسکو الماری سے کپڑے نکالتے کہا تھا۔

وہ فریش ہو کر نکلا تو میر ادھر ہی بیٹھا ہوا تھا۔

آج میٹنگ ہے۔تم آف لے لو میں اکیلے ہی اٹینڈ کر لیتا ہوں"۔"

کل جو ہوا وہ اسکے حواس پر اس قدر چھا چکا تھا۔
وہ سب کچھ بھول گیا تھا۔

نہیں بھائی چلیں ساتھ ہی نکلتے ہیں۔دونوں ناشتے کے ٹیبل پر آے۔

بی جان کو سلام کرتے بیٹھ گے عریشہ بیٹھ چکی تھی۔زویا بھی جوس کا جگ رکھتی بیٹھ گی۔

ابھی انہوں نے ناشتہ شروع ہی کیا تھا کہ مما پاپا اک ساتھ ٹیبل پر آے تھے۔
برہان نے ہاتھ میں پکڑا جوس کا گلاس ٹیبل پر پٹخا تھا اک جھٹکے سے کھڑے ہوتے کرسی کو ٹانگ مار کر گرایا تھا۔

سب نے دہل کر اسکی جانب دیکھا تھا۔

وہ ادھر سے نکلتا چلا گیا تھا۔

exponovels

میر تیزی سے اسکے پیچھے گیا تھا۔

حیدر صاحب نے غصے سے اسے دیکھا تھا۔

"برہان کیا بتمیزی ہے؟"

بھائ میں انکو دیکھتا ہوں تو انگاروں پر لوٹنے لگتا ہوں"۔"

اوکے تم ریڈی ہو جاو پھر ہم ساتھ ہی نکلتے ہیں"۔"

زویا کمرے میں آئی تو برہان بالوں میں ہاتھ پھنسائے بیٹھا تھا۔

"برہان پلیز خود کو سنبھالیں"

زویا نے پریشانی سے کہا تھا۔

عریشہ کو میر نے آواز دی تو وہ کمرے میں چلی آئی ۔
"کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟"

اس نے میر کو دیکھا۔

exponovels

”میرے دل کا سکون کھو گیا تھا اب مل گیا ہے“

میر نے اسکی کمر پر ہاتھ رکھتے اسے قریب کیا تھا۔

اس پر جھکتے اپنے لب اسکے سامنے کیے تھے۔

”جلدی کرو لیٹ ہو رہا ہوں“

میر نے کہا تھا

آاااا”۔“

وہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کر چیخی تھی میر بوکھلاتے ہوے سیدھا ہوا تھا۔

”””کیا ہوا؟“

وہ قہقہ لگاتی اس سے دور ہوئی تھی۔

میر بےوقوف بننے پر بالوں پر ہاتھ پھر کر رہ گیا تھا۔

پھر تیزی سے آگے آتے عریشہ کے بالوں سے کچر نکال کر اسکے بال خراب کر دیے تھے۔

exponovels

وہ دانت کچا کر رہ گی

اسکی پیشانی چومتے باہر نکل گیا۔

"مٹھی مرچی"

وہ مسکرا کر رہ گی۔

میسج کی بیل بجی مسکراتے ہوے دیکھا۔شام کو تیار رہنا چیک اپ کے لیے جانا ہے چار بجے تک میں آ جاوں گا۔

شام کو وہ آیا تو وہ کمرے میں اندھیرا کیے لیٹی ہوئی تھی۔

میر دبے پاوں فریش ہو کر آیا۔ اسکے پاس بیٹھ کر اسکی آنکھوں پر رکھا بازو نرمی سے ہٹایا۔

وہ پریشان ہو گیا

"ہنی کیا ہوا ہے؟"

وہ بس روے جا رہی تھی

exponovels

”ہنی بتاو تو سہی نہ کیا ہوا ہے کیسی نے کچھ کہا کیا؟؟“

اس نے ہاتھ پکڑ کر بٹھایا تھا۔

میری۔۔۔کمر میں بہت پین ہو رہا ہے”اس نے سوں سوں کرتے بتایا تھا۔“

چلو ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں۔

وہ کچھ دیر پہلے ہی فریش ہو کر بیٹھی تھی۔

لیکن یکدم پین شروع ہو گیا اور وہ لیٹ گی تھی۔

میر نے الماری میں سے اسکی چادر لائی تھی۔

اسکو سہارا دے کر اٹھایا تھا۔

بازو کے گھیرے میں لیتے ہوے کمرے سے باہر نکلا۔ٹی وی لاونج خالی پڑا تھا

وہ
ملازمہ کو بتا کر نکل آے۔ میر نے تیزی سےڈرائیو کرتے ہوسپٹل کے سامنے گاڑی روکی ۔
پھر اسکو سہارا دیے ڈاکٹر زارا کے کیبن کی طرف لے کر آیا۔

exponovels

زارا اسکی حالت دیکھ کر اسکی جانب آئی تھی۔

اسکو بیڈ پر لٹایا تھا۔

میر اسکو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا۔کمرے سے باہر نکل گیا۔

زارا نے چیک اپ کرنے بعد اسکو انجکشن لگایا۔ کچھ دیر کے بعد وہ پر سکون ہو گی۔زارا نے اسکو اٹھنے میں ہلیپ دی۔

میر کو کال کر کے کمرے میں بلایا تھا۔

"زارا سب ٹھیک ہے نہ؟"

اسکے چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

زارا مسکرا دی

"ڈونٹ وری میر سر سب ٹھیک ہے "

ایسی کنڈیشن میں ہوتا رہتا ہے۔

exponovels

”آج سے لاسٹ منتھ سٹارٹ ہو گیا ہے“

اس نے کچھ میڈیسن لکھ کر دی ۔

”زارا بے بی گرل ہے؟ یاں بوائے؟“
میر نے پوچھا تھا۔

اس نے بتانا چاہا تو عریشہ نے آنکھوں سے منع کر دیا۔

سر اپنی وائف سے پوچھے انکو معلوم ہے”اس نے مسکرا کر کہا تھا۔“

وہ دونوں اک ساتھ باہر آے تھے۔

عریشہ سرخ چہرا جھکاے چل رہی تھی۔

میر کو سٹاف رک رک کر سلام کر رہا تھا۔

میر نے گاڑی کا دروازہ کھول کر اسکو بٹھایا گھوم کر خود آکر بیٹھا۔

”ڈنر باہر کرے؟“

exponovels

میر نے کہا تھا۔

”نہیں گھر پر ہی کرتے ہیں“

اس نے منع کر دیا۔

گھر آکر وہ ٹی وی لاونج میں ہی بیٹھ گی۔

انابیہ انکو دیکھ میر کی گود میں آکر بیٹھ گی۔
”میری پرنسسز کیسی ہے ؟“

“ فٹ فاٹ ہوں“

برہان ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا آیا تھا۔

سامنے سے مما کو آتا دیکھ کر نفرت سے نگاہیں پھیری
تھی۔

اور کمرے کی طرف چلا گیا۔
انکی آنکھ سے آنسو نکل کر ہاتھ پر گرا تھا۔

exponovels

وہ آنسو پیتیں کمرے میں چلیں گی۔

زویا پانی کا گلاس لے کر کمرے میں آئی تھی۔

برہان بیڈ پر آنکھوں پر بازو رکھے لیٹا تھا۔پاوں نیچے کارپٹ پر تھے۔

"برہان پانی پی لیں"

اس کی آواز پر وہ غصے کو دباتا سیدھا ہوا تھا۔

"چاے لاوں ؟"

زویا نے پوچھا تھا۔

برہان نے اسکی طرف دیکھا وہ پریشان تھی۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر پاس بٹھایا۔

exponovels

”دن کیسا گزرا ؟؟“

خود کو نارمل کرتے پوچھا تھا

”اچھا گزرا“

اس نے اسکی طرف دیکھتے کہا تھا

”چلو دن جیسا بھی گزرا رات بہت حسین گزرنے والی ہے“

برہان معنی خیزی سے کہتا اسکی طرف جھکا تھا۔

زویا نے شرما کر اسے پیچھے دھکیلا تھا۔

بھاگتی باہر نکل گی۔

اس کا قہقہ اس نے پیچھے سے سنا تھا۔

وہ باہر آئی تو عریشہ میڈ کی مدد سے کھانا ٹیبل پر لگوا چکی تھی۔

”زویا۔۔۔“

exponovels

عریشہ نے پکارا لیکن وہ اپنے ہی خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی۔

" زویا"
اسنے کندھے پر ہاتھ رکھتے پکارا

""ہاں؟ تم نے کچھ کہا؟"

اس نے چونکتے کہا تھا۔

"لال گلاب کیوں ہو رہی ہو؟"

"کیوں کہ مجھے لال گلاب بہت پسند ہیں"

برہان نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہا تھا۔۔

عریشہ بے ساختہ ہنسی تھی۔

"برہان"

زویا نے کہا تھا۔

exponovels

چلو ڈنر کریں بہت بھوک لگی ہے"۔"

برہان نے ہاتھ پکڑے کہا تھا۔

ڈنر کرنے کے بعد وہ دونوں ٹی وی لاونج میں بیٹھے ہوے تھے

زویا کچن میں تھی۔

عریشہ کو اس نے زبردستی کمرے میں بھیج دیا تھا۔
انابیہ بھی اسی کے ساتھ تھی۔

مما نے ڈنر کمرے میں کیا تھا۔

پاپا آے تو انکے پاس ہی بیٹھ گے۔

پاپا ڈنر کر لیں زویا نے آکر کہا تھا۔

میری کسی گلائنٹ کے ساتھ میٹنگ تھی ادھر ہی ڈنر کر لیا تھا۔

"برہان کوئ مسلہ چل رہا ہے صبح کیوں تم نے اتنا مس بی ہیو کیا تھا؟؟"

exponovels

ان کے سوال کرنے پر دونوں کا رنگ اڑا تھا۔

برہان نے لب کھولے تھے میر نے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دبایا تھا۔

اسے آنکھوں ہی آنکھوں میں منع کیا تھا

"کچھ نہیں میری بات ہوئی ہے اس سے آفس میں کوئی مسلہ چل رہا تھا"

میر نے جواب دیا تھا۔

"ڈونٹ وری بیٹا زندگی میں اتار چڑھاو تو آتے رہتے ہیں"

"پاپا چاچو چاچی سے بات ہوئی ؟"
میر نے پوچھا تھا

آج دن میں ہوئی ہے تھوڑے دن تک لوٹ آے گے"۔"

انہوں نے جواب دیا تھا۔

"چلو جا کر تم لوگ بھی آرام کرو۔میں بھی تھک گیا ہوں"

exponovels

حیدر صاحب نے کہا تھا

"پاپا پھر آپ مانتے ہے نہ کہ آپ بوڑھے ہو چکے ہیں؟"

برہان نے شرارت سے کہا تھا۔

میر اور پاپا ہنس دیے تھے۔

ابھی نہیں برخودار ابھی تو میں نے تم دونوں کے بچوں کے ساتھ کھیلنا ہے۔ انکے ساتھ زندگی کے پل"
"جینے ہیں۔انکی شادیوں میں بھنگڑے ڈالنے ہیں پھر بعد میں سوچوں گا کہ بوڑھا ہو گیا ہوں کہ نہیں؟

انہوں نے جزبات سے پور لہجے میں کہا تھا۔

میر نے ہنستے قہقہ لگاتے برہان کی طرف دیکھا تھا۔
وہ ہنس تو رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھیں۔

پاپا کمرے میں چلے گے۔

"برہان چلو واک پر چلتے ہیں"

exponovels

میر نے کہتے کندھے پر شال درست تھی۔

دونوں چلتے ہوے لان میں چلے آے۔

کچھ پل خاموش چلتے رہے تھے۔

"برہان کیا چھپا رہے ہو؟"

میر نے اسکے سامنے رک کر کہا تھا۔

""ک۔۔۔کیا چھپایا؟"

"تم دونوں میں سب کچھ ٹھیک ہے نہ؟"

جی بھائی سب ٹھیک ہے"۔"

"ادھر میری طرف دیکھو"

"زویا کے ساتھ ہوے حادثے کے بعد رپورٹ ٹھیک آئی تھی؟"

میر کے سوال کرنے پر اسکا رنگ اڑا تھا۔

exponovels

"بھائی وہ۔۔۔وہ۔۔۔۔"

برہان کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا بولے۔

"برہان جو صحیح ہے وہ بتاو؟"

اس کی آنکھ سے آنسو بہہ نکلا تھا۔

اس نے بے بسی سے آنکھیں بند کی تھی۔

میر شاکڈ ہوا تھا۔

برہان ۔۔۔میر نے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔

" بھائی زویا اب کبھی ماں نہیں بن پاے گی"

کھٹکے کی آواز پر دونوں نے مڑ کر دیکھا تھا عریشہ اور زویا دونوں فق چہرا لیے کھڑی تھیں۔

عریشہ جو میر کا ویٹ کر رہی تھی وہ کمرے میں نہیں آ رہا تھا عریشہ اسکو دیکھنے باہر آئی تھی۔

exponovels

زویا نے بتایا کہ وہ واک پر گے ہیں۔عریشہ کو گھٹن سی ہو رہی تھی تو زویا بھی اسکے ساتھ ہی باہر آگی تھی۔

لیکن انکو بات کرتے دیکھ کر دونوں رک گی۔
لیکن جو کچھ برہان نے کہا تھا۔

انکے پاوں کے نیچے سے زمین نکل گی تھی۔

زویا روتی ہوئی کمرے میں چلی گی تھی۔

"زویا۔۔۔زویا میری۔۔۔بات۔۔۔۔"

برہان کہتے پیچھے بھاگا تھا۔

عریشہ کو میر نے سہارا دے کر لان میں رکھی کرسی پر بٹھایا تھا۔

دونوں خاموش تھے

"عریشہ"

میر نے پکارا

exponovels

”ہوں؟“

عریشہ نے چونک کر اسکی طرف دیکھا۔

”کمرے میں چلیں؟“

میر نے کہتے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا تھا۔

اس نے آہستہ سے تھام لیا تھا۔

میڈ انابیہ کو بی جان کے کمرے میں چھوڑ کر آئی تھی

دونوں خاموشی سے لیٹ گے تھے۔

عریشہ نے پاس آتے اسکے شانے پر سر رکھا تھا اسکو عادت ہو گی تھی ایسے سونے کی۔

میر نے اسکے بالوں پر بوسہ دیتے اپنے حصار میں لے لیا تھا۔

برہان کمرے میں آیا تو زویا کمبل اوڑھے لیٹی ہوئی تھی۔

exponovels

برہان نائٹ بلب آن کرتے دوسری سائیڈ پر لیٹ گیا۔

ہاتھ بڑھا کر اسے کھینچتے خود میں بھینچ لیا تھا۔

"جب غم سانجھا ہے تو ساتھ میں رو لینا چاہیے"

دونوں پھر جو روے تو روتے چلے گے تھے۔

کافی دیر کے بعد برہان نے اسکا چہرا اوپر اٹھایا تھا۔
بس اب اور نہیں۔مجھے اپنے رب پر پورا بھروسہ ہے اس پر یقین رکھو۔وہ جلد یاں دیر ہمیں اس نعمت سے ضرور نوازے گا"۔

اس نے روتے ہوے گردن ہلا دی۔
برہان نے سائیڈ چینج کی تو وہ نیچے ہو گی۔

برہان اوپر آ گیا۔زویا نے اسکی گردن کے گرد بازو حمائل کر دیے تھے۔

اور وہ اس پر جھکتا اپنا پیار نچھاور کرنے لگ گیا۔

صبح کے وقت عریشہ نے میر کاڈریس سلیکٹ کر کے رکھا وہ شاور لے کر نکلا تھا۔
وہ ریڈی ہوا تو عریشہ ٹائی لیے آگے آے۔

exponovels

وہ اسکی گہری نظریں خود پر محسوس کرتی سرخ پڑی تھی۔

میر نے کمر پر ہاتھ رکھتے قریب کا تھا اسکا ہاتھ رک گیا۔

"میررر"

"جی جانِ میر"
میر نے اس پر جھکتے کہا تھا۔

"کیا ہے؟"

عریشہ نے چڑ کر پوچھا تھا

"صبح ہے ہنی اور کیا ہےاور میرا دل پتہ کیا چاہا رہا ہے؟"

اس نے پاس ہوتے سرگوشی کی تھی۔

عریشہ کو پسینہ آگیا تھا اک دم سے چہرے پر گلال بکھرا تھا۔

"ک۔کک۔کیا؟"

exponovels

عریشہ نے اٹکتے پوچھا تھا۔

آج میں قیمہ پراٹھا کھاوں گا"۔"

اس نے من موہنی سی صورت دل میں اتارتے کہا تھا۔

اس نے پٹ سے آنکھیں کھول کر دیکھا تھا۔

"میرر"

اس نے اسکے شانے پر مکا چڑا تھا

"آاااا"

میر چینخا تھا۔

سو۔۔۔سوری میر پتہ نہیں یہ کیسے ہو جاتا ہے"۔"

اس نے پریشانی سے کہا تھا

exponovels

میر ہنستا ہوادور ہوا تھا

عریشہ نے بیڈ سے کشن اٹھا کر اسکی طرف پھینکا تھا۔
اس نے کیچ کیا تھا

تم جا کر تیار کراو میں تب تک سٹڈی روم میں اک کیس سٹڈی کر لوں"۔وہ پیار سے اسکی پیشانی پر لب رکھتے کمرے سے چلا گیا۔

صبح زویا اٹھی تو نو بج رہے تھے۔
وہ تیزی سے ڈریس لیتی میں شاور لینے چلی گی

برہان اٹھ جاے اس نے گیلے بالوں کوہاتھ سے پیچھے کرتے اس پر جھکتے کہا تھا۔

برہان نے مندھی۔آنکھوں سے اس کی کلائی پکڑ کر اسے اپنے طرف کھینچا تھا۔

برہان چھوڑے نہ پلیز پہلے ہی کافی لیٹ ہو گے۔

برہان نے پیار بھری گستاخی کی۔

پھر اسکو چھوڑ دیا تھا۔
وہ بھی اٹھ کر شاور لینے چلا گیا۔

exponovels

ریڈی ہو کر باہر آے تھے۔

سلام کرتے ٹیبل تک آے۔

" واہ آج تو قیمہ پراٹھے بنے ہیں"

برہان نے بیٹھتے کہا تھا۔

عریشہ بنا رہی تھی۔جبکہ پاپا اور میر پراٹھوں کے ساتھ انصاف کر رہے تھے۔

ہاں برہان تم لیٹ ہو گے۔بہت ٹیسٹی ہیں۔بڑی بہو کی ہاتھ کے تو اکثر ملتے ہی رہتے ہیں آج چھوٹی بہو" کے ہاتھ کے کھانے کو مل رہے ہیں
پاپا نے کہا تھا

"ارے واہ۔۔۔مزہ آ گیا"

برہان نے پہلا نوالہ منہ میں رکھتے کہا تھا۔

"آج سے پہلے اتنے مزادار نہیں کھاے"

exponovels

اس نے زویا کو چڑاتے کہا تھا۔

زویا نے چڑ کر برہان کے پاوں پر زور سے پاوں مارا تھا وہ کراہ کررہ گیا تھا۔

میر جو کہ جوس پی رہا تھا دونوں کی حرکت دیکھ کر اچھوکا لگ گیا۔

میر ہنستا ہوا لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔

وہ بے چارہ چپ چاپ ناشتہ کرنے لگ گیا۔

کل رات کو جو بات برہان نے میر کو بتائی تھی۔

مما بھی اس وقت کھڑکی کی ریلنگ میں کھڑی تھی وہ بھی سن چکیں تھیں

وہ اس وقت سے شاکڈ میں تھی۔

جو کچھ وہ میر کے لیے کرنا چاہا رہی تھی آج انکی اولاد کے ساتھ ہو گیا تھا۔

وہ اس ذات کو بھول کر خود سب کرنے چلی تھی۔

exponovels

وہ اپنی ہی نظروں میں گر چکی تھی۔

میر کی خاموشی میں انکو سب سے بڑی سزا لگ رہی تھی۔

بھلے اس نے زبان سے کچھ نہیں کہا تھا۔

لیکن اسکا دل تو دکھا تھا نہ اور دلوں میں بسنے والا اللہ بڑا بے نیاز ہے

وہ اپنے کیے پر پچھتا رہی تھیں۔

انکی اولاد نے ان سے منہ پھیر لیا تھا۔
برہان کا نفرت آمیز رویہ انکی سزا ہی تو تھی۔

روتے روتے نیچے بیٹھتی چلی گی تھی۔

سب کچھ کرکے بھی تہی دامن رہ گی تھی۔

اک دم انکے دل میں خیال آیا تھا۔

وہ اٹھتی واش روم کی جانب چلی گئیں تھیں

exponovels

عرصہ ہوا وہ نماز چھوڑ چکیں تھیں۔

لیکن آج وہ وضو کیے اپنے پیدا کرنے والے کے روبرو تھیں"
جھکی گردن آنسو سے تر چہرا نماز پڑھ کر انہوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھاے تھے اک دفع انکی روح
"کانپی تھی۔

شام کے وقت عریشہ زویا کے ساتھ کچن میں مصروف تھی

میر نے بہت بار اسکے نمبر پر ٹرائی کیا تھا۔

لیکن وہ کال پک نہیں کر رہی تھی۔

میر نے بریسلیٹ والا کیمرا آن کیا۔

وہ کچن میں مصروف تھی۔

میر رات کو گھر آیا تو عریشہ کمرے میں فریش ہونے کے لیے آئی تھی۔

ڈوبٹہ بیڈ پر پڑا تھا وہ گیلے بالوں کو سمیٹ رہی تھی۔

exponovels

وہ دبے پاوں پاس آیا تھا۔

آکر پیچھے سے اپنے حصار میں لیا تھا۔

اس نے چونک کر آئینے میں دیکھا تھا۔

میر نے اک ہاتھ سے بالوں کا جوڑا کھول دیے تھے ساتھ ہی بال ہٹا کر اسکی گردن پر لب رکھے تھے۔

اس نے پیٹ پر رکھے میر کے ہاتھ پر اپنی گرفت مضبوط کی تھی

اس نے رخ موڑ کر اپنی طرف کیا تھا۔

میں جب جب تم کو دیکھتا ہوں مجھے ہر بار تم سے عشق ہوتا ہے۔

وہ شدت سے بھرپور لہجے میں اسکو اپنے جزبات کا احساس دلوا رہا تھا۔

میر نے اسکی جھجھک سمجھ لی تھی۔

پیچھے مڑتے ڈوبٹہ اٹھا کر اسے اوڑھیا تھا۔

"کہیں باہر چلیں"

exponovels

میر نے سینے سے لگاے پوچھا تھا۔

”نہیں۔مجھے نہیں جانا۔آپ میری حالت دیکھ رہے ہیں؟“
اسنے اپنے سراپے کی طرف اشارہ کیا تھا۔

تم ہر حال میں خوبصورت ہو چاہے اور موٹی ہو جاو“۔“

میر یہ تعریف تھی”وہ خفگی سے کہتے پیچھے ہوئی تھی۔“

”جانِ میرمیں تو تعریف اپنے طریقے سے کرنا چاہتا ہوں ۔ابھی نہ موقع ہے نہ دستور“

اس نے شرارت سے کہا تھا۔

وہ سرخ چہرا لیے اسکے کشادہ سینے میں منہ چھپا گی تھی۔

”ڈنر پر چلیں “

میر نے پوچھا تھا

میر کافی لیٹ ہوگے ہیں ”رہنے دے“

exponovels

چلو نہ پلیز"۔"

میر اسکو لے کر جانا چاہتا

اسکی خواہش دیکھتے ہوے وہ مان گی تھی۔

اس نے بالوں کو سمیٹا تھا۔میر فریشن اپ ہو کر آیا تھا۔

وہ کندھے پر چادر پھیلاتی باہر آ گی۔

برہان اور میر کا پلین تھا دونوں کو ساتھ لے کر جانے کا زویا اور برہان بھی اپنے کمرے سے ریڈی ہو کر نکل رہے تھے۔
برہان نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور زویا فرنٹ پر بیٹھ گی

عریشہ اور میر دونوں پیچھے بیٹھ گے۔

دونوں نے الگ الگ ٹیبل ریز رو کروائے تھے۔

میر اسکو بانہوں کے گھیرے میں لیے دھیرے دھیرے چل رہا تھا۔

exponovels

بہت سے لوگ انکو ستائش بھری نظروں سے دیکھ رہے تھے

برہان اور زویا بھی جا کر بیٹھے تو کھانا آرڈر کیا۔

"زویا تم ٹھیک ہو نہ کل جو بھی ہوا؟"

میر نے اسکا ہاتھ تھامتے کہا تھا۔

"ڈونٹ وری برہان رات میں آپ نے ہی کہا تھا۔اپنے رب پر بھروسہ رکھو۔مجھے اب بھی اسی پر بھروسہ ہے۔وہ قدرِ مطلق ہے۔بہترین کار ساز ہے ہر چیز اسکی مٹھی میں ہے۔وہ جب چاہے جس کو چاہے عطا کر سکتا ہے"

اس کے پرسکون لہجے پر وہ بھی پرسکون ہو گیا تھا۔

"کچھ بھی ہو تم میرے لیے بہت اہم ہو تم سے میری سانسیں جڑی ہیں"۔

زویا اسکے اسطرح اقرار کرنے پر دل و جان سے خوش ہو گی تھی۔

میر نے کرسی کھینچ کر اسے سہارا دے کر بٹھایا تھا۔

میر نے اسکے ساتھ والی کرسی بیٹھنے کے لیے سلیکٹ کی تھی

exponovels

"اچھا لگ رہا ہے؟ نہیں تو ہم کہیں اور بھی جا سکتے ہیں"

میر نے اسکی طبیعت کی وجہ سے پوچھا تھا۔

"میر میں ٹھیک ہوں"

"ہنی"

عریشہ نے اسکے اس طرح سے پکارنے پر دیکھا تھا۔

"تم نے مجھے ہمارے بے بی کے بارے میں نہیں بتایا"

عریشہ تو بھول گی تھی لیکن میر کو تو تجسس تھا۔

ویٹر کھانا سرو کر گیا تھا دونوں سیدھے ہو کر بیٹھے تھے۔

وہ عریشہ کے بولنے کا ویٹ کر رہا تھا۔لیکن عریشہ نے کچھ نہیں کہا تھا۔

ڈنر کر کے گھر آنے کے بعد میر چینج کر کے لیٹ گیا۔

exponovels

عریشہ اور زویا کچھ ڈسکس کرنے رک گئیں تھیں۔

وہ ویٹ کر رہا تھا۔

وہ چینج کرنے کے بعد ہاتھوں کو لوشن لگا رہی تھی میر نے ہاتھ بڑھا کر پاس لٹا لیا تھا۔

"میر"

عریشہ نے خفگی سے کہا تھا۔

"بتاو نہ؟"

میر نے اسکے چہرے پر ہاتھ پھیرتے پوچھا تھا۔

"کیا۔۔۔؟"

اس نے جان بوجھ کر انجان بنتے پوچھا تھا۔

"ہنی۔۔۔۔ "تم بتا رہی ہو کہ نہیں؟"

عریشہ نے ہاتھ کے اشارے سے پاس آنے کو کہا تھا۔

exponovels

"سرپرائز ہے"

وہ جھکا تو عریشہ نے اسکے کان میں سرگوشی کی تھی۔

اسکے مسکراتے لب سمٹے تھے۔

اک دم سے پیچھے ہوتے کروٹ بدلی تھی۔

میر ۔۔۔میری بات تو سنیں نہ میر۔۔۔اس نے کندھا ہلاتے کہا تھا"۔"

لیکن وہ اسی طرح لیٹا رہا۔

اس نے اسکو سیدھا کرنا چاہا وہ خفگی سے سیدھا ہو گیا تھا۔

عریشہ اسکے بازو پر سر رکھ کر لیٹ گی۔

اسکا دوسرا بازو بھی اپنے گرد پھیلایا تھا۔

وہ تھوڑا تنگ کر کے اسکو بتانے کا ارادہ رکھتی تھی۔

تھکاوٹ کی وجہ سے جلد ہی نیند کی آغوش میں چلی گی۔

exponovels

میر ویٹ کرتا ہی رہ گیا تھا

عریشہ کی آنکھ کھلی تو میر کہیں جانے کے لیے ریڈی ہو رہا تھا۔

گڈ مارننگ میر"اس نے اٹھ کر پاس آتے کہا تھا میر نے غصے سے اسکا ہاتھ جھٹکا تھا۔"

عریشہ رات والی بات بھول چکی تھی۔

"کہیں جا رہے ہیں؟"

ہاں پندرہ دن کے لیے آوٹ آف سٹی جا رہا ہوں ۔

اس نے کھڑی بند کرتے کہا تھا۔

اتنے دن اس سے دور رہنا عریشہ کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

"میر پلیز نہیں جاے رک جائیں نہ ۔میر پلیز"

اس نے آنکھوں میں آنسو لیے کہا تھا۔

exponovels

”ہنی سمجھنے کی کوشش کرو جانا بہت ضروری ہے“

اس نے اس کی پیشانی چومتے کہا تھا۔

میر ”عریشہ نے پیچھے سے جا کر اسکو جگڑا تھا“

اس نے رک کر دیکھا تھا۔

”جانا بہت ضروری ہے؟مجھے کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا۔رک جاے پلیز“

“ ہنی سمجھنے کی کوشش کرو۔ڈیوٹی از ڈیوٹی“

اس نے کہتے اسکا حصار توڑا تھا۔

وہ چلا گیا تھا عریشہ بیڈ پر بیٹھ گی۔

اسکا دل گھبرا رہا تھا۔

زویا کا دل متلایا تھا۔وہ منہ پر ہاتھ رکھتی واش بیسن کی طرف دوڑی تھی۔

برہان بھی پریشانی سے پیچھے آیا تھا۔

exponovels

وہ منہ پر پانی کے کے چھینٹے مارتی سیدھی ہوئی۔

برہان نے اسکو سہارا دے کر کمرے میں لایا تھا۔

بیڈ پر بٹھاکر روم فریج سے جوس نکال کر اسکو دیا تھا۔
برہان نے گلاس پکڑ کر سائیڈ ٹیبل پر رکھا تھا

"طبیعت زیادہ خراب ہے تو ڈاکٹر کے پاس لے کر چلیں؟ "

برہان نے اسکو ساتھ لگاتے کہا تھا۔

"نہیں برہان رات کو باہر سے کھانا کھایا تھا شاید اسی وجہ سے فوڈ پوائزنگ ہو گی ہے میں ٹھیک ہوں"

اس نے ساتھ لگے کہا تھا۔

دروازہ ناکڈ ہوا تو وہ تیزی سے دور ہوے۔

دروازے پر میڈ تھی۔

میڈم سب ناشتے کی ٹیبل پر آپ کا ویٹ کر رہے ہیں۔

exponovels

زویا اور برہان اک ساتھ باہر آے تھے سب کو سلام کرتے بیٹھنے لگی۔

"زویا شام کو ریڈی رہنا بی جان کے چیک اپ کے لیے جانا ہے"
برہان نے ناشتہ کرتے کہا تھا۔

"اچھا"

"پاپا شام کا کیا شیڈول ہے؟"

برہان نے پوچھا۔

"برہان رات کو نو بجے اک میٹنگ ہے ۔کیوں کوئی کام ہے ؟"

انہوں نے بتاتے ہوے پوچھا تھا۔چلے رات کو بات ہو گی۔

برہان نے پیپر سے ہاتھ صاف کرتے کہا تھا۔

عریشہ نے بے دلی سے ناشتہ کیا تھا۔کمرے میں گی تو اسکا فون بج رہا تھا۔

مما کا فون تھا۔

exponovels

" مما"

وہ بہت دکھی تھی میر نے جانے انجانے میں اسے ہرٹ کر دیا تھا۔

اسکی ایسی کنڈیشن تھی میر کو کم از کم ایسے اسکو اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے تھا۔

"کیا ہوا میری جان طبیعت ٹھیک ہے نہ؟کچھ ہوا ہے کیا"

وہ سمندر پار بیٹھی بھی اسکا دکھ محسوس کر چکی تھی

"ج۔۔جی مما سب ٹھیک ہے"

عریشہ نے خود کو ڈپٹتے کچھ کہنے سے روکا تھا۔

عریشہ نے پاپا کا پوچھ کر اور کچھ ادھر ادھر کی باتیں کر کے فون بند کر دیا تھا۔

لیکن انکو پتہ چل گیا تھا کہ وہ پریشان ہے انہوں نے اس کے پاپا کو سیٹ بک کروانے کے لیے کہا تھا۔باے چانس شام کی سیٹ مل گی تھی۔

انہوں نے میر کو بتا دیا تھا۔

exponovels

میر نے ڈرائیور کو کال کر دی تھی کہ وہ انکو رات میں پک کر لے۔

زویا اور بی جان کو برہان پک کرنے آیا تھا۔

وہ عریشہ کو کمرے میں بتانے آئی تھی۔

کہ وہ لوگ ہوسپٹل جا رہے ہیں اس نے کھانا بنا دیا ہے۔

اسے کچن میں جانے کی کوئی ضرورت نہیں۔
انکے جانے کے بعد وہ ٹی وی لاونج میں آکر بیٹھ گی۔

عریشہ ٹی وی لاونج میں بیٹھی ہوئی تھی

"مما مجھ کہیں باہر لے کر چلیں"

انابیہ نے آکر اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا تھا۔

" انا پھر کبھی چلیں گے ابھی میری طبیعت نہیں ٹھیک"

اس نے رسانیت سے کہا تھا۔

exponovels

”مما پلیز ابھی چلیں نہ میں بور ہو رہی ہوں۔پلیز پلیز پلیز۔۔۔“

وہ باہر جانے کی ضد کر رہی تھی۔

مما ٹی وی لاونج سے گزر کر کچن میں جا رہی تھی جب دونوں کو بات کرتے سنا۔عریشہ نے بھی مڑ کر دیکھا تھا۔

”انابیہ بیٹا آو دادو لے کر چلتیں ہیں“

انہوں نے پاس آتے رک کر کہا تھا۔

عریشہ نے حیران ہوتے انکی طرف دیکھا تھا۔

”میں انابیہ کو لے جاوں باہر؟“

انہوں نے جھکی نگاہوں سے پوچھا تھا۔

عریشہ شش و پنج میں پڑ گی تھی۔

اس نے بمشکل اجازت دی تھی

exponovels

”لیں جاے“

وہ دونوں چلی گئیں

رات کے آٹھ بج رہے تھے ۔

عریشہ فون کو ہاتھ میں پکڑے بے صبری سے میر کی کال کا انتظار کر رہی تھی۔

”میڈم آج میں گھر چلی جاوں؟“

عریشہ نے بے دھیانی میں ہی گردن ہلا دی تھی۔

عریشہ نے تنگ آ کر میر کے نمبر پر کال ملائی۔

کال اسکے سیکٹری نے پک کی۔

”میر سر کدھر ہیں“

اس نے چونک کر پوچھا تھا

میڈم ہم اس ٹائم آبائی حویلی میں ہیں سر کہیں باہر نکلے ہیں واپس آتے ہیں تو آپ کو کال بیک کرتے ہیں

exponovels

اسکے کان سائیں سائیں کرنے لگ گے تھے۔

مطلب میر نے مجھے جھوٹ کہا تھا۔

وہ صبح سے ٹینشن میں تھی سوچ سوچ کر ہلکان ہوے جا رہی تھی۔

تین سے چار گھنٹے لگ سکتے تھے ادھر سے گاوں جاتے ہوے۔

اس نے غصے سے چادر لی۔فون کو دبوچتے ہوے باہر آئی تھی۔

"ڈرائیور"
باہر آ کر اس نے آواز دی تھی

چوکیدار بھاگتا ہوا آیا تھا۔

میڈم کوئی بھی ڈرائیور گھر پر نہیں ہے ۔

اک ائیر پورٹ گیا ہے۔

اک حیدر صاحب کو آفس سے پک کرنے کے لیے گیا ہے۔

exponovels

اک کو بڑی میڈم لے کر گئیں ہیں۔

اس نے اداب سے سر جھکاے کہا تھا۔

اوکے دروازہ کھولیں"۔"

"لیکن میڈم آپ ۔۔۔ایسے کیسے۔۔۔۔؟"

چوکیدار نے اسکو روکنا چاہا۔

"آپ نے سنا نہیں ؟"

اس نے غصے سے کہا تو وہ دروازے کی طرف چلا آیا تھا۔

اسکے نکلنے کے کچھ دیر بعد چوکیدار نے میر کے نمبر پر کال کی تھی۔

سیکٹری نے پک کی تھی۔ چوکیدار نے اسے کہا تھا کہ سر جب آے تو اسے کال کرے۔

میر ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔

exponovels

لگ بھگ پینتالیس منٹ کے بعد واپس آیا تو اس نے بتایا کہ پہلے میڈم کی کال آئی تھی اور وہ پوچھ رہی تھی کہ وہ کدھر ہیں تو میں نے بتایا کہ حویلی آے ہیں۔

اور پھر کچھ دیر بعد چوکیدار کی کال آئی تھی۔
اس نے عریشہ کو کال کی اس نے پک نہیں کی تھی۔

اس نے چوکیدار کو کال کی تو اس سے اسے پتہ چلا تھا
کہ میڈم اکیلے ہی گاڑی لے کر نکل گی ہے۔

میر کے پیروں سے زمین نکلی تھی۔

وہ تو بس اس کو تنگ کر کے آیا تھا کہ وہ کہیں جا رہا ہے ۔

بس اسکو ستا رہا تھا۔سارا دن مصروف رہنے کی وجہ سے وہ کال نہیں کر پایا تھا۔

اسکی طبیعت کے پیشِ نظر وہ کہیں آ جا نہیں رہا تھا کہ اسکو کسی بھی وقت ضرورت پڑ سکتی ہے۔

وہ عریشہ کے نمبر پر کال ملا رہا تھا لیکن وہ پک نہیں کر رہی تھی۔

کہیں وہ کسی مصیبت میں تو نہیں ہے۔اب اسے لگ رہا تھا ۔

exponovels

کہ اسکی زرا سی غلطی کوئی بڑی مصیبت لانے والی ہے۔

ڈرائیور گاڑی نکالو۔ اس نے چلاتے کہا تھا۔

پھر اسکے ہاتھ سے چابی چھینتے ہوے گاڑی سٹارٹ کی تھی۔

کان میں ائیر پیس لگاتے تیزی سے گاڑی باہر نکالی تھی۔
اک ہاتھ سے نمبر ڈائل کر رہا تھا

اک دم کچھ کلک ہوا تھا۔اس نے فون سامنے کرتے کیمرا آن کیا تھا۔

گاڑی چلتے چلتے اک جھٹکے سے رکی تھی اور عریشہ کی چیخیں سنائی دے رہی تھی۔

میر کا پاوں اک دم بریک پر پڑا تھا۔

عریشہ درد کے مارے چلا رہی تھی بجتا فون ہاتھ سے نیچے گر چکا تھا وہ اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی۔
عریشہ کی دلخراش چیخ اسکی جان لبوں پر لے آئی تھی
"ہنی"

وہ چیخا تھا۔

exponovels

لیکن وہ تو سن ہی نہیں رہی تھی۔

اسے لیبر پین شروع ہو چکا تھا۔

وہ بہت تکلیف میں تھی۔

اس نے بے بسی سے نیچے گرے فون کو اٹھایا تھا۔

م۔۔میر۔۔۔۔۔"وہ تڑپتے ہوئے اسے پکار رہی تھی۔"
اسکے کان میں آواز گونجی تھی

میر کا دل لزا تھا

"ہنی ۔۔کک کیا ہوا؟۔کہا ہو تم۔۔۔۔۔؟"

اس نے سن ہوتے دماغ سے پوچھا تھا

"م میر ۔۔۔۔میری طبیعت ۔۔۔۔م۔میں۔۔۔۔حویلی آنے ۔۔۔۔۔۔"

آاااا"وہ بات کرتے چیخی تھی۔"

exponovels

مجھے لوکیشن سینڈ کرو

اس نے اسے کانپتے ہاتھوں سے واٹس ایپ کی تھی۔

اس نے چیک کی تو

وہ ابھی اس سے بہت دور تھی۔

اس نے دوسرا موبائل نکال کر گھر کال کی تھی۔

کسی نے پک نہیں کی تھی۔

"عریشہ برہان کدھر ہے؟"

وہ۔۔۔وہ۔۔۔بی جان اور زویا کے سااتھ ہوسپٹل گے ہیں۔

میر نے اسکے نمبر پر کال کی جو ریچ ایبل نہیں تھا ؟

اس نے گاڑی چلاتے سٹیئرنگ پر زور سے مکا مارا تھا۔

"ہنی میری بات سنو"

exponovels

کوشش کرو گاڑی کسی طرح ہوسپٹل لے جاو تمہاری کیس ہسٹری زارا ہی جانتی ہے اس لیے ہمیں ادھر“
”ہی جانا پڑے گا۔۔۔۔پلیز کوشش کرو

اس نے عریشہ سے کہا تھا۔

”میر ۔۔۔۔مجھ۔۔۔سے۔۔۔نہیں۔۔۔۔ہو۔۔۔پاے گا۔۔۔۔“

اس نے روتے ہوے کہا تھا

”ہنی تم کر سکتی ہو پلیز گاڑی سٹارٹ کرو تمہیں کرنا پڑے گا ہمارے لیے ہمارے بچے کے لیے“

میر نے اس کو ہمت دی تھی۔

میر گاڑی اڑا رہا تھا۔

”ہنی پلیز۔۔۔۔کوشش کرو“

عریشہ بہت تکلیف میں تھی۔

میر نے آڈیو کال ڈسکنگٹ کی تھی ویڈیو کال کی تھی۔عریشہ نے ڈیش بورڈ پر فون رکھ دیا تھا۔

exponovels

کانپتے ہاتھوں سے گاڑی سٹارٹ کر دی تھی جب جب درد کی لہر اٹھتی تھی وہ چلا اٹھتی تھی۔

وہ تڑپ رہی تھی میر بے بس تھا۔

میر کی گاڑی ہوا سے باتیں کر رہی تھی۔

"آاااا ۔۔۔میر۔۔۔۔ممم۔میں۔۔۔۔مر جاوں گی۔۔۔۔۔۔"

تڑپ وہ رہ تھی جان میر کی نکل رہی تھی۔

اس نے ہوسپٹل میں زارا کو کال کر کے بھی بتا دیا تھا۔

برہان اور زویا ادھر ہی رک گے تھے۔

تکلیف حد سے سوا تھی۔

دونوں اپنی اپنی جگہ بے بس تھے۔

عریشہ کا سر گھوم رہا تھا۔وہ آنکھیں جھپک جھپک کر سامنے دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

exponovels

میر کی سانس اٹکی ہوئی تھی۔

ہوسپٹل سے تھوڑے فاصلے پر میر کو عریشہ کی گاڑی دکھائی دے گی تھی۔

عریشہ کی حالت زیادہ خراب ہو گی تھی

عریشہ نے سائیڈ پر گاڑی روک دی تھی۔

میر نے پاس پہنچتے بریک لگائی تھی۔

گاڑی سے نکلتا اس کی طرف بھاگا تھا۔

گاڑی کا دروازہ شیشہ بجایا تو عریشہ نے سٹئیرنگ پر رکھا سر اٹھا کر دیکھا تھا۔

میر کو سامنے پا کر اس نے دروازہ ان لاک کر دیا تھا۔

اسکو گاڑی سے نکالتے ہوئے متاع حیات کی طرح بانہوں میں بھرا تھا۔

اس کو فرنٹ سیٹ پر بٹھاتے سیٹ بیلٹ لگاتا۔بجلی کی سی تیزی سے گاڑی میں بیٹھتے گاڑی آگے بڑھائی تھی۔

exponovels

عریشہ نے درد کے مارے اسکا کندھا دبوچا تھا۔

”ہنی میری جان م۔۔۔میں۔۔۔ تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا“

اس نے اسکی تکلیف پر تڑپتے کہا تھا۔

اور ایسے لگ رہا تھا کہ وہ اس سے زیادہ خود کو دلاسہ دے رہا ہے۔

ہوسپٹل کے سامنے گاڑی روکتے بانہوں میں بھرتا اندر کی جانب بھاگا تھا۔

سامنے ہی برہان زویا بی جان اور زارا مل گے تھے۔

اسٹریچر پر لٹاتے کوریڈور میں اسٹریچر دھکیلتے بھاگے تھے۔

اس کو اپریشن تھیٹھر میں لے کر گے تھے۔

باقی سب اٹکی سانسوں کے ساتھ باہر رکے تھے۔

سب رب کے حضور دعا گو تھے۔

میر کی سانسیں تھمیں تھیں۔

exponovels

ماوف ہوتے دماغ اور شل ہوتی ٹانگوں کے ساتھ دروازے کو تھاما تھا۔

اس کا تڑپتا وجود اسکی جان نکالنے کے در پر تھا۔

کچھ پل لگے تھے اسے سوچنے میں پھر وہ فیصلہ کرتا دروازہ دھکیلتے اندر داخل ہوا تھا۔

زارا نے آنے والے کو مڑ کر دیکھا تھا۔

جا کر اسکا ہاتھ زور سے تھاما تھا۔ عریشہ نے تکلیف سے بند ہوتی آنکھوں کو جھپک کر دیکھا تھا۔

اسکی جان میں جان آئی تھی۔

اسکا بی پی جو ہائی ہو چکا تھا۔کنٹرول نہیں ہو رہا تھا

اک دم سے نارمل ہونے لگ گیا تھا۔

تھوڑی دیر کے بعد بچوں کی رونے کی آواز آنے لگ گی تھی۔

عریشہ بے ہوش ہو گی تھی۔

exponovels

میر اور زارا کے ساتھ باہر آیا تھا۔

سب نے دونوں کو دیکھا تھا۔

ان دونوں کو خالی ہاتھ باہر آتا دیکھ کر سب کے دل رک سے گے تھے۔

برہان تیزی سے آگے آیا تھا۔

بھائی"اس نے دہلتے دل کے ساتھ کہا تھا"

زویا لڑکھڑا کر دو قدم پیچھے ہوئی تھی۔

پیچھے پڑی چیئر پر دم سے گری تھی۔

اسکو لگا تھا وہی ٹائم دوبارہ آگیا ہے جو انکے ساتھ ہوا تھا۔

پاپا بھی آگے آے تھے

"میر بیٹا سب ٹھیک ہے نہ؟"

انہوں نے پریشانی سے پوچھا تھا۔

exponovels

"پاپا ۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔"

وہ اتنا کہتا ان کے کندھے کے ساتھ لگ گیا تھا۔

انکے دل میں درد کی شدید لہر اٹھا تھی۔

سب منجمند ہوے تھے

میں نہیں بتا سکتا۔ڈاکٹر زارا بتاے گی"۔"

وہ اک دم کہتے پیچھے ہوا تھا۔

میر سر"وہ اسکے ڈرامے پر منہ کھولے کھڑی تھی اتنا کہا پائی۔"

پھر خود کو سنبھالتی ہوئی بولی

"بہت بہت مبارک ہو ۔عریشہ اور دونوں بچے سیف ہیں"

زارا کے کہنے پر سب کواپنی سماعت پر شبہ ہوا۔

exponovels

”دو۔۔۔دو۔۔۔بچے؟“

”سب بے یقینی سے زارا کو دیکھ رہے تھے؟“

”جی ہاں اک بیٹا اور اک بیٹی ہوئی ہے“

زویا جھٹکے سے اٹھتی زارا کے پاس آئی تھی۔

”ت۔۔۔تم سچ ۔۔۔بول رہی ہوں نہ؟“

اس نے زارا کو جھنجھوڑتے پوچھا تھا۔

”ہاں زویا میں سچ بول رہی ہوں“

یہ خبر سنتے ہی سب میں مانو زندگی کی لہر ڈور گی تھی۔

”ہم مل سکتے ہیں؟“

بی جان نے پوچھا تھا۔

تھوڑی دیر تک کمرے میں شفٹ کر دے گے۔

”میر۔۔۔بھائی۔۔۔۔برہان نے اسکو اٹھا کر گھوما ڈالا تھا“

exponovels

سب رک رک کر انکو دیکھ رہے تھے۔

بی جان نے فرط مسرت سے میر کی پیشانی چومی تھی۔

مما پیچھے چپ چاپ کھڑی تھی۔

میر کی مسکراتے نظر ان پر پڑی تھی۔

وہ چلتا ان تک آیا تھا۔

مما آپ دادی بن گی"۔"

اس نے خوشی سے کہتے انکو ساتھ لگایا تھا۔

انہوں نے اسکا چہرا دونوں ہاتھوں میں بھر کر اسکی پیشانی چومی تھی۔

آج پہلی دفعہ میر کو انکے پیار میں خلوص دکھا تھا۔

"شاہ پتر بچے کدھر ہیں؟"

exponovels

بی جان نے پوچھا تھا۔

بچوں کو سب سے پہلے انکے مما پاپا دیکھے گے۔

وہ کہتا اندر چلا گیا سب ارے ارے کہتے رہ گے۔

عریشہ کو بچے کے رونے کی آواز آئی اس نے آہستہ سے آنکھیں کھولی تھیں۔

میر اس پر جھکا مسکرا رہا تھا۔

"مم۔۔۔میر ہمارے بچے ؟"

وہ نڈھال تھی اتنا ہی بول پائی تھی۔

میر نے اسکو سہارا دے کر بٹھایا تھا۔ پھر نرس نے انکو دونوں بچے لا کر پکڑاے تھے۔

میر کے پاس انکی پرنسسز تھی۔
تو عریشہ کی گود میں قلقاریاں لیتا پرنس تھا

روئی جیسے نرم و نازک سے گول مٹول سے بچے دونوں کے چہرے پر زندگی سے بھر پور مسکراہٹ لے آے تھے۔

exponovels

عریشہ کو تو مانو یقین ہی نہیں آ رہا تھا۔

کمرے کا دروازہ کھولتے سب اک ساتھ کمرے میں آے تھے سب نے باری باری عریشہ کو پیار کرتے بچے ان سے لے لیے تھے۔
بی جان نے سب کے لیے یوں ہی ہنستے مسکراتے رہنے کے لیے دعا کی تھی۔

"انابیہ کدھر ہے؟"

عریشہ نے اسکو نہ پا کر سوال کیا تھا۔

وہ زارا کے اپارٹمنٹ میں ہے

زویا نے اسکو کہا تھا
مما پاپا چاچو اور چچی سب اک ساتھ آے تھے

سب سرپرائزڈ تھے

"عریشہ"

مما نے اسکے پاس آتے کہا تھا۔

exponovels

مما۔۔عریشہ نے روتے ہوے انکی گردن منہ بازو حمائل کر دیے تھے۔

پھر پاپا کو ملی تھی۔

ولیمہ والے دن کے بعد آج پاپا کو دیکھ رہی تھی۔
انہوں نے ساتھ لگتے پیار کیا تھا۔
اسکے بعد چاچو اور چچی سے ملی تھی۔
بچے کبھی اک کی گود میں تو کبھی دوسرے کی گود میں جھول رہے تھے۔

میر نے برہان کو پاس آنے کا اشارہ کیا تھا

زویا پہلے ہی عریشہ کے پاس کھڑی تھی۔

یہ ہم سب کے بچے ہیں۔"
بھائی ایسے سڑی ہوئی مسکراہٹ کون دیتا ہے"۔
اس نے برہان کو دھپ رسید کی تھی ساتھ میں اسکی ٹانگ کھینچی تھی۔

پھر دونوں بچوں کو برہان اور زویا کی گود میں رکھا تھا

"میر بھائی پارٹی تو بنتی ہے نہ؟"

exponovels

برہان نے بےبی کی پیشانی چومتے کہا تھا

زویا جو عریشہ کے پاس کھڑی تھی۔

اسکو اک دم سے چکر آیا تھا۔

اس نے عریشہ کا کندھا دبوچا تھا عریشہ نے انکا چہرا دیکھا تھا۔

"بھابھی"

اس نے مسکراتے اس کو تھاما تھا۔

دروازہ کھول کر زارا کمرے میں رپورٹ تھامے آئی تھی۔

سب نے اسکی طرف مڑ کر دیکھا تھا۔

"میرے پاس آپ کے لیے اک اور گڈ نیوز ہے"

زارا نے مسکراتے کہا تھا۔

exponovels

سب نے اچھنبے سے زارا کی طرف دیکھا تھا۔

"گڈ نیوز یہ ہے"

زارا نے سسپنس کری ایٹ کرتے کہا تھا۔

میر نے پاس آتے اسکے ہاتھ سے کاغذ اچک لیا تھا۔

"میر سر ڈس از ناٹ فیئر"

برہان چلتا ہوا پاس آیا تھا

"ویسے مجھے شبہ ہو رہا ہے تم لوگ ڈاکٹر ہی ہو نہ؟"

برہان نے تھوڑی کھجاتے کہا تھا۔

"برہان بھائی لیٹ نہیں کرے نیوز آپ سی ریلیٹڈ ہے"

زارا نے کہا تھا۔

میر نے رپورٹ کھولنی چاہی۔

exponovels

برہان نے جھپٹ لی۔

جب میرے سے ریلیٹڈ ہے تو میں ہی پہلے دیکھوں گا"۔"

رپورٹ کھولتے ہی حیران پریشان سا پاپا کی طرف آیا تھا۔

زویا نے رخ موڑ کر اپنا سرخ چہرا چھپایا تھا۔

"پاپا آپ دادا بننے والے ہیں"

کہتا ان کے ساتھ لگ گیا تھا۔

"کیاااااا"

میر خوشی سے چیختا اسکی طرف آیا تھا۔

خوشی دوبالا ہو گی تھی

"اک ساتھ اتنی گڈ نیوز"

بی جان کا چیک اپ کروانے کے بعد برہان نے اسکو بھی چیک اپ کروانے کا بولا تھا۔

exponovels

جس کی رپورٹ ابھی آئی تھی۔

خوشیاں سنبھالے نہیں سنبھل رہی تھیں۔

سب اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے

میر صوفے پر بیٹھا فون پر مصروف تھا

عریشہ کی مما اسکے پاس بیڈ پر بیٹھی ہوئیں تھیں۔

بچے بے بی کاٹ میں سوے ہوے تھے۔

"مما مجھے گھر جانا ہے"
عریشہ نے انکاہاتھ تھام کر کہا تھا۔

ابھی آج دوسرا دن ہے۔بیٹا ڈاکٹر کی پرمیشن کے بنا تو نہیں جا سکتے نہ"۔"

انہوں نے پیار سے سمجھاتے کہا تھا۔

exponovels

مما پلیز مجھے یہاں اچھا فیل نہیں ہو رہا۔بہت گھٹن ہو رہی ہے"۔"

اس نے انکی منت کرتے کہا تھا۔

میر بیٹا تم ڈاکٹر زارا سے بات کرو"۔"

انکے مخاطب کرنے پر اس نے فون جیب میں رکھا

"اوکے میں بات کرتا ہوں"

وہ کہتا باہر نکل گیا۔

باقی سب دن میں چکر لگا کر گھر جا چکے تھے۔

برہان کو میر نے آفس بھیجا تھا۔

کچھ دیر بعد میر کمرے میں آیا تھا۔

کان سے فون لگاے بات کر رہا تھا۔

زویا تم لوگ گھر ہی رہوں ہم کچھ دیر تک ادھر سے نکلے گے۔انابیہ کو سمجھاو کہ ہم گھر ہی آ رہے ہیں۔

exponovels

اس نے کہتے کال بند کی تھی

چچی جان آپ سامان کلوز کریں میں فارمیلٹیز پوری کر لوں پھر گھر چلتے ہیں۔"

وہ کہتا دوبارہ باہر چلا گیا۔

عریشہ اسکی طرف دیکھ کر رہ گی۔

زارا اور مما کے سہارے چلتی وہ گاڑی تک آئی تھی۔
مما نے بیٹی اسکی گود میں رکھی اور بیٹے کو لیتے پیچھے بیٹھ گی۔

میر گاڑی میں آکر بیٹھا تو عریشہ نے اسکی طرف دیکھا۔

لیکن میر کی نظر سامنے تھی۔

گھر آنے تک وہ سنجیدگی سے ڈرائیو کرتا رہا تھا۔

انکی گاڑی گھر میں داخل ہوئی تو سب لوگ
ٹی وی لاونج کے دروازے پر آ کھڑے ہوے۔
بی جان نے پیسے وار کر ملازم کو پکڑاے کہ کسی مستحق کو دے دے۔

exponovels

“”””””””””””””well com home”””””””””””””””

فلاور اور کینڈل سے لکھا ہوا تھا

سب نے مسکراتے راستہ دیا تھا انابیہ بھاگ کر مما سے ملی تھی۔

عریشہ نے اسے ساتھ لگا لیا تھا۔

راستے کو پھولوں اور غباروں سے سجایا گیا تھا۔

وہ لوگ بچوں کو اٹھاے اندر داخل ہوے تو ان پر پھول برسنے لگ گے تھے۔

سب کے چہرے پر خوشی رقص کر رہی تھی۔
یہ برہان اور زویا کا آئیڈیا تھا۔

مما پاپا اک اور سرپرائز ہے”۔“

انابیہ نے یہ کہتے سب کو اپنی طرف متوجہ کیا تھا۔

سب کو چھت پر لے آئی تھی۔

exponovels

انکے کمرے کے ساتھ والے کمرے کا دروازہ کھولا تھا روم کو بہت سارے غباروں سے سجایا گیا تھا۔

آدھا روم پنک اور وائٹ کلر کے کنبینشن میں تھا۔

آدھا گرے کلر کے کنبینیشن میں تھا۔ دو بیڈ

دو جھولوں کو بہت نفاست سے سجایا گیا تھا۔

بہت سارے ٹوائز ٹیڈی پیئرز باربی ڈول رکھے گے تھے۔

سب حیرانگی سے دیکھ رہے تھے۔

"اور یہ سب برہان نے کیا ہے ایسا ہے نہ؟"

میر نے کہتے ہوے اسکے کندھے پر ہاتھ پھیلایا تھا

"جی نہیں یہ سب دادو اور انابیہ نے کیا ہے"

انابیہ نے کہا تھا۔
سب نے انکی جانب نظر اٹھائی تھی۔
وہ نظریں جھکا گی تھی۔

exponovels

"تھینکیو سو مچ مما"

میر نے انکا ہاتھ تھامتے کہا تھا۔

وہ آسودگی سے مسکرا دی تھی۔

" میں یہ سب کرنا چاہتا تھا پر آپ نے مجھے اپنے کام میں پھنسا دیا تھا"
برہان آہستہ سے بڑبڑایا

میر نے سنا تھا۔
وہ مسکرا دیا تھا۔

"بھائی اب تو سدھر جاے پاپا بن چکے ہیں"
برہان نے جل کر کہا تھا

رات ہو چکی تھی

عریشہ کی مما عالیہ شاہ بے بیز کو سلا کر بے کاٹ میں لٹا کر گی تھی۔

اسکو بھی کھانا وغیرہ کھلا کر میڈیسن دی تھی۔

exponovels

پھر وہ اور زویا ساتھ ساتھ ہی کمرے سے باہر آئیں تھیں۔

وہ میر سے بات کرنا چاہتی تھی۔

لیکن میر نے پورا دن موقع نہیں دیا تھا۔ وہ ویٹ کرتے کرتے سو گی تھی۔

میر آیا تو دبے پاوں چلتے نائٹ ڈریس لیا۔

فریش ہونے کے بعد پیار سے دونوں بچوں کو اٹھا کر چوما تھا۔

آرام سے بے بی کاٹ میں لٹا کر اسکے پہلو میں آکر لیٹا تھا۔

بے اختیار ہی اس پر جھکا تھا۔

وہ ہلکا سا کسمسا کر سو گی تھی۔

کچھ دیر اس پر پیار کی برسات کرنے کے بعد احتیاط سے اس کو لٹایا تھا۔

تھکاوٹ کی وجہ سے جلد ہی وہ نیند کی آغوش میں چلا گیا تھا۔

exponovels

میر کی آنکھ بچے کے رونے کی آواز سے کھلی تھی۔

اس نے اٹھتے ہاتھ بڑھا کر لائٹ آن کی تھی۔

سامنے کا منظر دیکھ کر چکرا کر رہ گیا تھا۔

عریشہ بیڈ پر بیٹھی پاوں کارپٹ پر رکھے زورو شور سے روے جا رہی تھی۔

وہ تیزی سے اٹھ کر پاس آیا تھا

جھک کر بچے کو بے بی کاٹ سے اٹھایا تھاساتھ لگاتے تھپکا تھا۔

اسکے پاس بیڈ پر بیٹھتے اسکا کندھا ہلاتے اپنی طرف توجہ دلوائی تھی۔

اس نے چونک کر سر اٹھایا تھا

"عریشہ طبیعت ٹھیک ہے؟کیا ہوا کیوں رو رہی ہو"

"جی میں ٹھیک ہوں؟"
اس نے آنسو صاف کرتے کہا تھا۔

exponovels

تو پھر کیا ہوا لو اسے؟ ”میر نے بچے کو اسکی گود میں ڈالنا چاہا۔‘

”نن۔۔۔نہیں پلیز۔یہ اتنا چھوٹا سا ہے اسکو اٹھاتے مجھے بہت ڈر لگتا ہے پلیز

اس نے روتے ہوے کہا تھا

میر کو اسکی بات سن کر ہنسی آ گی تھی

بچے کو بھوگ لگی تھی۔وہ روے جا رہا تھا۔
عریشہ پکڑنے کو تیار نہیں تھی۔

اس نے اسکی مما کو کال کی تھی ۔تھوڑی دیر بعد دروازہ ناکڈ ہوا۔

میر نے دروازہ کھولا ۔

انہوں نے کمرے میں آتے میر سے بچے کو لیتے ہوے ساتھ لگایا تھا۔
میر موبائل پکڑ کر صوفے پر بیٹھ گیا تھا۔

“ عریشہ کیا ہوا لو بیٹا فیڈ کرواو۔“

مما دیکھے تو کتنا چھوٹا سا ہے مجھے ڈر لگتا ہے گر نہ جاے اسکے لگ جاے گی”۔“

exponovels

عریشہ نے روتے ہوے اپنی بات دورائی تھی۔

میر نے بمشکل قہقہ روکا تھا۔

”عریشہ اسے پکڑو میں پاس ہی ہوں نہ بیٹا“

انہوں نے ڈپٹتے ہوے کہا تھا۔

اس نے کانپتے ہاتھوں سے پکڑا تھا۔

اسکی جھجک سمجھتے میر باہر نکل گیا تھا۔

فیڈ کرواتے وہ سو گیا تھا۔ مما نے اسکی گود سے لے کر اسکو بے بی کاٹ میں لٹا دیا تھا۔

سوئی ہوئی بچی بھی کسمسانے لگ گی۔

انہوں نے اسکے لیے فیڈر تیار کیا اسکو پلایا۔دونوں کے سونے کے بعد عریشہ کو بھی لیٹا کر اس پر کمبل درست کیا۔

پیشانی چومتے واپس چلی گی۔

exponovels

تھوڑی دیر کے بعد میر واپس آیا تو وہ لیٹی کچھ سوچ رہی تھی۔

رونے کی وجہ سے آنکھیں اور ناک سرخ تھے

میر نے لیٹتے لیمپ آن کیا۔

اسکی طرف پشت کر کے لیٹ گیا۔

چند پل ایسے ہی گزرے عریشہ نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے اسے پکارا تھا۔

""""میر""

وہ بھی اسکی حالت لے پیشِ نظر سیدھا ہو گیا۔

خفا نظروں سے اسکی طرف دیکھا تھا۔

"نن۔۔۔ناراض ہیں؟"

نہیں میں تو بہت خوش ہوں جو حرکت تم کر چکی ہو دل تو کرتا ہے دو رکھ کر لگاوں۔کیا ضرورت تھی" اتنی رات کو اکیلے نکلنے کی۔بندہ اپنی حالت پر ہی غور کر لیتا ہے۔لیکن نہیں آپ کیوں سوچے گی۔آپ کے تو بس جو دل میں آے وہ ہی کرنا ہے۔اگر کچھ ہو جاتا تو۔۔۔اس تو سے آگے سوچ کر میری روح "کانپ جاتی ہے۔کتنی بری کنڈیشن میں سے گزرے ہیں اور یہ سب آپ کے جزباتی پن کی وجہ سے ہوا

exponovels

وہ تپ کر بولا تھا۔

"آئی ایم رئلی سوری۔میں ایسا کچھ نہیں کرنا چاہتی تھی۔میں تو بس منانے آ رہی تھی"

روتی ہوئی اس کے ساتھ لگ گی تھی

اور یہی تو میر کی کمزوری تھی وہ اس کی آنکھ میں آنسو نہیں پرداشت کر سکتا تھا۔

"شش"

بس اب اور نہیں تم ٹھیک ہو جاو ہم پھر اس بارے میں بات کرے گے۔تم نے بہت ساری غلطیاں کیں ہیں لیکن یہ سب سے بڑی غلطی تھی۔اور اس غلطی کی سزا تو تم کو مل کر رہے گی۔
"ابھی کے لیے ریلکس ہو جاو

میر نے اس پر جھکتے کہا تھا۔

"آپ نے مجھے مبارک بھی نہیں دی؟"

عریشہ نے کہا تھا

"تو تم نے مجھے کب دی؟"

exponovels

میر نے اسکے رخسار پر ہاتھ پھیرتے کہا تھا۔

میں تو گفٹ لے کر آئی ہوں آپکا کام بنتا تھا مبارک دینا"۔"

عریشہ نے مسکرا کر کہا تھا

"بہت بہت مبارک ہوں ہنی مما بنے کی۔اور تھینکس ہماری زندگی میں دو دو گفٹ لانے کی ۔ "

میر نے اسکے لب قید کرتے کہا تھا۔وہ خفگی سے اسکے کندھے دبوچ کر رہ گی تھی۔
وہ ہنستا ہوا پیچھے ہو گیا تھا۔

صبح کے وقت عائشہ بیگم کمرے کے سامنے سے گزر رہی تھی۔

بچے کے رونے کی آواز پر انکے قدم رکے تھے۔

انہوں نے دورازہ ناکڈ کیا تھا۔

میر نے دورازہ کھولا تو وہ سامنے کھڑی تھیں۔
آیئے نہ مما"۔اسنے سائیڈ پر ہوتے کہا تھا'

exponovels

""وہ بچے کے رونے کی آواز آ رہی تھی۔ میں دیکھنے آئی تھی"
انہوں نے آنے کیوجہ بتائی تھی۔

عریشہ اٹھ کر بیٹھ چکی تھی اپریشن کی وجہ سے زیادہ بیٹھا نہیں جا رہا تھا۔

عائشہ بیگم نے بچے کو اٹھا کر اسکی گود میں ڈالا جب فیڈ کروا چکی تو عریشہ نے انکی طرف بڑھایا تھا۔
"میں باہر لے جاوں؟"
انہوں نے جھجکتے پوچھا تھا۔

میر نے کمرے میں آتے انکی بات سنی تھی۔

"پوچھنے کی کیا ضرورت ہے؟آپ دادو ہیں"

عریشہ نے مسکرا کر کہا تھا۔

وہ ساتھ لگائے چلی گی۔
ناشتے کے بعد سب لوگ کمرے میں جمع تھے۔

"اب نام بھی رکھے گے؟یاں یہ بڑے ہو کر خود رکھے گے اپنے نام؟"

برہان نے کہا تو سب ہنس دیئے تھے

exponovels

"کیوں بھئی کیا نام سوچے ہیں برخودار؟"

حیدر صاحب نے میر سے پوچھا تھا۔

پاپا جو حادثہ برہان اور زویا کے ساتھ ہو چکا تھا ہم بہت ڈرے ہوے تھے۔اسی لیے کوئی نام نہیں سوچا ہے'۔

میر نے کہا تھا۔

"شایان زیان شاہ"

برہان نے کہا تھا۔

سب کو نام پسند آیا تھا

میر نے عائشہ بیگم کی طرف دیکھا تھاجو سر جھکاے بیٹھی تھی۔

ہماری پرنسز کا نام مما رکھیں گی۔

انہوں نے چونک کر دیکھا تھا

exponovels

حیدر شاہ نے مسکرا دیکھا تھا
وہ کچھ دیر چپ رہی تھی

"عبیرہ زیان شاہ"

انہوں نے کہا تھا۔

"بی جان یہ نام کیسے ہیں؟"
حیدر شاہ نے مسکرا کر دریافت کیا تھا۔

"بچوں کی مما سے بھی تو پوچھ لو۔اگر اسے پسند ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے'

انہوں نے مسکراتے کہا تھا
"جیسا آپ لوگوں کو ٹھیک لگے"

عریشہ نے شرماتے ہو کہا تھا

بس تو پھرفائنل ہو گیا حیدر شاہ نے کہا تھا"۔"

exponovels

اک ماہ ہو چکا تھا۔ عریشہ کھڑکی کے پاس کھڑی آسمان کی طرف دیکھ رہی تھی۔چاند کی چاندنی ہر سو بکھری ہوئی تھی۔ٹھنڈی ہوائیں رقص کر رہیں تھیں ۔

وہ مڑی تو میر کے چوڑے شانے سے ٹکرا گی۔

"کس کو اتنی محویت سے سوچا جا رہا ہے ؟"

میر نے بانہوں کا حصار باندھتے کہا تھا۔

"آپ کب آے؟"
عریشہ نے مسکرا کر پوچھا تھا۔

" تبھی جب آپ کو خبر نہیں ہوئی"

میر نے کان میں سرگوشی کرتے کہا تھا۔

اسکی گرم سانسو ں سے عریشہ کے کان جلنے لگ گے تھے۔

"کوئی دن بدن خوبصورت ہوتا جا رہا ہے"

میر نے کہتے اسکے کان کی لو کو لبوں سے قید کیا تھا۔

exponovels

عریشہ نے اس کے بازوں پر ہاتھوں کو زور سے دبایا تھا۔

”بچوں نے آکر مجھے خوبصورتی گفٹ دے دی ہے؟“

”ہاں ہاں بچوں کے باپ کا تو کوئی عمل دخل ہی نہیں ہے“

میر نے کلس کر کہا تھا۔

عریشہ کا قہقہ نکل گیا تھا۔

وہ اسکو بانہوں کے حصار میں سے نکالتا مڑا تھا عریشہ نے کلائی تھام کر روکا تھا۔

اسکے سامنے آتے اسکی گردن میں بازو حمائل کیے تھے۔

آپ کے ہونے سے تو یہ سانسیں چل رہی ہے

میر اسکے یوں کھلم کھلا اظہار پر دل و جان سے فدا ہو گیا تھا۔

اس سے پہلے کہ اس پر جھکتا عبیرہ کے رونے کی آواز آنے لگ گی۔

وہ منہ بناتا پیچھے ہوا۔

exponovels

عریشہ ہنستی ہوئی عبیرہ کی طرف آئی تھی۔

ڈیڑھ ماہ گزر چکا تھا۔

میر کہیں گیا ہوا تھا عریشہ اور زویا کمرے میں بیٹھی ہوئی تھی۔

برہان کی کال آئی تھی۔

اس نے عریشہ اور زویا کو تیار ہونے کو کہا تھا۔

عریشہ اور زویا نے پہلے دونوں بچوں کو ریڈی کیا تھا۔ پھر انابیہ کو ریڈی کیا تھا۔اسکے بعد وہ دونوں خود ریڈی ہوئی تھی۔

مما پاپا کہیں گے تھے۔انکے نکلتے ہی برہان آ گیا تھا۔
اس نے بی جان کو بھی ساتھ چلنے کا کہا تو انہوں نے منع کر دیا لیکن پھر سب کے اصرار پر مان گئیں۔

exponovels

گاڑی گیسٹ ہاوس کے پیچھلے دروازے پر رکی تو عریشہ۔اورزویا نے اک دوسرے کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا۔

برہان کی سنگت میں چلتے کمرے میں آے برہان ادھر بٹھا کر باہر نکل گیا۔

برہان نے میر کا نمبر ڈائل کیا۔

اس نے کال اٹھائی سلام دعا کے بعد برہان نے پوچھا
"بھائی آفس پہنچ گے؟"

"ہاں ابھی ابھی پہنچا ہوں۔ کیوں کوئی کام ہے؟"
میر نے فائل دیکھتے پوچھا تھا

فارم ہاوس پہنچے میں یہاں اک کام سے آیا تھا "

لیکن یہاں پھنس گیا ہوں۔مجھے لگتا ہے باہر کوئی ہے۔پلیز بھائی جلدی آے اور پیچھلے دروازے سے آیئے "گا

میر اسکی بات سن کر پریشانی میں آفس سے نکل کر بھاگا تھا

تیزی سے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا۔

exponovels

فارم ہاوس کے پیچھلے دروازے پر گاڑی روکتے برق رفتاری سے اندر بھاگا تھا۔

ہر سو اندھیرے کا راج تھا

""برہان ۔۔۔"

میر نے پریشان ہوتے خدشے میں گرے پکارا تھا۔

"بھائیییی۔۔۔۔۔۔"

برہان اک دم چیخا تھا

میر کا دل دہل گیا تھا۔

"برہان کہا ہو؟"

اس نے اندھیرے میں کچھ ڈھونڈنا چاہا۔

ساتھ ہی لائٹس آن ہوئی تھیں

exponovels

میر آنکھیں پھاڑے دیکھ رہا تھا۔

سب ہنس رہے تھے۔

دل موہ لینے والا ماحول تھا۔

برہان نے سرپرائز پارٹی ارینج کی تھی۔
لائٹیں جگمگ کر رہیں تھی۔

فلاورز اور بلونز سے ڈیکوریشن کی گئی تھی۔

مدھم مدھم میوزک بج رہا تھا۔

پریشانی کی جگہ اب غصے نے لے لی تھی۔
وہ اسکی طرف بڑھا تھا۔
"بی جان بچاے۔۔۔۔۔"

برہان چلاتا بی جان کے پیچھے ہو گیا۔

بی جان ہنس دیں تھیں

exponovels

"میر پتر چھوڑ دو۔سرپرائز تھا نہ "

بی جان نے برہان کی طرف داری کرتے کہا تھا

میر نے زویا سے عبیرہ کو لے کر اسکے دونوں ابھرے گالوں کو چوما تھا۔

پھر

وہ ہنستا سب سے ملنے لگ گیا تھا۔

"عریشہ اور شایان نظر نہیں آ رہے؟"

اس نے ادھر ادھر دیکھتے زویا سے پوچھا تھا۔

"ہاے رے بے تابیاں"

زویا مسکرا دی تھی۔

جبکہ برہان کی گردن میر کے شکنجے میں آ چکی تھی۔

قد

مما عریشہ کو ساتھ لے کر باہر آئی تھی۔

exponovels

میر کی نظر سامنے اٹھی تھی وہ جھپکنا بھول گیا تھا۔وہ شرمائی لجائی سی شایان کو اٹھاے آ رہی تھی

"آہم آہم"

برہان نے کھانستے میر کو چھیڑا تھا۔

وہ ہنس دیا تھا۔

وہ دھیرے دھیرے چلتا اس تک آیا تھا۔

مما کو عبیرہ پکڑاتے اسکی گود سے شایان کو اٹھایا تھا۔

عریشہ کے ہاتھ کے ساتھ اسکا ہاتھ مس ہوا تھا۔ عریشہ نے گھبراتے آس پاس دیکھا تھا۔

میر عریشہ آو بیٹا کیک کاٹو پھر ڈنر سرو ہو گا۔

دونوں بچوں کو اٹھا کر ٹیبل تک آے تھے۔

دونوں نے سامنے دیکھتے اک ساتھ انابیہ کو پکارا تھا۔

"انابیہ"

پھر اک دوسرے کی طرف دیکھتے ہنس دیے تھے اسکو پاس بلوا کر درمیان میں کھڑا کیا تھا۔

exponovels

فوٹو گرافر نے یہ منظر کیمرے کی آنکھ سے قید کیا تھا۔ پھر اسکے بعد بہت سے منظر قید ہوتے گے۔

کھانا کھانے کے بعد برہان نے سب لائٹ بند کرنے کا اشارہ کیا تو اسکے اک اشارے پر سب لائٹس آف ہو گی تھیں۔سکرین روشن ہوئی تھی۔

سب اسکے سامنے آکر اکھٹے ہوگے
میر کی عریشہ کی انابیہ بچوں کی بہت سی پیکچرز ویڈیوز تھیں سب کے چہرے پر خوشی رقص کر رہی تھی

لاسٹ پے اک اور ویڈیو لگی تھی۔
عریشہ کی جو وہ بچے کو اٹھانے سے ڈر رہی تھی۔

سب ہنس رہے تھے اور وہ میر کو گھور رہی تھی جس نے اسکی ویڈیو بنائی تھی۔

ایسے نہ گھورو ابھی تو رات باقی ہے بات باقی ہے میر نے آنکھ مار کر کہا تھا۔"
میر آنکھوں میں محبت سموے ہوے تھا۔

بس یہ لاسٹ تھی۔برہان نے آناوئس کیا تھا۔

سب مڑے تھے لیکن اک دم نیکسٹ ہوا تھا۔
منظر بدلہ تھا

exponovels

سب نے آنکھیں پھاڑے دیکھ رہے تھے۔

میر کسی لڑکی ساتھ تھا کسی جگہ کھانا کھا رہے تھے تو کسی جگہ کندھے سے کندھا ملا کر چل رہے تھے۔

سب لوگ حیرت کا مجسمہ بنے سکرین پر چلتی ویڈیو کو دیکھ رہے تھے۔

لاسٹ پر جو پوز تھا وہ کچھ ایسے تھا۔

اس نے اس لڑکی کو تھام رکھا تھا۔

اک ہاتھ اسکی کمر پر رکھے اس پر جھکا ہوا تھا۔
اور وہ لڑکی میر کے بازو کو زور سے پکڑے ہوے تھی۔

میر نے گھبرا کر عریشہ کی طرف دیکھا تھا۔جو خالی نظروں سے اڑی رنگت کے ساتھ سکرین کو گھور رہی تھی۔

گہرا سکوت چھا چکا تھا۔

"ہنی مم۔۔۔میری بات۔۔۔سنو پلیز"

exponovels

عریشہ نے اک جھٹکے سے اسکی گرفت میں سے اپنی کلائی کھینچی تھی۔

غصیلی نظروں سے میر کی طرف دیکھا تھا آنکھیں نم تھی۔بے یقینی سی بے یقینی تھی۔

پھر طیش میں آتے اس کے گریبان کو پکڑا تھا۔

میر کس چیز کی کمی رہ گی تھی ؟یہ تھی آپ کی محبت؟میرے بارے میں۔۔۔۔اپنے بچوں کے بارے میں کچھ تو سوچا ہوتا۔"

متواتر بہتی آنکھوں سے پوچھا تھا۔

کسی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا اس نے مڑ کر دیکھا۔

عریشہ جیسا تم سوچ رہی ہو ویسا کچھ نہیں ہے میرا یقین کرو"۔"

فاریہ نے التجا کی تھی۔
وہ میر کو چھوڑتی اسکے سامنے آئی تھی۔

او رئیلی تم کو میں بے وقوف دکھتی ہوں؟"
کہا ٹیک لگا ہے میرے کہ میں بے وقوف ہوں؟

exponovels

”پر تم سے مجھے کوئی گلہ نہیں تم تو پرائی تھی

عریشہ نے طنزیہ مسکراہٹ اسکی طرف اچھالی تھی۔

”عریشہ ممم۔۔۔۔میری بات تو سنو؟“

اس نے التجائی انداز میں کہا تھا۔

بس”وہ ڈھاری تھی۔“

”برہان“

وہ چلتی چلتی برہان کے سامنے آکر رکی تھی اسکو پکارا تھا

ججج۔۔۔۔۔جی بھابھی؟”۔‘

اس نے ہکلاتے ہوے کہا تھا۔

”یہ ہی چاہتے تھے نہ ؟“

”ایسا ہی کچھ ایکسپکٹ کر رہے تھےنہ؟“

exponovels

اسکی آنکھوں میں آنکھوں ڈال کر مسکراتے پوچھا تھا

اسے شاک لگا تھا۔

وہ وہ۔۔۔بھابھی۔۔۔۔میں تو بس ٹیسٹ کر رہا تھا"
"کہ آپ بھائی پر کتنا ٹرسٹ کرتی ہیں

برہان نے اٹکتے کہا تھا

میر نے اک جھٹکے سے سر اٹھایا تھا

اسکو اپنی سماعت پر شبہ ہوا تھا۔

پھر بجلی کی تیزی سے برہان کو جا کر قابو کیا تھا

فاریہ لڑکھڑا کر دھڑام سے پاس پڑی چیئر پر گری تھی۔

اب وہ کراہ رہا تھا۔
میر میں نے انکو یوایس پی سیٹ کرتے دیکھا تھا یہ مسکرا رہے تھے۔

exponovels

مجھے اسی ٹائم کچھ گڑ بڑ لگی تھی۔

بھائی۔۔۔بھائی۔۔۔چھوڑ دے یہ لاسٹ ٹائم تھا"
"اور یہ بھی تو دیکھے نہ بھابھی نے سب کے سامنے محبت کا اظہار کیا ہے
برہان نے چینختے کہا تھا۔

سب بول رہے تھے میر چھوڑو جانے دو۔
میر نے چھوڑ دیا تھا۔

سوری فاریہ آئی نو آپ دونوں اچھے فرینڈ ہو ساتھ میں کام کرتے ہو۔یہ سب ڈرامہ تو برہان کے لیے کیا تھا"۔

عریشہ نے اس کے پاس آ کر کہا تھا۔
وہ مسکرا دی تھی۔

"اٹس اوکے۔"

فاریہ نے کہا تھا۔

"میں آپ سب کے سامنے کچھ کہنا چاہتی ہوں"

exponovels

مائیک میں کسی کی آواز گونجی تھی سب نے مڑ کر سٹیج کی طرف دیکھا تھا۔

عریشہ 'میر اور زویا اور برہان کی رنگت متغیر ہوئی تھی۔

مجھ سے غلطیاں بلکہ یہ کہنا صحیح ہو گا مجھ سے بہت سے گناہ سرزد ہوے ہیں۔میں اپنی ہی نظروں میں گر چکی ہوں۔میر نے جا کر مائیک لیا تھا۔

سوری ایوری ون آپ لوگ آے ہمیں اچھا لگا۔آپ کے آنے کا بہت بہت شکریہ "۔"
میر نے خود کو سنبھالتے کہا تھا۔

سب اک اک کرکے باہر نکل گے تھے اب بس فیملی کے لوگ ہی پیچھے رہ گے تھے۔

مما یہ کیا کرنے جا رہیں تھیں؟"۔"

میرنے انکا چہرا تھامتے کہا تھا

مجھے کہہ لینے دیتے بیٹا۔میرا ضمیر روز مجھے کھجوکے لگاتا ہے۔مجھے میرے کیے گے گناہ کسی پل چین نہیں" لینے دیتے میں بہت تکلیف میں ہوں۔برہان میری شکل تک دیکھنا نہیں پسند کرتا۔میں اسی قابل ہوں ۔اور میرے لیے اس سے بڑھ کر کیا سزا ہو گی۔کہ میری اپنی اولاد میری شکل تک دیکھنے کی روادار نہیں ہیں۔مجھے کہہ لینے دیتے میں۔۔۔بہت تکلیف میں ہوں۔تمہاری چچی مجھے تماچا لگتی ہیں۔۔۔۔وہ روتے روتے نیچے اسکے پیروں میں بیٹھتی چلی گی تھی۔

for more visit (exponovels.com)

میر اک دم سے پیچھے ہوا تھا۔

"کیا ہوا ہیں عائشہ ؟"

حیدر شاہ نے پاس آکر پوچھا تھا۔

"حیدر وہ۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔۔۔"

انہوں نے اتنا کہا تھا

"مما اٹھے"

میر نے انکو سہارا دیتے کھڑا کیا تھا۔

پھر نیچے آتے برہان کے سامنے کھڑا ہوا تھا۔

"برہان مجھے تم سے یہ ہرگز امید نہیں تھی۔وہ ماں ہیں ہماری۔اس قصہ کو ختم کر دو۔چلو معافی مانگو"

میر نے کہتے بات ختم کی۔

اسے پکڑے انکے سامنے کیا تھا۔

" مجھے معاف کر دو برہان"

exponovels

اس کے بولنے سے پہلے مما بول پڑیں تھیں

برہان نے انکے جڑے ہاتھ پکڑ لیے تھے پھر انکے گلے لگ گیا۔

اسکے بعد انہوں نے میر عریشہ اور زویا سے بھی معافی مانگی تھی۔انہوں نے نے کھلے دل سے معاف کر دیا تھا

"کوئی مجھے بتاے گا کہ ہوا کہا ہے؟"

حیدر صاحب نے رعب دار لہجے میں کہا تھا۔

پاپا بس چھوٹی سی مس انڈر سٹنڈنگ ہو گی تھی اب سب ٹھیک ہے۔

میر نے کہا تھا۔

" رات کافی ہو گی ہے گھر چلنا چاہیے"

بی جان نے کہا تھا۔

وہ واپس آے توسب اپنے کمروں میں چلے گے۔میر نے زویا سے سوے ہوے شایان کو لیا تھا۔

عریشہ نے پہلے عبیرہ کو بے بی کاٹ میں لٹایا۔

پھر میر سے شایان کو لیا۔

میر خاموشی سے ڈریسنگ روم میں چلا گیا۔

exponovels

نائٹ ڈریس لے کر واش روم میں گھس گیا۔

عریشہ جا کر بیڈ کے کنارے ٹک گی تھی۔

میر نکلا تو وہ کسی گہری سوچ میں تھی۔

میر جا گر بیڈ پر لیٹ گیا۔

عریشہ کچھ دیر بعد حقیقت کی دنیا میں واپس آئی تو لائیٹ آف تھی لیمپ کی مدھم مدھم روشنی ہر سو پھیلی ہوئی تھی۔

اس نے دیکھا میر آنکھوں پر ہاتھ رکھے چٹ لیٹ ہوا تھا۔

تھکاوٹ کی وجہ سے چینج کرنے کو دل نہیں چاہا تھا جا کر اسکے پہلو میں لیٹ گی تھی۔

میر اس انتظار میں تھا کہ ابھی وہ اسے اٹھاے گی بات کرے گی لیکن وہ خاموش ہی رہی۔

وہ انتظار کرتے کرتے سوگیا تھا۔

ابھی سوے ہوے کچھ ہی ٹائم ہوا تھا۔کوئی اسکے کان کے پاس زور سے چینخا تھا۔

exponovels

وہ ہڑبڑا کر بیڈ سے کھڑا ہو گیا تھا۔
خود پہ قابو پاتے اسنے ہاتھ مار کر لائیٹ جلائی تھی۔

سامنے ہی عریشہ ہونٹ کو دانتوں میں دبائے پارٹی والے ہی ڈریس میں کھڑی تھی۔

"یہ کیا بتمیزی تھی؟"

میر نے غصے سے کہا تھا۔

"ابھی تو میں نے اصلی والی بتمیزی کرنی ہے"

عریشہ کہتے اسکے پاس آئی تھی۔

میر نے ناسمجھی سے دیکھا

عریشہ نے کمر کے پیچھے رکھا ہاتھ باہر نکالا تھا۔
کیک کی کریم جو وہ کچن میں سے لگا کر آئی تھی اسکے چہرے پر مل دی تھی۔

وہ ہونق بنا منہ کھولے کھڑا تھا۔

exponovels

”ہیپی برتھ ڈے میر“

عریشہ نے اسکے گال سے اپنا گال مس کرتے کہا تھا۔

میر اسکی اس ادا پر نہ چاہتے ہوے بھی مسکرا دیا تھا۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر اسے بانہوں کے حصار میں لیا تھا۔وہ شرم سے پلکوں کی جھلمن گرا گی تھی۔

اچھی لگ رہی ہو۔میر نے اسکی دوسری گال پر گال رگڑتے کہا تھا۔

“ آپ بھی پر تھوڑے تھوڑے“

عریشہ نے ناک کے ساتھ ناک رگڑی تھی
عریشہ نے بہت سی سیلفیاں لی تھی۔

چلیں کیک کاٹے”۔“

عریشہ نے کہا تھا۔

اس کو پکڑ کر ٹیبل تک لائی تھی۔
پھر جھک کر کینڈل لگاتے اس کو جلایا تھا۔

exponovels

نائف پکڑ کر میر کے ہاتھ میں تھامتے کیمرا آن کر کے سیٹ کیا تھا۔

میر نے اس کا ہاتھ پکڑ کر نائف اس میں پکڑتے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا تھا
وہ بلش کر رہی تھی۔

کیک کاٹ کر اس نے اپنا ہاتھ چھڑواتے میر کے منہ میں کیک ڈالنا چاہا۔

میر نے اسکے ہونٹوں پر مل دیا۔

پھر اسکو اپنے حصار میں لیتے اس کے ہونٹوں پر اپنے لب رکھے تھے۔

جب اسکا سانس اتھل پتھل ہو گیا تو میر نے لب آزاد کر دیے۔

"آپ بہت ظلم ہیں"
عریشہ نے نظریں جھکاے کہا تھا۔

"ابھی تو تم ظلم کی انتہا دیکھو گی ہنی"

میر نے معانی خیزی سے کہا تھا۔

exponovels

"م۔۔۔میر۔۔۔۔چھوڑے۔۔۔۔۔"

عریشہ نے گرفت سے نکلنا چاہا میر نے اور گھیرا تنگ کر لیا۔

ابھی تو پہلی سزا بھی رہتی ہے اور آج اک اور ڈرامہ کر دیا۔
میر نے اس پر جھکتے کہا تھا۔

و۔۔وہ ڈرامہ تو نہیں تھا۔
عریشہ نے سرخ پڑتے کہا تھا

"تو کیا تھا؟"
میر نے پوچھا۔

"وہ تو میرا۔۔۔۔پ۔۔۔پیار۔۔۔۔تھا"
عریشہ نے کہا تھا۔

زرا پھر سے کرو نہ پیار اور اظہار"۔"

اسکے کھلم کھلے اظہار پر جزبوں سے چور لہجے میں کہتے ہوے اس پر جھکا تھا

اب سہی قابو آئی تھی۔

exponovels

"مم۔۔۔میر"

"ہاں ہنی کہو نہ ؟ یہ ہی میرا برتھ ڈے گفٹ ہو گا"
میر نے کہا تھا
عریشہ میر کو بیڈ کے قریب لے کر آئی تھی۔

عریشہ نے پلکوں کی جھلمن اٹھاتے اسکی گردن میں بازو خمائل کیے۔اک دم اسکو بیڈ پر گرایا تھا ساتھ ہی اسکے اوپر خود گری تھی۔

"میری آنکھوں میں دیکھ لیجیئے سب پتہ لگ جاے گا ہر سوال کا جواب مل جاے گا"

اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا تھا
میر اسکے کانفیڈینس پر حیران رہ گیا تھا۔

آج پہلی بار اس نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر بات کی تھی۔

یہ کانفیڈینس آپ کا ہی تو بخشا ہوا ہے۔آپ کے عشق نے مجھے یہاں تک پہنچایا ہے"۔"

" اے جامِ عشق صدقے تیری تاثیر کے"

exponovels

میر نے کہتے کروٹ بدلی تھی دونوں کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

تھینکس مائے سولمیٹ میری زندگی کو اپنے عشق سے رنگنے کا"۔"

میر کہتے اس پر جھکا تھا۔

"مم۔۔۔میر کیا کر رہے ہیں"

عریشہ نے اسکو پیچھے کرتے کہا تھا۔

"سزا دے رہا ہوں"

میر نے کہتے اسکے لب قید کر لیے

اسکے لب پھڑپھڑا کر رہ گے تھے۔

چارو ناچار اسنے خود کو میر کے حوالے کر دیا تھا۔

ہر سو چاندنی بکھری ہوئی تھی۔

ہوا رقص کر رہی تھی۔

چاند انکے ملن پر مسکرا رہا تھا۔

میر پیچھے ہٹا ہی تھا شایان رونے لگ گیا تھا۔

عریشہ گھبرا کر اٹھی تھی۔

exponovels

فریش ہو کر تیزی سے باہر آئی فیڈر بنا کر دیا۔اسکو سلاتے وہ خود بھی نیند میں جھول رہی تھی۔
اس حالت میں میر کو اس پر اور پیار آ رہا تھا۔

اس نے اسے بے بی کاٹ میں لٹایا گرنے کے سے انداز میں بیڈ پر لیٹی تھی۔میر نے جھٹکے سے کھینچتے اس پر گرفت مضبوط کی تھی

عبیرہ گلا پھاڑ پھاڑ کر رونے لگ گی میر منہ بناتا پیچھے ہو گیا۔

عریشہ کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

اس کو سلانے کے بعد جب واپس بیڈ پر آئی تو
میر نے پھر سے گھسیٹ لیا۔آنکھوں میں سرخ ڈورے تھے۔تھوڑی دیر کے بعد میر کو ترس آ گیا اس نے سونے دیا۔
❤❤❤❤

ساڑھے سات ماہ کے بعد

زویا کی طبیعت اک دم سے خراب ہو گی تھی۔
سب لے کر ہوسپٹل آے تھے۔

وہ کوریڈور میں چکر کاٹ رہے تھے۔

exponovels

جب زارا نے آکر گول مٹول سی کمبل میں لیپٹی پرنسسز کو آکر برہان کو مبارک دیتے تھمایا تھا۔
سب کے چہرے پر خوشی کی لہر ڈوری تھی۔

کچھ دیر کے بعد زویا کو کمرے میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔

سب پھولے نہ سما رہے تھے۔۔
دو تین دن کے بعد زویا کو گھر بھیج دیا گیا تھا

عریشہ نے برہان کی بیٹی کا نام زرمین رکھا تھا

عریشہ اب صحیح معنوں میں گھن چکر بنی تھی پہلے تو زویا سنبھال لیتی تھی۔اب کبھی بچوں کے پیچھے کبھی گھر کو سنبھالنے میں مصروف رہتی تھی۔ میر پل کھا کر رہ جاتا تھا۔

انابیہ بورڈنگ سکول میں تھی کبھی کبھی گھر آتی تھی

میر آفس میں بیٹھا کام کر رہا تھا۔

اسکا فون بجا تو اس نے نمبر دیکھا۔

آج پورے دو ماہ بعد عریشہ نے خود سے فون کیا تھا۔

exponovels

" میر مجھے کہیں جانا ہے اور آپ لے کر جاے گے۔شام چار بجے تک گھر آ جایئے گا"

کہنے کے ساتھ ہی اسکی سنے بناہی فون بند کر دیا تھا۔

میں ایسے ہی خوش ہو رہا تھا۔وہ بڑبڑایا تھا۔

کام نبٹا کر گھر آیا تو ہارن دیا۔عریشہ شایان اور عبیرہ کو اٹھاے باہر آ گی۔

بلو کلر کا نیٹ کا فراک بہنے ہوے تھی۔بچوں کے بھی سیم کلر میں ڈریس تھے ۔میر نے بلو تھری پیس بہنا ہوا تھا۔

وہ آ کر گاڑی میں بیٹھی تو میر نے گاڑی سٹارٹ کر دی کہاں جانے ہے

میر نے سامنے دیکھتے کہا۔

جہاں مرضی ہے لے چلیں۔

اس نے مسکراتے کہا تھا۔

کچھ دیر سوچنے کے بعد اس نے گاڑی آگے کی جانب بڑھا دی۔

exponovels

مظفرا بعد آے تھے رات کے آٹھ بج چکے تھے۔

جب ہوٹل میں داخل ہوے تو بہت سے لوگوں نے مڑ مڑ کر دیکھا تھا۔
وہ میر کی سنگت میں پرسکون تھی۔

ڈنر کرنے کے بعد جو روم بک کروایا تھا۔

ادھر آ گے۔ بچے سو چکے تھے۔

میر کھڑکی کے سامنے کھڑا تھا عریشہ پاس جا کر کھڑی ہوئی تھی۔

اسکا بازو پکڑ کر اپنے گرد رکھا تھا۔

" آئی ایم رئیلی سوری میں آپ کو اتنے دن سے ٹائم نہیں دے پا رہی تھی۔"

اس نے ساتھ لگتے کہا تھا۔

میر نے اسے دور کرتے کہا

"اوو تو آپکو یاد ہے کہ آپ کا اک عدد ہسبینڈ بھی ہے؟اور اتنے دن نہیں پورے دو ماہ""

exponovels

نو غصہ نو دوری"

"محبت ہو گی پوری پوری

عریشہ نے اس کی ٹائی کو کھینچتے اپنے قریب کیا تھا۔
میر اسکے اس طرح سے کہنے پر ہنس دیا تھا۔

"اچھاااا"

میر نے اسکی لٹ انگلی پر لپیٹتے کہا تھا۔

جی "کہتے عریشہ ہنس دی تھی۔"

میر اسے بیڈ تک لے آیا تھا
اب کیا ساری عمر شرمانے کا ہی ارادہ ہے؟

میر نے اس کے سرخ پڑتے چہرے کو دیکھتے کہا تھا۔

شایان اٹھ گیا تھا
وہ اس سے دور ہوتی اسکے پاس گی تو میر کو تپ چڑھ گی۔

اپنے پرنس چارمنگ کو سمجھا دے میرے اور آپ کے درمیان نہیں آیا کرے"۔"

exponovels

اس نے نروٹھے پن سے کہا تھا۔

"میر آپ بھی نہ ۔ابھی بچہ ہے"

عریشہ نے کہا تھا۔

ہنی اگلوں کی بھی باری آنے دے ۔وہ بھی ویٹ کر رہے ہوں گے"۔"

"کون؟"

عریشہ نے نا سمجھی سے پوچھا۔

"ہمارے ہونے والے بچے"
میر نے سنجیدگی سے کہا تو عریشہ کو ہنسی آ گی
لیکن جب بات سمجھ آئی تو چہرا جھکا گی۔
اس کو لٹا کر مڑنے لگی تو میر نے کلائی کھینچ کر قابو کر لیا۔

اسکی گردن پر بنے تل پر لب رکھ دیے تھے۔
عریشہ نے اسکے گرد بازو حمائل کرتے اسکو من مانی کرنے دی تھی۔

exponovels

زندگی دور کھڑی مسکرا رہی تھی۔

exponovels